الصَّحِیفَةُ الصَّحِیحَةُ
صَحِیفہ
ہمام بن مُنبہ
ڈاکٹر محمد حمید اللہ
ناشر: رشید اللہ یعقوب
مکان نمبر ۸ - زمزمہ اسٹریٹ نمبر ۳ - زمزمہ - کلفٹن
کراچی ۷۵۶۰۰ پاکستان

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کا اپنے شاگرد ابو عقبہ ہمام بن منبہ

ابن کامل بن شیخ الیمانی الصنعانی الانباوی کے لیے مرتب کیا ہوا

"الصحیفة الصحیحة"

موسوم بہ

صحیفہ ہمام بن منبہ

ڈاکٹر محمد حمید اللہ

ناشر: رشید اللہ یعقوب

مکان نمبر ۸ - زمزمہ اسٹریٹ نمبر ۳ - زمزمہ - کلفٹن

کراچی ۷۵۶۰۰ پاکستان

یہ کتاب بلا قیمت بطور ہدیہ تقسیم کی جا رہی ہے اور اس کی فروخت کی ممانعت ہے۔

طبع الاول.................. ۱۴۰۲ھ / ۱۹۸۳ء

جدید ایڈیشن................ ۱۴۱۹ھ / ۱۹۹۸ء

تحقیق...................... جناب ڈاکٹر محمد حمید اللہ مدظلہ العالی

تعداد...................... دو ہزار

ناشر....................... رشید اللہ یعقوب مکان نمبر ۸ زمزمہ اسٹریٹ ۳
کلفٹن۔ کراچی، پوسٹ کوڈ ۷۵۶۰۰

اہتمام طباعت :............ انٹر میڈیا کمونی کیشن کراچی

بسم اللہ الرحمن الرحیم

سبحان اللہ بحمدہ سبحان اللہ العظیم

اللھم صل علی محمد کلما ذکرہ الذکرون وکلماغفل عن ذکرہ الغافلون

قرآن کریم اللہ جل جلالہ کے احکامات کا مجموعہ ہے اور حدیث نبوی قرآن پاک کی عملی تفسیر اور اسلامی قوانین کا دوسرا اہم مصدر و ماخذ ہے۔

قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں۔

یایھا الذین امنوا اطیعوا اللہ واطیعوا الرسول واولی الامر منکم فان تنازعتم فی شیء فردوہ الی اللہ والرسول ان کنتم تؤمنون باللہ والیوم الاخر ذلك خیرو احسن تاویلاً (النساء - ٥٩)

مومنو! اللہ اور اس کے رسول کی فرمانبرداری کرو اور جو تم میں سے صاحب حکومت ہیں ان کی بھی۔ اور اگر کسی بات میں تم میں اختلاف واقع ہو تو اگر اللہ اور روز آخرت پر ایمان رکھتے ہو تو اس میں اللہ اور اس کے رسول (کے حکم) کی طرف رجوع کرو۔ یہ بہت اچھی بات ہے اور اس کا مآل بھی اچھا ہے۔

اس آیت میں اللہ جل جلالہ نے اپنی اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اطاعت کا حکم فرمایا ہے۔ اسی لیے ابتداء اسلام سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیھم اجمعین حضور اکرم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ارشادات قلمبند فرماتے تھے اور ان کی عادات و سکنات کو یاد رکھتے تھے اور اس پر عمل پیرا بھی رہتے تھے۔

الصحیفۃ الصحیحہ موسوم بہ صحیفہ ھمام بن منبہ ۵۸ھ سے پہلے کی تالیف ہے اور تدوین حدیث اور ان کی صحت کے تعلق سے ایک اہم کتاب ہے۔ اس کے مطالعہ سے یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ صحابہ کرام اور رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن مجید کے تحفظ کے ساتھ ساتھ اقوال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت کے لیے کتنی کوشش کی اور اس بات کا مکمل اہتمام کیا کہ وہ اپنی اصل میں آئندہ نسلوں تک پہنچ جائیں۔

میں نہ عالم ہوں نہ ہی علمیت کا دعوی ہے اس لیے اس صحیفہ پر کچھ کہنا مجھے زیب نہیں دیتا۔ اس کی اہمیت کا اندازہ جناب محمد رحیم الدین صاحب کے لکھے ہوئے "حرف آغاز" اور محترم و مکرم ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کے تحریر کردہ دیباچہ "حدیث نبوی کی تدوین و حفاظت" کے مطالعہ سے ہی ہو سکے گا کہ محدثین کرام نے حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حفاظت کے لیے اور انکی تحقیق کے کتنے بہترین اصول وضع کیے اور پھر اس پر خلوص نیت سے عمل کیا۔

اس کتاب کی علم حدیث میں اہمیت کے پیش نظر مجھے خیال ہوا کہ اس کو جدید طباعت میں چھپوا کر ملک و بیرون ملک کی یونیورسٹی، کالج، اسکول، دینی مدارس اور لائبریری میں بلا ہدیہ خدمت کے جذبے سے تقسیم کروادی جائے تاکہ عوام الناس خصوصا طالب علم علماء کرام، اہل دانش اور محقق حضرات اس سے مستفیض ہوں اور منکرین حدیث بھی اس سے رہنمائی حاصل کریں اور اپنی سوچ کی اصلاح کریں۔

یہ صحیفہ ۱۹۵۶ء میں حیدرآباد دکن سے شائع ہوا تھا۔ اس کے کچھ ایڈیشن محترم ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کے علم و اطلاع کے بغیر بھی شائع ہوئے۔ چونکہ یہ کاروباری نکتہ نظر سے شائع ہوئے تھے اس لیے ان کا معیار طباعت جاذب نظر نہیں تھا اور غالباً اسی لیے یہ نہایت اہم کتاب زیادہ لوگوں کے استفادہ میں نہ آسکی۔

میں نے گزشتہ سال ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب سے رابطہ قائم کیا اور اس خواہش کا اظہار کیا کہ میں اس اہم کتاب کی عمدہ طباعت کروا کے صدقہ جاریہ کے طور پر تقسیم کرنا چاہتا ہوں اگر وہ اس کی اجازت مرحمت فرمائیں۔ انھوں نے از راہ عنایت اس کی طباعت واشاعت کی اجازت دیدی۔ اس اجازت نامہ کی کاپی آخری صفحہ پر شائع کی جارہی ہے۔

یہ محض اللہ غفور رحیم کا فضل و کرم ہے کہ اس نے مجھے اس کام کی توفیق دی اور اس کے لیے وسائل عطا فرمائے۔ اللہ رب العزت میری اس خدمت کو قبول فرمائے اور ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب، میرے والدین، مسلمان و مومن مرد اور عورتوں پر اور مجھ پر رحم فرمائے۔ آمین

کراچی - پاکستان
۲۰ ربیع الاول ۱۴۱۹ھ، 15 جولائی 1998ء

احقر العباد
رشید اللہ یعقوب

نذرانہ عقیدت

بحضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم جن کا واسطہ دے کر اللہ رب العالمین سے جو مانگا سو پایا جن کے طفیل اللہ جل جلالہ' نے اس گناہ گار کو اپنے فضل و کرم سے بے حد و حساب نوازا۔

رشید اللہ یعقوب

فہرست مضامین صحیفۂ ہمام ابن منبہؒ

عنوان — صفحہ

پیش لفظ طبع رابع

صحیفہ ہمام بن منبہ ۱۹۵۳ء میں عربی میں شائع ہوئی تھی۔ اس کا اردو ترجمہ تیسری مرتبہ ۱۹۵۶ء میں حیدر آباد دکن سے طبع ہوا اس کے کئی ایڈیشن انگریزی، فرنچ اور ترکی میں شائع ہوئے۔ اور کچھ ایڈیشن بغیر علم واطلاع بھی شائع ہوئے۔ اب اس کتاب کا انگریزی جدید ایڈیشن آکسفورڈ سینٹر فار اسلامک اسٹڈیز طبع کر رہے ہیں۔

محترم رشید اللہ یعقوب صاحب اپنی طرف سے خواہش مندوں کے لئے بلا ہدیہ شائع فرمارہے ہیں۔ اللہ انہیں جزائے خیر دے۔ آمین۔

محمد حمید اللہ

۳/ذی قعدہ ۱۴۱۸ء

مختصر حالات زندگی جناب ڈاکٹر حمید اللہ صاحب دامت برکاتہم

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب ۱۶، محرم ۱۳۲۶ھ کوچہ حبیب علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کشل منڈی حیدر آباد دکن میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق جنوبی ہند کے مشہور عربی خاندان نوائط سے ہے جو ہندوستان کے مغربی ساحل کو اپنا وطن بنایا تھا۔ جو اپنی دینی اور علمی سرگرمیوں کی وجہ سے مشہور و معروف ہے۔ آپ کے اجداد کے مسلک کے مطابق حمید اللہ صاحب بھی شافعی مسلک کے پیرو ہیں۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کے دادا قاضی محمد صبغۃ اللہ بدر الدولہ ۱۲۱۱ھ۔ ۱۲۸۰ھ) اپنے اجداد کی طرح جید عالم دین تھے جنوبی ہند میں اردو (ہندوی) کے پہلے نثر نگار مانے جاتے ہیں۔ آپ نے بے شمار کتابیں لکھیں جن میں سیرت نبوی کی مشہور تصنیف "فوائد بدریہ" ہے جو مقبول عام ہے۔

ڈاکٹر محمد حمید اللہ صاحب کے والد ابو محمد خلیل اللہ صاحب ۱۲۷۴ھ۔ ۱۳۶۳ھ مددگار معتمد مال حکومت نظام حیدر آباد تھے۔ آپ نے بھی کئی کتابیں تصنیف کیں۔

ڈاکٹر صاحب کے برادر محمد صبغۃ اللہ صاحب اور محمد حبیب اللہ صاحب بھی مشہور و معروف شخصیتیں تھیں۔ ڈاکٹر حمید اللہ صاحب نے ابتدائی تعلیم اپنے والد صاحب سے حاصل کی پھر مدرسہ دار العلوم میں داخلہ لیا۔ سال بھر جامعہ نظامیہ میں

تعلیم حاصل کی۔ انگریزی کا امتحان کامیاب کر کے جامعہ عثمانیہ میں انٹرمیڈیٹ میں داخلہ لیا۔ بی۔ اے کے بعد ایم۔ اے اور ایل۔ ایل۔ بی کی ڈگری ساتھ ساتھ حاصل کی۔ Ph.D کے لئے عثمانیہ میں داخلہ لیا لیکن یونیورسٹی کی اجازت سے جامعہ بون جرمن میں مقالہ داخل کیا اور ۱۹۳۵ء میں ڈی فل کی ڈگری حاصل کی ۱۹۳۶ء میں جامعہ سوربون فرانس سے ڈی لٹ کی ڈگری بھی حاصل کی۔ یورپ سے واپسی پر جامعہ عثمانیہ میں لکچرر رہے۔ بعد میں فرانس کے (Centre National de la Recherche Scientifique) میں کام کرتے ہوئے کئی ملکوں کی جامعات میں لکچر دیتے ہوئے اپنی علمی ومذہبی تحقیقی مصروفیات کو جاری رکھا۔ تصنیف وتالیف تراجم اور تحقیق ان کا موضوع تھے۔ ۱۷۵ کتابیں اور ایک ہزار سے زائد مقالات ابتک طبع ہو چکے ہیں اور کئی مقالات غیر مطبوعہ ابھی باقی ہیں جن میں انگریزی اور جرمن تراجم قرآن بھی طباعت سے آراستہ نہیں ہوئے۔ مطبوعہ کتابوں میں سب سے معرکۃ الآراء فرانسیسی ترجمہ قرآن حکیم کا ۲۰ واں اور سیرت النبی ﷺ فرانسیسی کا پانچواں ایڈیشن زیر طبع ہے۔ ان کے علاوہ الوثائق السیاسیہ اور صحیفۂ ہمام بن منبہ، رسول اکرم کی سیاسی زندگی، قانون بین المممالک، انٹروڈکشن ٹو اسلام وغیرہ۔

یہ ساری کتابیں دنیا کی مختلف زبانوں میں ترجمہ ہو کر مقبول عام ہوئی ہیں۔ اور اسلام کے مختلف پہلو مغربی مفکروں اور عالم اسلام کے محققین کے لئے مشعل راہ بنے ہوئے ہیں۔

احمد عطاء اللہ

حرف آغاز

حدیث نبوی ﷺ کی نسبت جو قیاس آرائیاں ہو رہی ہیں اور جو مفروضے باندھے جا رہے ہیں وہ دور جدید کی نشانیوں میں سے ایک ہے۔ ہمارے بعض بھائی اس سوء فہمی میں مبتلا ہیں کہ ریسرچ کا آغاز بھی ان ہی کے ساتھ اس صدی میں جنم لیا ہے اور دریافت و تحقیق کے جو طریقے علمائے سلف نے اختیار کئے تھے اور جن پر عمل آوری کے دوران میں انہوں نے اپنی عمریں یا کم از کم سال ہا سال گزار دیئے وہ حقیقی ریسرچ نہیں ہے۔

یہ صحیح ہے کہ قدماء کی تحقیق کا نام ریسرچ نہ تھا لیکن دریافت و تحقیق کا جو مکمل طریقہ انہوں نے اختیار کیا تھا وہ برائے نام ریسرچ سے بہت بالاتر و افضل تر تھا اور اس زمانہ کے عام حالات کے مد نظر جو کام ہوا اس کا موجودہ زمانہ کی سہولتوں سے مقابلہ کیا جائے تو وہ یقیناً حیرت ناک بھی تھا۔

اگر بعض یونیورسٹیوں کا موجودہ ریسرچ زیادہ تر یہی ہو کہ مختلف کتابوں سے مواد جمع کیا جا کر ایک جدید تالیف تیار کر لی جائے تو ایسا ریسرچ نہ کیا جانا ہی بہتر ہے۔ جب تک کھرے اور کھوٹے میں تمیز، بیان کرنے والے کی علمی حیثیت اور اس کا

اخلاقی معیار دریافت نہ ہو، حوالہ کا حوالہ، ماخذ کا ماخذ، سرچشمہ کا سرچشمہ معلوم نہ کیا جائے اور سلسلہ بہ سلسلہ معیار کے برقرار رکھے جانے کا اطمینان نہ کرلیا جائے تو جو مواد جمع ہوگا وہ بڑی حد تک ناقابل اعتبار ہی ہوگا۔ واقعہ یہ ہے کہ مقابلہ و تطبیق، نتائج کا اخذ کرنا اور جدید حالات کی دریافت عمل میں لانا وغیرہ ریسرچ کے اصلی مقاصد ہیں۔ لیکن جب ذاتی غرض یا قومی پروپگنڈا، شخصی مذہب یا کسی نہ کسی ''ازم'' کا پرچار پیش نظر رہے یا خود نمائی یا حصول زر مقصود کار ہو تو ایسی تالیف کو تحقیق کا نام دینا، اصلاً علم کی تحقیر کرنا ہے۔

میں اپنے فاضل بھائیوں کو بتلانا چاہتا ہوں کہ اولاً اغیار نے اسلام کو صریحاً غلط طور پر پیش کر کے اس کی بدنامی کے درپے ہوئے اور اب جب صحیح حالات کا انکشاف ہوتا جارہا ہے تو بیرونی وار کے بجائے اندرونی طور پر افتراق کی صورتیں پیدا کی جارہی ہیں۔ اولاً قرآن مجید کو انسانی تحریر بتلانے کی کوشش کی گئی اور اس کے مضامین کا غلط طور پر ترجمہ کیا گیا۔ اس کے برخلاف غلط تصریحات کیے گئے لیکن اس کے باوجود جب حقیقت ظاہر ہونے لگی کہ جس صحیفہ کا ایک حرف آج تک نہیں بدلا اور جو احکام و مضامین کے اعتبار سے آج کل کے ''ترقی یافتہ'' قوانین سے بھی ہر طرح بالاتر ہے تو اب حدیث کی جانب توجہ منعطف ہونے گی اور اس کے مضامین کے غلط ہونے اور اس میں تحریفات وغیرہ ہونے کا ادعا آغاز کیا گیا تاکہ ایک محاذ پر مایوسی کے بعد دوسرا محاذ کھولا جائے اور فی الجملہ مذہب اسلام کو مطعون کرنے کی سعی کی جائے، افسوس اس کا ہے کہ اس پروپگنڈے کا شکار اور ایسے الزامات کے تراشنے میں ہمارے ہی بعض حضرات پیش پیش ہیں۔

اس تحریر کا مقصد یہ ہے کہ اگر ملک کے ذی فہم اور قابل افراد بخاری، مسلم،

موطا وغیرہ، پر نکتہ چینی کرنے کے بجائے اپنے وقت کو اس کوشش میں صرف کریں کہ قرآنی احکامات اور جو صحیح حدیثیں ہیں ان سے موزوں حدیثیں اخذ کر کے مسائل حاضرہ کا حل دریافت کریں تو ایسے مساعی یقیناً سب کیلئے فائدہ مند اور خود ان کے لئے موجب برکت ہوں گے اور اس سے ملت کی خدمت ہو گی، دنیا کو بھی معلوم ہو جائے گا کہ قرآن وحدیث کو اس زمانے کے اعتبار سے بھی کتنا بلند مقام حاصل ہے۔

سنت رسول اللہ ﷺ کی نسبت جو قیاس آرائیاں حالیہ دور میں ہو رہی ہیں وہ زیادہ تر مغربیت کی شان لی ہوئی ہیں۔ مغربیت کا کارنامہ اس صدی میں تعمیری کم اور تخریبی زیادہ رہا ہے، علم کا استعمال انسان سازی کے لئے ہونا چاہئے تھا لیکن اس کا رخ انسانیت سوزی کی جانب پھیر دیا گیا ہے۔ اچھی سے اچھی طاقتوں کو، فطرت کی توانائیوں کو، قدرت کے رازوں کو جو تھوڑا بہت سمجھا گیا ہے تو انسانی دماغ اولاً ان سے بربادی کے سامان پیدا کرنے کی طرف رجوع ہے۔ قدرت کی ایک معمولی شے ایٹم ہے۔ ہزار ہا سال بعد انسان کو معلوم ہوا کہ اس کم ترین جزو مادہ میں عظیم تر توانائی بھی موجود ہے اور فوراً ہی اس کو خود اپنی تباہی کا ذریعہ بنا لیا۔ یہ ہے ریسرچ کی ستم ظریفی، ایسے ریسرچ سے تو جہالت بہتر ہے۔

انسانی وجود کے لئے توازن ضروری ہے جہاں محض مادی ترقی ہو تو وہ زیادہ تر مضر اثرات ہی کی حامل ہو گی، اور انسانی دماغ کو پستی کی جانب رجوع کرے گی۔ اگر انسان اس کا انتظام نہ کرے کہ مادہ کے ساتھ ساتھ روحانی ارتقاء بھی ہو تو انسانی ذہن کی پرورش یک طرفہ ہو گی اور جب کوئی چیز یک طرفہ ترقی پاتی ہے تو دماغی توازن برقرار نہیں رہے گا اور آخر کار مجنونانہ افعال سرزد ہونے لگیں گے۔

یہی وجہ ہے کہ آج کے حقیقی سائنس داں اور محقق مثلاً البرٹ، آئنسٹائین اور

برٹنڈر سل وغیرہ بار بار توجہ دلا رہے ہیں کہ مادہ کی ترقی جو ہوئی تھی ہوئی اب اس کے ساتھ ساتھ بلکہ اس سے زیادہ حقیقی انسانیت واخلاق کی تعلیم وتربیت ہونی چاہئے ورنہ بربادی لازم آجائے گی۔

کسی بڑی چیز کا حاصل ہو جانا فیض خداوندی کا نتیجہ ہے لیکن اس کا سمجھنا، اس کے حقائق کو دریافت کرنا، اس کی تفصیلات اور اطلاقات سے مطلع ہونا اور عمل آوری کے طریقے معلوم کرنا اتنا ہی ضروری ہے جتنا کہ قدرت الٰہی پر ایمان لانا، علم کے ساتھ عمل، عمل کے لئے اس کے طریقے، موقع اور محل کی مناسبت سے علم کا اطلاق، یہ وہ ضروریات ہیں جن کے بغیر زندگی کا حقیقی مقام متعین نہیں کیا جاسکتا۔

قرآن مجید صحیفہ ربانی ہے جو تمام انسانوں اور ہر زمانہ کے لئے نازل فرمایا گیا ہے۔ یہ ایک عام قانون ہے جو دوامی طور پر نافذ ہے لیکن ہر عام قانون کے خاص قواعد ہوتے ہیں، مجمل احکام کے نفاذ کے لئے خصوصی اشکال کا تعین کرنا لازمات میں سے ہے۔ یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ موجودہ حالت میں کسی سابقہ پیغمبر کا صحیفہ اصلاً موجود نہیں ہے۔ جو بھی باقیات ہیں وہ محض قواعد یا تشریحات کی نوعیت رکھتی ہیں، ایسا ہونا ضروری بھی تھا کہ ایک صحیفہ ربانی یعنی قرآن مجید کے نازل ہوتے ہوئے سابقہ صحیفوں کا اصلاً برقرار رکھا جانا خلاف مصلحت تھا۔

ساتھ ہی ساتھ اس آخری مختتم اور مکمل صحیفہ ربانی کی تشریح اور اس کے قواعد کی تدوین بھی لازمی تھی ورنہ ہر شخص اپنی استعداد اور ہر زمانہ اپنے رنگ کے لحاظ سے ایسا عمل کرتا جن سے یک جہتی مفقود اور دنیا کا صحیح طور پر ارتقاء پانا محال ہو جاتا، اسی وجہ سے قرآنی احکام کی توضیح وتشریح لازم آئی۔ ظاہر ہے کہ اس کے لئے وہی عظیم ہستی موزوں ہوسکتی تھی جس کو خود خداوند تعالیٰ نے نزول قرآن کے لئے منتخب

فرمایا تھا۔

کتنی عجیب بات ہے کہ قرآن پہونچانے والے کے ہر قرآنی لفظ کو تو من وعن تسلم کرلیا جاتا ہے اور یہی ایمان کا تقاضہ ہے لیکن وہ جو اپنے آپ کو "اہل قرآن" بتلاتے ہیں اسی پہونچانے والے کی تشریح وتوضیح کو تسلیم کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ ایسا گریز یا تو اس وجہ سے ہوگا کہ معاذ اللہ اس عظیم تر ہستی پر اطمینان نہیں، یا یہ کہ جیسا عام طور پر کہا جاتا ہے یہ احتمال ہے کو جو تشریح اس بزرگ ہستی نے فرمائی وہ ہم تک حقیقتاً من وعن نہیں پہونچی۔ لیکن ایسی بے اطمینانی کا کوئی معقول سبب بھی ہونا چاہئے۔ ذیل میں چند وجوہ بتلائے جاتے ہیں جو موجودہ زمانہ کے محققین عموماً پیش کرتے ہیں۔

(۱) اولاً یہ کہ جن بزرگوں نے حدیث کی تدوین فرمائی وہ ریسرچ کے اصول سے واقف نہ تھے اس مفروضہ پر آج کل کے چند اشخاص جو قرآن اور عربی علوم سے عام طور پر اور علم حدیث سے خاص طور پر کماحقہ واقف نہیں ہیں یہ تجویز کررہے ہیں کہ حدیث کی تحقیق از سر نو جدید طریقوں پر کی جانی چاہئے۔

جدید طریقے کیا ہیں اور قدیم طریقے کیا تھے؟ قدیم طریقے کس طرح ناقص تھے اور جدید تجاویز کس حیثیت سے بہتر ثابت ہوں گے اولاً ان کی صراحت ہوجائے تو مناسب ہے تاکہ کوئی صحیح اندازہ کیا جاسکے۔ مناسب ہوگا کہ وہ تفصیل سے ظاہر کریں کہ

(۱) سابق میں علماء تدوین حدیث کے جن طریقوں پر شدت سے کاربند رہے وہ کیا تھے؟

(۲) قدیم طریقوں میں کیا خامیاں ہیں؟

(۳) موجودہ طریقہ کار کیا ہوگا؟

مجھے یقین ہے کہ اگر یہ اصحاب صرف (۱) ہی کی تحقیق کرلیں اور علم رجال وغیرہ کی تفصیلات سے کماحقہ، واقف ہوجائیں تو خود ان پر واضح ہوجائے گا کہ تحقیق کتنی مکمل تھی۔

(۲) دوسرا اعتراض یہ ہے کہ چونکہ حدیث کی تحریر وتدوین خود حضور اکرم ﷺ کے زمانہ میں نہیں ہوئی اس وجہ سے اس کی نسبت وثوق نہیں۔

عام طور پر یہ خیال کیا جاتا ہے کہ دوسری تیسری صدی ہجری میں تدوین حدیث کے کام کا آغاز ہوا۔ لیکن یہ خیال صحیح نہیں ہے۔ حدیث نبوی ﷺ کو اکثر وبیشتر آں حضرت ﷺ کے زمانہ ہی میں لکھ لیا گیا تھا بلکہ ایک حد تک اس کی تدوین بھی ہوچکی تھی۔

اسی اصول کے تحت خلفائے راشدین نے بھی اس خصوص میں گراں مایہ کام انجام دیا تھا گو چند وجوہ کی بناء پر انہوں نے اپنے مساعی کو ملتوی کردیا تھا۔ ایک اہم وجہ ان کے اس طرح کے عمل کی یہ تھی کہ قرآن کریم کا کام چونکہ ابھی ابھی مکمل ہوا تھا، اسی حالت میں احتمال تھا کہ لوگ خلط مبحث کریں اور کوئی نامناسب پیچیدگیاں پیدا ہوجائیں۔

بہرحال صحابہ کرامؓ رسول اللہ ﷺ سے مجتمعاً اور متفرقاً دونوں طریقوں سے حدیث کی تعلیم حاصل کرتے تھے۔ آپ سے بعض حدیثوں کو صحابہ کا ایک بہت بڑا گروہ اخذ کرتا تھا چنانچہ اکثر عملی حدیثیں جن میں نماز، زکوٰۃ، حج، وراثت، وغیرہ کے احکام کی تشریح کی گئی ہے اسی قسم کی ہیں۔ قرآن مجید کے مطالب کو رسول اللہ کبھی صرف قول سے کبھی صرف فعل سے اور کبھی ایک ساتھ قول وفعل دونوں کے ذریعہ

سے بیان فرمایا کرتے تھے مثلاً آپ نے نماز ادا فرمائی اور فرمایا:

(صَلُّوْ کَمَا رَاَیْتُمُوْنِیْ اُصَلِّیْ)

اسی طرح نماز پڑھو جس طرح تم مجھے نماز پڑھتے دیکھتے ہو۔

آپ ﷺ نے حج ادا کیا اور فرمایا:

(خُذُوْا عَنِّی مَنَا سِکَکُمْ)

مجھ سے اپنے حج کے مناسک سیکھو۔

اس لحاظ سے رسول کریم ﷺ کی حیثیت قرآن کے شارح کی ہے، آپ قرآن مجید کی مجمل آیتوں کی تشریح کرتے تھے، اس کی مطلق آیتوں کو مقید فرماتے تھے اور اس کی مشکل آیتوں کی تفسیر کرتے تھے اور اس حیثیت سے حدیث میں کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس کے مفہوم پر قرآن مجید نے اجمال سے یا تفصیل سے دلالت نہ کی ہو، البتہ اس دلالت کے مختلف طریقے ہیں:

(۱) عام صورت یہ ہے کہ قرآن مجید نے رسول اللہ ﷺ کی پیروی کو واجب التعمیل قرار دیا ہے مثلاً۔

﴿مَا آتَاکُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْہُ وَمَا نَھَاکُمْ عَنْہُ فَانْتَھُوْا﴾

(ج ۲۸ سورہ حشر ع۱)

جو کچھ رسول تمہیں دیں لے لو اور جس بات سے تمہیں منع کریں تم اس سے باز رہو۔

نیز:

﴿قُلْ: اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ﴾

(ج ۱۳ آل عمران ع ۴)

کہہ دیجئے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری اتباع کرو۔

نیز:

﴿یَا اَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا اَطِیْعُوْا اللّٰہَ وَاَطِیْعُوْا الرَّسُوْلَ﴾

(ج۵ سورہ نساء ع ۸)

مسلمانو! اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو۔

اور سب سے بڑھ کر شمع رسالت کے جگمگاتے نور (سراجاً منیراً) سے فیضیاب ہونے کے لئے صرف یہی ایک ہدایت کافی ہے کہ۔

﴿لَقَدْ کَانَ لَکُمْ فِیْ رَسُوْلِ اللّٰہِ اُسْوَۃٌ حَسَنَۃٌ﴾

(ج ۲۱ الاحزاب ع ۳)

تمہارے لئے رسول اللہ کی زندگی میں بہترین نمونہ ہے۔

قرآن مجید میں اس قسم کی آیتیں دو چار نہیں بلکہ بہ کثرت ہیں۔

(۲) ایک اور صورت یہ ہے کہ احادیث میں، نماز، روزہ، حج، زکوٰۃ، وراثت، دیت، معاشی اور معاشرتی امور وغیرہ کے عملی قواعد ہیں جو قرآن مجید ہی کے احکام کی تشریح میں مدون ہوئے ہیں۔

اس کے علاوہ عہد رسالت کے فرامین مبارک اور سرکاری مراسلے جو محاصل زکوٰۃ وغیرہ سے متعلق ہیں نیز وہ دعوت نامے جو سرکار دوعالم ﷺ نے مختلف حکمرانوں یا قبیلے کے سرداروں کے نام روانہ فرمائے تھے وہ سب کے سب احادیث اور سیرۃ کی کتابوں اور تاریخوں میں محفوظ ہیں، منجملہ ان کے ایک دعوت نامہ کا فوٹو خود اس کتاب کی زینت بنا ہوا ہے۔ انشاء اللہ آئندہ اشاعت میں مزید دعوت ناموں کے عکس بھی دیئے جائیں گے۔

حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے احادیث کا ایک کتابچہ مرتب کیا تھا، اسی طرح عبد اللہ بن عمرو بن العاصؓ نے "الصحیفة الصادقة" کو ترتیب دیا تھا، صحیفہ جابر بن عبد اللہؓ ، مسند ابی ہریرۃؓ اور عمرو بن حزمؓ کے جمع کردہ فرامین رسالت، قیمتی دستاویزات کا مجموعہ ہیں جو ہمارے تاریخی ریکارڈز ہیں۔ اس سے انکار ناممکن ہے کہ اس طرح حفظ حدیث اور یادداشتوں کے تحفظ کا سلسلہ اور تدوین حدیث کا آغاز، عہد رسالت ہی میں ہو چکا تھا۔

حضرت ابو ہریرۃؓ کا درجہ حدیث کے تعلق سے ایک بلند ترین درجہ ہے، صحابہ کرامؓ میں وہ سب سے زیادہ حافظ الحدیث تھے، انہوں نے نہ صرف حدیث کو مرتب کیا، تحریر میں لایا اور محفوظ رکھا بلکہ مختلف اجزاء کا اپنے خاص شاگردوں کو املاء بھی کرادیا۔ چنانچہ آپ نے اپنے شاگرد ابو عقبہ ہمام بن منبّہ کے لئے ایسا ہی ایک مجموعہ "الصحیفة الصحیحة" مرتب کیا تھا۔

خوش قسمتی سے یہ مجموعہ من وعن محفوظ رہا اور اسی کی اشاعت زیر نظر کتاب ہے۔ جس کو ڈاکٹر محمد حمید اللہ، مولوی فاضل، ایم اے، ایل ایل بی، پی ایچ ڈی، ڈی لٹ نے ایڈٹ کیا اور اس کیساتھ ہی دیباچہ میں تاریخ وتدوین حدیث سے متعلق بیش بہا تفصیلات بھی بیان کردی ہیں۔

صحیفہ ہمام بن منبّہ، یا ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی عالمانہ بین الاقوامی شخصیت تعارف کی محتاج نہیں، اتنا سا اشارہ کافی ہے کہ اس قدیم ترین، انمول اور نایاب کتاب کی اشاعت نے قطعی طور پر ثابت کردیا کہ یہ جو عام خیال ہے کہ بروقت تدوین حدیث کا عمل نہیں ہوا صریحاً غلط ہے، معلوم نہیں مستقبل میں ایسے ہی پوشیدہ ذخائر ڈاکٹر محمد حمید اللہ جیسے پر خلوص علماء کی تحقیق سے کتنے اور برآمد ہوں۔ اس وقت یہ ایک مستند

اشاعت اس ادعا کو غلط ثابت کرنے کیلئے کافی ہے کہ پہلی، دوسری اور تیسری صدی تک تدوین حدیث کا کام انجام ہی نہیں پایا تھا۔

ابھی حال میں ڈاکٹر محمد حمید اللہ نے یہ خوش خبری سنائی ہے کہ انقرہ یونیورسٹی ترکی کے کتب خانہ سے ہمام بن منبہ کے شاگرد رشید، معمر بن راشد کا صحیفہ بھی انہوں نے ڈھونڈھ نکالا ہے اور اس کو ایڈٹ کرنا شروع کر دیا ہے۔

معمر بن راشد کے شاگرد اور امام احمد بن حنبل کے جلیل القدر استاد عبد الرزاق بن ہمام الصنعانی الیمانی (۱۲۶۔۲۱۱ھ) کے مصنف کو استنبول ترکی، یمن، حجاز، ہند اور سندھ کے مخطوطوں کی مدد سے خود ہماری مجلس مشاورت کے قابل معتمد ڈاکٹر محمد یوسف الدین ایڈٹ کر رہے ہیں۔ مصنف عبدالرزاق، عہد رسالت اور عہد راشدہ کے آثار پر ایک طرف قدیم ترین کتاب ہے تو دوسری طرف مسند احمد بن حنبل، بخاری اور مسلم وغیرہ کے حدیثوں کا اصلی سرچشمہ ہے۔

اس کے علاوہ دوسری اور تیسری صدی ہجری کی بہت سی ایسی حدیث کی کتابیں ہیں مثلاً مصنف ابن ابی شیبہ اور مسند حمیدی وغیرہ جو اب تک منظر عام پر نہیں آئی ہیں، ابن ابی شیبہ، عبدالرزاق بن ہمام کے قریبی زمانہ کے ایک بلند پایہ محدث گزرے ہیں اور ابو بکر عبداللہ بن الزبیر بن عیسیٰ الحمیدی، امام بخاری کے اساتذہ میں سے ایک نامور استاد تھے۔ ایسے نایاب ونادر قدیم بیش بہا حدیث کے ذخیرے، دنیا کے مختلف کتب خانوں میں قلمی مخطوطات کی شکل میں موجود ہیں۔

اسلامک پبلیکیشنز سوسائٹی کے پیش نظر یہ امر ہے کہ یکے بعد دیگرے ان انمول ذخیرہ احادیث کی طباعت کا انتظام کرے، پھر صرف حدیث ہی نہیں بلکہ سوسائٹی کی کوشش ہے کہ حدیث کے علاوہ علوم اسلامیہ کے بیش بہا خزانوں، قدیم

تفسیر کی کتابوں، اسلامی قانون، اسلامی فلسفہ اور تاریخ اسلام وجغرافیہ وغیرہ کی قدیم نایاب کتابوں کو ایڈٹ کرائے اور ممکن ہو تو ساتھ ہی ساتھ ان کے ترجمے اور خلاصے بھی شائع کرے، اسی سلسلہ میں امام مالکؒ کی بے مثل کتاب ''الموطا'' کا عربی متن کے ساتھ انگریزی زبان میں ترجمہ اور شرح بحمد للہ مکمل ہو چکی ہے۔ امام مالکؒ دیار نبی ﷺ کے برگزیدہ محدث اور فقہ کے امام گزرے ہیں اور یوں موطا کا حدیث اور فقہ (اسلامی قانون) کی قدیم ترین کتابوں میں شمار ہوتا ہے جو ایک ساتھ حدیث بھی ہے اور فقہ بھی ہے۔

ملت اسلامیہ کے علمی تعاون اور سرپرستی میں انشاء اللہ ہم ان کتابوں کی اشاعت کے سلسلہ کو ممکنہ تیزی سے آگے بڑھائیں گے۔

صحیفہٗ ہمام بن منبہؒ کی اشاعت کے سلسلہ میں مولوی محمد حبیب اللہ صاحب بی اے نائب ناظم لینڈ ریکارڈ حیدر آباد کا خاص طور پر سوسائٹی کی جانب سے شکریہ ادا کیا جاتا ہے کہ ہندی مسلمانوں میں سب سے پہلے صاحب موصوف ہی نے ابتداءاً اس کے اردو ترجمہ کی جانب توجہ کی۔ عربی حصے کی طباعت کے سلسلہ میں السید حبیب عبد اللہ الیمانی صدر مصحح دائرۃ المعارف عثمانیہ یونیورسٹی اور ڈاکٹر محمد یوسف الدین کا شکریہ ضروری ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے عربی اور اردو حصہ کی طباعت اور تصحیح کے علاوہ صحیفہٗ ہمام کی حدیثوں کا بخاری اور مسلم سے تخریج احادیث کا کام بھی انجام دیا ہے۔ غرض من لم یشکر الناس لم یشکر اللہ کے تحت سوسائٹی ان سب کی بھی مشکور وممنون ہے کہ جنھوں نے اس کی طباعت میں ہاتھ بٹایا۔

وآخر دعوٰنا ان الحمد للہ رب العالمین۔

محمد رحیم الدین۔ ایم اے

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ طبع ثالث

۱۹۳۳ء میں برلین میں مجھے زیر اشاعت عربی کتاب کا ایک ناقص مخطوطہ ملا تھا، جس میں دو جگہ ایک ایک ورق ضائع ہو گیا ہے۔ میں نے اسے وہیں اپنے لئے نقل کیا اور تلاش رہی کہ اس نادر روزگار کتاب کا کوئی اور نسخہ مل جائے تو تکمیل بھی ہو اور اشاعت کی طرف توجہ بھی کی جائے۔ پورے بیس سال بعد اللہ نے یہ آرزو پوری کی۔ وله الحمد والمنّة۔

دمشق کی عربی اکاڈیمی نے اپنے موقرسہ ماہی رسالے "مجلة المجمع العلمي العربي" ۱۹۵۳ء، ۱۳۷۲ھ کے چاروں نمبروں میں اولاً اسے بہ اقساط طبع کیا۔ پھر اسے بعض اصلاحوں کے ساتھ الگ کتابی صورت میں بھی شائع کیا۔ عربی میں ہونے کے باوجود ہندی مسلمانوں میں اس نے اتنی مقبولیت حاصل کی کہ یہ میرے بڑے اور محترم بھائی مولانا محمد حبیب اللہ صاحب نے شدید مصروفیتوں اور علالت کے باوجود اس کا ترجمہ فرمایا اور ہوائی ڈاک سے میری نظر ثانی کے لئے بھیجے ہوئے اردو ایڈیشن کی خواہش کی۔ اس اثناء میں میرے پاس کچھ اور مواد بھی جمع ہو گیا اور ادھر عربی ایڈیشن بھی ختم ہو گیا۔

ان حالات میں مناسب معلوم ہوا کہ اصل عربی کتاب کا ایک نیا ایڈیشن شائع کیا جائے اور دیباچہ کو عصری بنایا جائے، چنانچہ ایک تو اصل صحیفۂ ہمام شائع کیا جارہا ہے، دوسرے نہ صرف اس کا بلکہ سابقہ عربی دیباچے کا بھی (ضروری اصلاح وترمیم کے بعد) اردو ترجمہ جو برادر محترم نے کیا ہے، شامل کیا جارہا ہے، یہ دیباچہ بتائے گا کہ حدیث نبوی کی تاریخ میں صحیفۂ ہمام کو کیا درجہ اور کیا اہمیت حاصل ہے۔

میں بہتوں کا ممنوں بھی ہوں اور خوشہ چین بھی۔ خاص کر دو کا ذکر ضروری معلوم ہوتا ہے، ایک تو جامعہ کلکتہ کے پروفیسر محمد زبیر صدیقی ہیں۔ مخطوطہ ثانی کا اصل میں انہیں نے پتہ چلایا اور پھر وفور ایثار سے اس کی اشاعت کے لئے میرے حق میں دست بردار ہوگئے۔ تدوین حدیث پر آپ کے بعض گراں قدر مقالوں سے بھی میں نے استفادہ کیا ہے۔ دوسرے استاد محترم مولانا مناظر احسن گیلانی مدفیوضہ ہیں۔ یہاں آئندہ اوراق میں دیباچے میں جو کچھ لکھا گیا ہے وہ اصل میں اسی آفتاب کی ماہتاب وار ضیاپاشی ہے۔ جزاهما الله حق الجزاء۔

محمد حمیداللہ

پاریس ۔ فرانس

دیباچہ

حدیث نبوی کی تدوین و حفاظت

تمہید :

اللہ کا پیام اس کے بندوں تک بہت سے پیغمبروں نے پہنچایا مگر بد بخت انسان عموماً برادر کشی کے جذبے میں اس کو نیست و نابود کرتا رہا۔ صحف آدم و شیث و نوح تو بہت دور ہیں، "صحف ابراہیم" بھی جن کا قرآن مجید (سورہ ۸۷ آیت ۱۹) میں ذکر ہے، اب کہاں ہیں؟ اسی بد بخت انسان نے تورات موسیٰ کے ساتھ یہ برتاؤ کیا کہ اس کے سارے نسخے تباہ کر دیے، زبانی یاد سے اس کے کچھ حصوں کا اعادہ ہوا تو کچھ عرصہ بعد ایک مرتبہ اور اسے یہی مصیبت اٹھانی پڑی۔

ہمارے پاس اب تیسری مرتبہ کا نسخہ ہے [1] اور جیسا ہے اس سے سب واقف ہیں۔ تالمود، مشنا اور ہگادا، وغیرہ کے نام سے یہودی احبار نے بعد کے زمانوں میں جو چیزیں لکھیں ان کے "اصر و اغلال" (قید و بند) کی شدت سے خدائے رحمان کو اپنے بندوں پر پھر ترس آیا اور حضرت عیسیٰ پیام محبت و مرحمت لے کر مبعوث ہوئے۔

(۱) تفصیل کیلئے ملاحظہ ہو: انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا عنوان "بائبل" ذیلی سرخی "اولڈ ٹسٹمنٹ"۔

انسان نے آپ کو تین چار سال بھی چین سے پرچار کا موقع نہ دیا۔ آپ وعظ ضرور کرتے رہے لیکن روپوشی کی دائمی ضرورتوں، اور امت کے اجڈپن سے اس کا موقع کہاں کہ اپنی انجیل کا املاء کراتے یا اپنے مواعظ کے قلمبند ہونے کا انتظام کرتے۔ آپ کے اس دنیا سے پردہ فرمانے کے بعد آپ کے شاگردوں اور شاگردوں کے شاگردوں وغیرہ نے عرصہ بعد اپنی یادداشتیں مرتب کیں۔ ایسی ہر یادداشت انجیل (یعنی بشارت وخوش خبری) کے نام سے موسوم ہوئی، ان انجیلوں کی تعداد بھی کثیر ہوگئی، اور ان کے آپس کے اختلافات بھی شدید ہوگئے تو ان میں سے چار کا کسی نہ کسی طرح انتخاب کیا گیا[1]۔ یہ مستند انجیلیں قرآن سے زیادہ حدیث سے مشابہت رکھتی ہیں یعنی صحابہ اور تابعین اپنے نبی کے ملفوظات کو جمع کرتے ہیں۔ لیکن ان کی قدر وقیمت کی یہاں جانچ کا موقع نہیں ہے۔ صرف اس بات کی طرف اشارہ کافی ہوگا کہ ان انجیلوں میں کہیں عقیدہ تثلیث کا ذکر نہیں بلکہ توراتِ موسیٰ کی توثیق اور وحدانیت ربانی کی ہی تعلیم ہے، لیکن آج نصرانیت اور تثلیث لازم وملزوم ہوگئے ہیں۔

سنت اللہ کے مطابق پھر ایک اور قوم کا کلام ربانی کی حفاظت کے لئے انتخاب ہوا۔ یہ عرب تھے مگر کیسے ؟۔

امی عرب:

سامی نسل کے چند قبیلے صحرائی اور ریتلے براعظم عرب میں رہتے تھے۔ کچھ

---

(۱) تفصیل کے لئے دیکھئے: انسائیکلوپیڈیا آف برٹانیکا عنوان "بائبل" ذیلی سرخی "نیو ٹسٹمنٹ" میں بتایا گیا ہے کہ "یقین کے ساتھ نہیں کہا جاسکتا کہ یہ چاروں کب اور کہاں مدون کی گئیں" اسی میں بتایا گیا کہ "انجیل متی کو دوسری صدی میں مدون کیا گیا"۔

ساحلی رقبہ کو چھوڑ کر، یہ زیادہ تر خانہ بدوش لوگ تھے۔ ان کے وطن میں پانی کی کمی کیا تھی کہ وسائل تمدن ناپید تھے۔ جس زمانے میں بین الممالک تجارت محض تبادلہ اشیاء پر منحصر ہو اور عرب میں نہ تو زرعی اور نہ کوئی اور قدرتی ثروت ہو تو وہاں کے تمدن کی ترقی جتنی سست رہ سکتی ہے، وہ ظاہر ہے۔

چنانچہ علم اور تدوین علم کے سلسلے میں حروف تہجی کے استعمال کی ضرورت تھی، ان کی زبان میں اعراب کو چھوڑ دیں تو اٹھائیس آوازیں، یا حروف صحیح تھے۔ کسی زمانہ میں انہوں نے کہتے ہیں کہ حیرہ (حالیہ کوفہ۔ عراق) والوں سے لکھنا سیکھا۔[1] اور ان کے حروف تہجی کو اپنی زبان کے لئے استعمال کیا۔ یہ وہی حروف تہجی ہیں جن میں اب ہم اور عرب ہر دو اپنی زبانیں لکھتے ہیں۔ لیکن اسلام سے پہلے اس خط کی کیا حالت تھی؟ دوسری تمام کوتاہیوں کو چھوڑ بھی دیں تو محض یہ امر کہ اس میں زبر، زیر کا اعراب تو کیا حروف کے نقطے بھی نہ تھے، ابجد ہوز کے اٹھائیس حروف میں سے لفظ کے شروع میں (ب، ت، ث، ن، ی)، (ج، ح، خ)، (د، ذ)، (ر، ز)، (س، ش)، (ص، ض)، (ط، ظ)، (ع، غ)، (ف، ق) میں آپس میں کوئی فرق نہ تھا۔ اور ہر چیز محض اٹکل پر پڑھی جاتی تھی۔ اس پر عربی زبان کی زرخیزی واقعی روشنی طبع کیا تھی بلائے جان تھی۔ ایک معمولی مثال لیجئے؟ (قبل) اسے فیل (ہاتھی) پڑھیں، قیل (کہا گیا)، قبل (پہلے) قتل، (جان سے مار ڈالا) یا فتل (رسی بٹنا)؟ بعض وقت کسی جملے میں سیاق و سباق ایک سے زیادہ متبادل صورتوں کا امکان رکھتا ہے۔

دوسری مصیبت یہ تھی کہ بدویت اور روزگار کی دشواری سے اس کا موقع کہاں تھا کہ لوگ لکھنے پڑھنے کی طرف توجہ کریں؟ اور توجہ کریں بھی تو کیا لکھیں، اور

---

(۱) تفصیل کے لئے بلاذری: فتوح البلدان ص ۴۷۱ تا ص ۴۷۲ ملاحظہ ہو۔

کیا پڑھیں، کہ علمی تحقیق و ترقی کا ملک کو نہ موقع ملا تھا۔ اور نہ اس کی ضرورت محسوس ہوئی تھی۔ بڑے سے بڑے حضری مرکز، بستی اور شہر میں بھی، جہاں تاجر اپنے وصول طلب قرضوں کی یادداشت لکھتے ہوں گے، پندرہ بیس آدمیوں سے زیادہ لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے۔ کچھ اندازہ ان مثالوں سے ہو گا:

تقریباً ۷ھ میں جواثا (مشرق عرب، علاقہ الحساء) جیسے بڑے مقام پر رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک تبلیغی خط بھیجا تو راوی کہتے ہیں کہ سارے علاقے اور قبیلہ میں ایک شخص بھی نہ تھا جو خط کو پڑھ سکے۔ لوگ تلاش اور انتظار کرتے رہے تا آں کہ ایک بچہ ملا جس نے خط پڑھ کر سنایا۔[1] تقریباً اس زمانے یا کچھ بعد کا واقعہ ہے کہ النَّمِر بن تولَب مسلمان ہوئے یہ ایک بڑے قبیلے کے سردار تھے اور اتنے بڑے شاعر کہ ان کی نظموں کا ایک دیوان تیار ہوا ہے۔ انہیں ان کے قبیلہ عکل (یمن) کا سردار مامور کر کے ایک تحریری پروانہ بارگاہ رسالت سے عطا ہوا۔ بازار میں آکر یہ پوچھنے لگے: کیا آپ لوگوں میں کسی کو پڑھنا آتا ہے؟ یہ خط پڑھ کر مجھے سنائیے۔[2]

عہد اسلام میں عربوں کی تیز گام علمی ترقی:

اس میں کوئی حیرت کی بات نہیں کہ زمانہ جاہلیت میں باشندگان عرب نے لکھنے پڑھنے اور اپنے معلومات کی تدوین کرنے کی طرف اتنی توجہ نہ کی جتنی اسلام قبول کرنے کے بعد۔ لیکن حیرت اس پر ہوتی ہے کہ ان کی امیت و جاہلیت کے اور ہر قسم کے علوم و فنون سے ان کے والہانہ اعتناء کے درمیان زمانہ اتنا مختصر ہے کہ پرانی تاریخ

(۱) میری کتاب الوثائق السیاسیہ (نمبر ۷۷) دیکھیے۔

(۲) الوثائق السیاسیہ نمبر ۲۳۳۔

عالم میں اتنی تیز علمی ترقی کی کوئی اور مثال نہیں ملتی۔ کہتے ہیں کہ بعثت نبوی کے وقت شہر مکہ میں سولہ سترہ سے زیادہ آدمی لکھنا پڑھنا نہیں جانتے تھے،[1] شہر مدینہ میں تو اس سے بھی کم عرب یہ فن جانتے تھے، لیکن دوسری صدی ہجری ہی سے عربی زبان، علمی نقطہ نظر سے دنیا کی متمول ترین زبانوں میں شامل ہو گئی تھی، یہ کیسے ہوا؟

اسلامی حکومت کا آغاز ۱ھ، ۶۲۲ء میں ہوا، جب کہ پیغمبر اسلام ہجرت کر کے مدینہ جا بسے۔ مگر اس وقت وہ ایک چھوٹے سے شہر کے بھی صرف چند حصوں پر مشتمل تھی کیونکہ باقی مدینہ، یہودیوں یا تا حال اسلام نہ لائے ہوئے عربوں کے قبضے میں تھا۔ اس زمانے میں جزیرہ نمائے عرب میں سینکڑوں قبیلے کیا تھے کہ حقیقت میں سینکڑوں ہی خود مختار مملکتیں تھیں جن میں ہر ایک دوسرے سے مکمل آزاد تھی۔

۶ھ کے اواخر میں، جب مسلمانوں اور مکہ والوں میں صلح ہوئی تو اس وقت تک بھی یہ اسلامی مملکت چند سو مربع میل سے زیادہ رقبے پر مشتمل نہ ہو سکی تھی[2] لیکن اس کے بعد پانچ سال بھی نہیں گزرے تھے کہ جب ۱۱ھ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہوئی تو اسلامی مملکت تقریباً دس لاکھ مربع میل علاقے (پورے عرب اور جنوبی فلسطین) پر پھیل چکی تھی۔ اس پر مشکل سے پندرہ سال گزرے تھے کہ حضرت عثمانؓ کی خلافت کے زمانے (۲۶ھ) میں، ایک طرف طبری[3] کے مطابق،

---

(۱) تفصیل کے لئے بلاذری: فتوح البلدان ص ۴۷۲ باب "خط کی ابتداء" ملاحظہ ہو۔ مورخ بلاذری نے ان سترہ آدمیوں کے نام بھی گنوائے ہیں۔

(۲) تفصیلات اور نقشے کے لئے دیکھئے میری کتاب "رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیاسی زندگی" ص ۱۱۵ و مابعد "صلح حدیبیہ"۔

(۳) تاریخ طبری، طبع یورپ ص ۲۸۱۷ و مابعد، نیز گبن: تاریخ زوال و انحطاط سلطنت روما ج ۵ ص ۵۵۵ مطبوعہ آکسفورڈ یونیورسٹی پریس۔

سارے شمالی افریقہ سے گزر کر اسلامی فوجیں اندلس میں داخل ہو چکی تھیں، تو دوسری طرف بلاذری [۱] کے مطابق وہ دریائے جیحون (oxus) کو عبور کر کے ماوراء النہر یعنی چین میں گھس گئی تھیں۔ اس کی توثیق، ہمعصر چینی تاریخوں سے بھی ہوتی ہے۔ [۲] جنوب میں یہ لشکر خود حضرت عمرؓ کی خلافت میں تھانہ (بمبئی یا گجرات) اور دیبل (ٹھٹہ، قریب کراچی) تک [۳] اور شمال میں آرمینیا اور اس سے بھی آگے تک پہنچ چکے تھے [۴]۔

یہ وہ زمانہ ہے جب مسلمان عرب اپنے حریفوں سے نہ تعداد میں اور نہ ہی سازوسامان میں کوئی نسبت رکھتے تھے۔ اسی طرح بیز نطینی (رومیوں) اور ایرانیوں میں، جن سے انہیں سابقہ پڑا تھا، خود فنون حرب وقتال جس بلند درجے پر پہنچے ہوئے تھے، اس کا بیچارے بدویوں کی حالت سے مقابلہ کرنے کا سوال بھی نہیں پیدا ہوتا۔ مزید برآں یہ مسلمان عرب اپنے گھروں اور خیموں سے کسی لوٹ مار یا زمانہ جاہلیت کی غارت گری کے لئے بالکل نہیں نکلے تھے۔ بلکہ صرف اس لئے کہ اللہ ہی کا بول بالا ہو (لتكون كلمة الله هي العليا)

اصل میں ان کی جبلی صلاحیتیں اور اسلامی تربیت ہی اس بات کی ذمہ دار تھیں کہ اس نتیجے تک پہنچیں۔ ان کے لئے فتوحات سیف ہوں کہ فتوحات قلم، دونوں ایک ہی چیز کے دو پہلو، اور ایک ہی باعث ودواعی کے دو مظاہر تھے۔ ہمارے کرم فرماؤں کو اس کا یقین نہیں آتا۔ اگر فتوحات سیف میں خود ان کے مقبوضات ہاتھ سے نہ گئے

(۱) بلاذری: فتوح البلدان، طبع یورپ ص ۴۰۸۔

(۲) حوالوں کے لئے بارتولڈ کی انگریزی کتاب "ترکستان" ص ۶۔

(۳) بلاذری: فتوح البلدان ص ۴۳۸ باب فتوح السندھ۔

(۴) تاریخ طبری حالات ۱۹ھ۔

ہوتے تو شاید محض اسلامی تاریخوں میں اس کا ذکر دیکھ کر اس کے وجود سے بھی اسی طرح انکار کر بیٹھتے جس طرح فتوحات قلم کے متعلق ان کا رویہ ہے۔

یہاں ہمیں آغاز اسلام کی شمشیر زنی (اور جسم انسانی کے علم جراحی) اور اس کے ارتقاء سے بحث نہیں، ہم اس دور کی قلم آرائی (اور ذہن انسانی کی تربیت واصلاح) پر اکتفا کریں گے۔

پیغمبر اسلام کی تعلیمی سیاست:

سب جانتے ہیں کہ پیغمبر اسلام امی تھے، قرآن شہادت دیتا ہے کہ آپ کو نہ پڑھنا آتا تھا، نہ لکھنا!

﴿وَمَا كُنْتَ تَتْلُوا مِنْ قَبْلِهِ مِنْ كِتٰبٍ وَّلَا تَخُطُّهٗ بِيَمِيْنِكَ إِذًا لَّارْتَابَ الْمُبْطِلُوْنَ﴾ (سورہ ۲۹ ع۵ آیت ۴۸)

اس سے پہلے نہ تو کوئی کتاب پڑھتا تھا اور نہ اسے اپنے سیدھے ہاتھ سے لکھتا تھا ورنہ باطل پرست شک میں پڑ جاتے۔

یہ کتنا ولولہ انگیز امر ہے کہ نبی امی کو سب سے پہلے جو وحی ربانی ہوئی وہ لکھنے کی تعریف اور پڑھنے کے حکم ہی پر مشتمل تھی:

﴿اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِيْ خَلَقَ ، خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ، اِقْرَاْ وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ ، الَّذِيْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ ، عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَالَمْ يَعْلَمْ﴾ (سورہ ۹۶ آیت ۱ تا ۵)

پڑھ اپنے رب کے نام سے جو خالق ہے۔ جس نے انسان کو جمے ہوئے خون کے قطرے سے پیدا کیا۔ پڑھ کہ تیرا بزرگ و برتر رب وہ ہے جس نے قلم کے ذریعے سے تعلیم دی اور انسان کو سکھایا جو وہ نہ

جانتا تھا،

یہاں "اِقْرَأْ" کے معنی پڑھنے ہی کے ہو سکتے ہیں۔ معمولی پیام پہنچانے کے نہیں۔ (جیسے محاورہ یقرئك السلام میں ہوتے ہیں) کیونکہ سیاق عبارت میں قلم کی تعریف اور اس کے ذریعہ علم ہونے کا ذکر ہے۔ غرض نبی امی نے امت کو اللہ کا جو پہلا حکم پہنچایا۔۔۔اور جس کی عمر بھر تعمیل کرائی۔۔۔وہ پڑھنے اور لکھنے ہی کے متعلق تھا۔اور آپ، جیساکہ قرآن میں بیان ہوا ہے:

﴿فِى الْأُمِّيِّيْنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ﴾ (سورہ ۶۲ع ۱ آیت ۲)

یعنی امیوں میں انہیں میں کے ایک رسول تھے جو ان پر اس یعنی خدا کی آیتیں تلاوت فرماتے ان کو تزکیہ نفس سکھاتے اور ان کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتے۔

اسی طرح آپ وقتاً فوقتاً نازل ہونے والی آیتوں اور سورتوں کے فوراً لکھانے کا انتظام فرماتے، جو تزکیہ اخلاق اور تعلیم ذہنی پر مستزاد تھا۔

مگر ہم وطنوں نے آپ کی بات کم مانی، اور آپ کو، آپ کے ساتھیوں کو، جو خدا کی راہ میں ساتھ دے رہے تھے، طرح طرح سے ستانا شروع کیا، [1] جب اذیت کا پانی

---

(۱) اس زمانے میں بھی چند مدینے والے مسلمان ہوئے تو وہاں ایک معلم بھیجا گیا (یعنی حضرت مصعب بن عمیر جو مقری کہلاتے تھے) تاکہ لوگوں کو قرآن، فقہ اور دینیات کی تعلیم دیں۔ یہ ہجرت سے قبل کا واقعہ ہے (دیکھو سیرت ابن ہشام ص ۲۸۹ تا ص ۲۹۰)۔ اسی طرح بخاری میں ہے "براء صحابی کہتے ہیں کہ صحابہ میں اول مدینہ میں مصعب بن عمیر اور ابن ام مکتوم آئے اور قرآن کی تعلیم دینے لگے" (بخاری، کتاب التفسیر)

سر سے اونچا ہو گیا، تو جو لوگ ہجرت کر سکتے تھے، گھر بار چھوڑ کر مدینہ چلے گئے اور آخر آپ ﷺ بھی ان سے جا ملے، اور وہاں امت کی سیاسی تنظیم و تشکیل شروع فرمائی۔ ہجرت کے بعد جو سورہ سب سے پہلے نازل ہوئی، وہ سورہ بقرہ ہے۔ اور اسی میں مشہور آیت مداینہ (اصول قرض دہی) بھی ہے:

﴿یَآ اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْآ اِذَا تَدَایَنْتُمْ بِدَیْنٍ اِلٰی اَجَلٍ مُّسَمًّی فَاکْتُبُوْہُ ..... وَاسْتَشْھِدُوْا شَھِیْدَیْنِ مِنْ رِّجَالِکُمْ فَاِنْ لَّمْ یَکُوْنَا رَجُلَیْنِ فَرَجُلٌ وَّامْرَاَتَانِ..... وَلَا تَسْئَمُوْآ اَنْ تَکْتُبُوْہُ صَغِیْرًا اَوْ کَبِیْرًا اِلٰی اَجَلِہٖ ذٰلِکُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰہِ وَاَقْوَمُ لِلشَّھَادَۃِ وَاَدْنٰی اَلَّا تَرْتَابُوْآ﴾

(قرآن سورۂ بقرہ ۲ ع ۳۸ آیت ۲۸۲)

اے وہ لوگو جو ایمان لائے ہیں، جب تم آپس میں کوئی قرض دہی کسی معینہ مدت کیلئے کرو تو اسے لکھ لیا کرو..... اور اپنے مردوں میں سے دو گواہوں کی شہادت حاصل کرو۔ اور اگر دو مرد نہ ہوں تو ایک مرد اور دو عورتیں..... اور کاہلی نہ کرو اس کے لکھنے سے چھوٹا ہو یا بڑا اس کے وعدہ تک۔ یہ اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کی بات ہے اور گواہی کے لئے زیادہ سیدھی اور مضبوط، اور اس بات سے زیادہ قریب ہے کہ تم شک میں نہ پڑو۔

اس آیت کے نازل ہونے سے لکھنے پڑھنے پر توجہ بڑھ ہی گئی ہوگی۔[1]

(۱) قرض دہی کے علاوہ حدیثوں میں وصیت کو بھی لکھ رکھنے کا حکم ہے۔ چنانچہ عبد اللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ "رسول اللہ ﷺ نے فرمایا" کسی مسلمان کو جس کے پاس وصیت کے لائق کچھ مال و دولت ہو تو یہ مناسب نہیں کہ دو راتیں اس طرح گزارے مگر یہ کہ اس کی وصیت اس کے پاس لکھی ہوئی رکھی ہو۔ (اِلَّا وَصِیَّتُہٗ مَکْتُوْبَۃٌ عِنْدَہٗ)" (بخاری ج ا کتاب الوصایا)۔

لکھنے پڑھنے کی عام ترویج کا انتظام:

مدینہ منورہ آنے کے بعد رسول اکرم ﷺ نے سب سے پہلا کام جو کیا وہ مسجد نبوی کی تعمیر تھی۔ اس عمارت کے ایک حصہ میں سائبان اور چبوترہ (صُفّہ) بنایا گیا۔ یہ اولین اسلامی اقامتی جامعہ تھی۔ رات کو طلبہ اس میں سوتے، اور اساتذہ مامور کیے گئے جو دن کو انہیں وہاں لکھنے پڑھنے اور مسائل دین وغیرہ کی تعلیم دیتے، چنانچہ عبداللہ بن سعید بن العاصؓ جو خوشخط تھے، اور زمانہ جاہلیت میں بھی کاتب کی حیثیت سے مشہور تھے۔ انہیں وہاں لکھنا سکھاتے [1]۔ اسی طرح عبادہ بن الصامت سے مروی ہے کہ انہیں رسول اکرم ﷺ نے اس بات پر مامور کیا کہ صُفّہ میں لوگوں کو لکھنا سکھائیں اور قرآن پڑھائیں [2] مدینے میں ۲ھ میں ایک اور اقامتی درسگاہ دار القراء کا بھی پتہ چلتا ہے [3]۔

ہجرت پر مشکل سے ایک سال گزرا تھا کہ رمضان ۲ھ میں بدر کا معرکہ پیش

---

(۱) اسد الغابہ لابن الاثیر ۱۷۵/۳۔ استیعاب لابن عبد البر جلد دوم ص ۳۹۴۔ الاصابہ لابن حجر نمبر (۱۷۶۹) ان کا نام زمانہ جاہلیت میں الحکَم تھا۔ رسول اللہ نے عبداللہ سے موسوم فرمایا، صفہ کی درس گاہ میں تعلیم پانے والوں کی کثیر تعداد کا اندازہ اس سے ہوتا ہے کہ ایک قبیلہ تمیم سے ۷۰، ۸۰ طلبہ آئے تھے، ابن عبد البر لکھتے ہیں:

كان في وفد تميم سبعون او ثمانون رجلاً فاسلموا ويقيموا في المدينة مدة يتعلمون القران والدين. (قبیلہ تمیم سے ستر یا اسی اشخاص اسلام لائے اور مدینہ میں ایک مدت تک ٹھہر کر قرآن سیکھا اور دینی تعلیم حاصل کی) (استیعاب)

(۲) التراتیب الاداریہ لعبد الحی الکتانی ۴۸/۱ (بحوالہ ابوداؤد)

(۳) الکتانی ۵۶/۱۔

آیا جس میں دشمن کی تعداد مسلمانوں سے تگنی تھی[1] پھر یہ کامیاب رہے اور بہت سے قیدی ہاتھ آئے۔ ان اسیروں سے جو برتاؤ کیا گیا اس پر آدمی سر دھننے پر مجبور ہو جاتا ہے، چنانچہ دشمن کی رہائی کا فدیہ یہ مقرر کیا گیا کہ جو قیدی لکھنا پڑھنا جانتا ہو وہ دس دس مسلمان بچوں کو اس فن کی تعلیم دے۔[2] کیوں نہ ہو کہ "نبی الملحمة"[3] ساتھ ہی "مدینة العلم"[4] بھی تھا۔

بعض دقیقہ رس محدثوں نے اس واقعہ کا خوب عنوان باندھا ہے "مشرک کو استاد بنانے کا جواز" یہ کوئی اتفاقی واقعہ نہ تھا بلکہ تعلیم پھیلانے کے متعلق مستقل سیاست ہی کی پیش رفت و تعمیل تھی۔

رسول کریم ﷺ اکثر فرمایا کرتے: "بُعِثْتُ مُعَلِّمًا"[5] (میں معلم بنا کر بھیجا گیا ہوں) اسی طرح آپ بچوں کو حکم دیا کرتے تھے کہ اپنے پڑوسیوں سے علم سیکھیں[1]۔

---

(۱) مسلمانوں کے پاس تین سو سے کچھ ہی زائد سپاہ تھی، دشمن کی تعداد مورخوں نے ساڑھے نو سو لکھی ہے (طبری ص ۱۲۹۸، ص ۱۳۰۴، نیز ابن ہشام ص ۴۴۳) تفصیل کیلئے دیکھئے میری کتاب: عہد نبوی کے میدان جنگ، عنوان "غزوہ بدر"۔

(۲) طبقات ابن سعد، ۲/۱ ص ۱۴، سہیلی: الروض الانف جلد ۲ ص ۹۲، مسند احمد بن حنبل ۲۴۷/۱، نیز کتاب الاموال ص ۱۱۶ نمبر ۳۰۹۔ مصنف عبدالرزاق میں بھی اس کا تفصیلی تذکرہ ہے۔

(۳) ابن تیمیہ، ذہبی، ماوردی، طبری وغیرہ نے اسے حدیث قرار دیا ہے۔ طبرانی کبیر میں ابو موسیٰ روایت کرتے ہیں: "أنا نبيُّ الملحمة، أنا مَدِيْنَةُ الْعِلْمِ. مستدرک، حاکم، طبرانی کبیر، اس کے راوی ہیں، جامع صغیر ج ۱ ص ۲۶۹۔

(۴) چاہے یہ الفاظ حدیث میں ثابت نہ ہوئے ہوں، مفہوم کی صحت پر کسی کو اعتراض نہیں۔

(۵) سنن ابن ماجہ، باب فضل العلماء، ابن عبدالبر، مختصر بیان العلم ص ۱۵ نیز مشکوٰۃ، کتاب العلم بحوالہ دارمی۔

اور اپنے پڑوس کی مسجد میں سبق پڑھا کریں۔[2] مورخ بلاذری نے ذکر کیا ہے کہ عہد نبوی میں مدینہ میں نو مسجدیں تھیں۔[3] پنج وقتہ نمازیں لوگ وہیں پڑھتے لیکن نماز جمعہ کے لئے رسول اکرم ﷺ کے ساتھ مسجد نبوی میں جمع ہو جاتے۔ مورخ بیان کرتے ہیں کہ اہل جواثانے (جو بحرین یعنے موجودہ الحسا میں ہے) ایک مسجد تعمیر کی جو مدینہ کی مسجد کے بعد پہلی جامع مسجد تھی۔ اصل میں آں حضرت ﷺ نے انہیں لکھ بھیجا تھا کہ "فلاں فلاں جگہ مسجد بناؤ۔۔۔ اور ایک روایت میں: مسجد بناؤ اور فلاں فلاں کام کرو۔۔۔۔۔ ورنہ میں تم سے جنگ کروں گا۔[4] یقیناً یہاں بھی درس و تدریس کا انتظام ہوا ہوگا۔

اسی طرح جب عمرو بن حزمؓ کو یمن کا عامل (گورنر) بنا کر بھیجا گیا تو انہیں فرائض منصبی کے متعلق ایک تحریری ہدایت نامہ دیا گیا، اس میں انتظامی امور کے علاوہ تعلیم کی اشاعت کے بھی احکام ہیں۔[5]

مورخ طبری نے ۱۱ھ کے واقعات میں لکھا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے معاذ بن جبلؓ کو ناظر تعلیمات بنا کر یمن بھیجا، جہاں وہ ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں دورہ

---

(۱) الکتانی: التراتیب الاداریہ ج ۱ ص ۴۱، بحوالہ اصابہ، ابزالخزاعی۔

(۲) ابن عبدالبر: مختصر، بیان العلم ص ۴۱۔

(۳) بلاذری: انساب الاشراف (مخطوط قاہرہ) ج ۱ ص ۴۲۰۔

(۴) پورا متن میری کتاب: الوثائق السیاسیہ میں نمبر (۷۷) بحوالہ بخاری، ابن طولون، یاقوت وغیرہ دیکھئے۔

(۵) الوثائق السیاسیہ نمبر (۱۰۵) بحوالہ ابن ہشام، طبری وغیرہ۔ ابن عبدالبر لکھتے ہیں: استعملَ رَسُوْلُ اللّٰہ صَلَّی اللّٰہ عَلَیْہِ وَسَلَّم عمرو بن حزم علی اھلِ نجران وَھُوَ ابن سبع عشرۃَ سنۃً لیتفقھم فی الدین ویعلم القرآن (رسول اللہ ﷺ نے عمرو بن حزم کو اہل نجران پر گورنر بنا کر بھیجا۔۔۔۔۔ اور وہ سترا سال کے تھے۔۔۔۔۔ کہ قرآن پڑھائیں اور دینی تعلیم دیں۔ (ابن عبدالبر: الاستیعاب)

کیا کرتے اور مدارس کی نگرانی وانتظام کرتے۔[1]

مرد ہی نہیں، عورتیں بھی اس تعلیمی سیاست کا موضوع تھیں، آں حضرت ﷺ نے ہفتہ میں ایک دن عورتوں کی تعلیم وتذکیر کے لئے مخصوص فرمارکھا تھا۔[2] موطا کی حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ام المومنین حضرت عائشہؓ اور ام المومنین حضرت حفصہؓ لکھنا پڑھنا جانتی تھیں۔[3] نیز ابوداؤد[4] وعبدالرزاق[5] کی حدیث ہے

---

(۱) تاریخ طبری (طبع یورپ) سلسلہ اول ص ۱۸۵۲ تا ص ۱۸۵۳ و ص ۱۹۸۱، مورخ ابن خلدون بھی لکھتے ہیں: "بَعَثَ النبی ﷺ معاذ بن جبل مُعَلِّمًا لا هلِ اليمنِ وحضر موتَ." (رسول اللہ ﷺ نے معاذ بن جبل کو یمن والوں اور حضر موت کا معلم بناکر روانہ فرمایا۔)

قارہ اور عضل نامی دو قبیلے مشرف بہ اسلام ہوئے تو رسول اللہ ﷺ نے چھ مدرس مقرر فرمائے۔

قد بَعَثَ رَسُوْلُ اللہِ ﷺ الی عضلٍ وقارةُ مرثد بن ابی مرثدٍ، عاصم بن ثابتٍ، حبیب بن عدی، خالد بن البکیر، زید بن دثنة، عبد الله بن طالق، ليتفقهو هم في الدين ويعلموهم القرآن وشرائعَ الاسلام.....

(ابن عبدالبر: الاستعاب)

رسول اللہ ﷺ نے عضل اور قارہ قبیلہ کے لئے مرثد بن ابی مرثد، عاصم بن ثابت، حبیب بن عدی، خالد بن بکیر زید بن دثنہ عبداللہ بن طالق کو روانہ فرمایا تھا کہ یہ قرآن پڑھائیں، دینی تعلیم اور شریعت اسلامیہ کادرس دیں.....

(۲) بخاری ج ۱، کتاب العلم، باب: هل يُجعَلُ لِلنِّساءِ عَلٰى حِدَةٍ فى العلم.

(۳) موطا امام مالکؒ میں زید بن اسلم سے روایت ہے کہ "ام المومنین حضرت عائشہؓ نے اپنے آزاد کردہ غلام ابو یونس کو حکم دیا کہ ان کیلئے ایک مصحف لکھ دیں" نیز عمرو بن رافع کہتے ہیں کہ "میں ام المومنین حضرت حفصہؓ کے لئے مصحف لکھا کرتا تھا....." امام مالک: موطا، کتاب الصلواۃ، الصلواۃ الوسطیٰ۔

(۴) سنن ابی داؤد، کتاب الطب، باب الرقی نیز بلاذری: فتوح البلدان ص ۴۷۳۔

(۵) مصنف عبدالرزاق ج ۴ کتاب الجامع باب الرقاء۔

کہ ام المومنین حفصہؓ نے آں حضرت ﷺ کے علم واجازت سے اپنی ایک رشتہ دار خاتون شفا بنت عبداللہ سے (جو خوب پڑھی لکھی تھی)، لکھنا سیکھا تھا۔ یہاں اس پہلو کو طول دینے کی ضرورت نہیں، سوائے اس کے کہ زنانہ تعلیم پر اس توجہ کا ہی نتیجہ تھا کہ بعد کے زمانے میں عورتیں مختلف علمی میدانوں میں مردوں کے ساتھ مسابقت کرنے لگیں، چنانچہ زیر اشاعت صحیفۂ ہمام کے مخطوطۂ دمشق کے سماعات میں (جو آگے اپنی جگہ درج ہیں)، ایک معلّمہ کا بھی تذکرہ ہے یعنی ام الفضل کریمہ بنت ابی الفراس نجم الدین القرشیہ الزبیریہ، جس نے اپنے گھر میں ایک مدرسہ حدیث کھول رکھا تھا۔ اسی طرح ابو عبید قاسم بن سلام (۱۵۴ھ تا ۲۲۴ھ) کی کتاب الاموال، جو مالیہ حکومت (فینانس) کے دقیق مسائل پر مشتمل ہے، بسم اللہ کے بعد ان الفاظ سے شروع ہوتی ہے (یہ کتاب اب مصر میں چھپ گئی ہے):

> قُرِی علی الشیخة الصالحة الکاتبة، فخر النساء شُهدة بنت ابی نَصْراحمد بن الفَرَج بن عُمَر الابری الدِینوَرَی بمنزلِها بِبَغْدَادَ.
>
> نکوکار وخوش نویس پروفیسر فخر النساء شھدۃ کو (جو سوزن ساز یعنی سوئی بنانے والے ابو نصر احمد بن الفرج بن عمر دینوری کی دختر ہیں) بغداد میں ان کے گھر پر سنا کر سند حاصل کی گئی۔

اسلام کی ابتدائی صدیوں کے متعلق معلومات حاصل کرنے ہوں تو حدیث یا رجال کی کتابیں دیکھ لی جائیں جن میں راویوں کے ناموں میں عہد صحابہ و تابعین و تبع تابعین کی خادمات علم کے نام کثرت سے مل جائیں گے۔

تدوین حدیث :

تعلیم کے بارے میں آں حضرت ﷺ کی عام سیاست کے جو اثرات پیدا ہوئے، یہ ان میں سے کے چند نمونے اور مثالیں ہیں لیکن ہمیں تدوین حدیث کے مسئلے سے ہی یہاں خاص بحث ہے۔ حدیث یعنی حدیث نبوی میں رسول اکرم ﷺ کے اقوال، افعال اور تقریرات (یعنی کسی صحابی کو کچھ کرتے دیکھ کر اسے روا اور برقرار رکھنا) تینوں شامل ہیں۔ انہیں کا تذکرہ حدیث کی کتابوں میں ہوتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان کتابوں کی تالیف کا آغاز کب ہوا؟ اور موجودہ مروجہ کتابوں پر کوئی غیر جانبدار شخص کس حد تک اعتماد کر سکتا ہے؟ واضح رہے کہ زیر اشاعت صحیفۂ ہمام بھی حدیث ہی کی ایک تالیف ہے۔

بدیہی طور پر یہ ایک محال بات ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے جو کچھ کہا، کیا، یا اوروں میں روا رکھا، یہ سب کا سب لکھا اور مدوّن کیا گیا ہو۔ یہ انسانوں کا نہیں فرشتوں کا کام ہے۔: ”کِراماً کَاتِبِیْنَ یَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ. (سورۂ ۸۲، آیت ۱۱) (یعنی تم جو کچھ کرتے ہو، اسے شریف، لکھنے والے فرشتے خوب جانتے ہیں) اسی طرح یہ بدگمانی بھی بے بنیاد ہے کہ عہد نبوی میں کچھ لکھا ہی نہیں گیا کیونکہ واقعات اس کے خلاف ہیں جیسا کہ آگے نظر آئے گا۔ بہر حال اسی امی امت نے اپنے نبی کی جو حدیثیں اپنی آنکھ دیکھی اور کان سنی باتوں کی بناء پر لکھی ہیں وہ اس سے کہیں بڑھا چڑھا ہے جو دوسری امتوں نے اپنے انبیاء کے متعلق بروقت لکھا ہو۔ بالکل اسی طرح جس طرح یہ امی امت دوسروں پر اپنے آغاز کار ہی میں فتوحات ملکی اور دور دراز براعظموں میں دین کی نشر و اشاعت کے بارے میں بھی غیر معمولی فوقیت رکھتی ہے۔

لیکن نہ محض خوش اعتقادی کی ضرورت ہے اور نہ ہی اس میں کوئی جرح کہ کسی

جویائے حق کی طرح آغاز شک اور "معلوم نہیں" سے کریں اور سوائے ایسی چیز کے جس سے انکار کی مجال نہ رہے کسی بات کو نہ مانیں۔

ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ اس زمانے میں غریب عربی خط کا کیا حال تھا اور عربوں میں لکھنا پڑھنا جاننے والوں کی تعداد کتنی تھی۔ جب "سیکھو اور سکھاؤ" کا حکم نبی کریم ﷺ نے اپنے پیروؤں کو دیا تو ان امیوں لیکن مخلص و مستعد فداکاروں کے لئے یہ چیلنج تھا۔ اب ہم دیکھیں گے کہ وہ اس سے کس طرح عہدہ برا ہوئے۔

عہد نبوی میں سرکاری طور پر لکھی ہوئی حدیثیں:

(الف) جب مکی مسلمان مدینہ ہجرت کر گئے تو انہوں نے وہاں ایک حکومت اور شہری مملکت کی بنیاد بھی رکھی۔ رسول اکرم ﷺ نے وہاں کے سب باشندوں یعنی مہاجرین، انصار، یہود، تا حال اسلام نہ لائے ہوئے عربوں وغیرہ سے مشورہ کیا اور ایک دستور مملکت نافذ فرمایا۔ یہ تاریخ عالم میں سب سے پہلا "تحریری دستور مملکت"[1] ہے۔ اس میں حاکم و محکوم دونوں کے حقوق و واجبات کی تفصیل ہے اور ابتداء یوں ہوئی ہے: "پیغمبر محمد رسول اللہ ﷺ کی یہ ایک تحریر ہے جو قریش اور یثرب کے مومنوں اور مسلمانوں اور ان لوگوں کے درمیان (مؤثر) ہے جو ان (مسلمانوں) کے تابع ہوں، ان سے آملیں اور جنگ میں ان کے ساتھ حصہ لیں، یہ حقیقت میں (دنیا کے) سارے لوگوں سے علیحدہ ایک مستقل امت ہیں..... وغیرہ"

(۱) متن کے لئے الوثائق السیاسیہ نمبر (۱) بحوالہ ابن ہشام، ابو عبید و ابن سید الناس وغیرہ اور تفصیلی بحث کے لئے اردو میں میری تالف "عہد نبوی کا نظام حکمرانی" باب سوم، عربی میں رو ئیداد موتمر دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدر آباد ۱۹۳۵ء اور انگریزی میں اسلامک ریویو (واکنگ) اگست تا نومبر ۱۹۴۱ء۔

یہاں ''یہ ایک تحریر ہے'' کے الفاظ استعمال کیے گئے ہیں۔ ضرور ہے کہ یہ کوئی لکھی ہوئی تحریری چیز ہو[۱]۔ باون دفعات کے اس دستور میں نفس متن میں پانچ مرتبہ ''اھل ھذہ الصحیفہ'' (اس دستاویز والوں) کے الفاظ دہرائے گئے ہیں۔ اسی طرح یہ بھی کہا گیا ہے کہ ''یہ تحریر (کتاب) کسی ظالم یا گناہ گار کے برخلاف حائل نہ ہوگی۔'' یہ بھی کہا ہے کہ ''یثرب کا میدان (جوف) اس صحیفے والوں کے حق میں ایک حرم ہے'' اگرچہ نفس دستور میں اس یثربی حرم یعنی شہری مملکت کے حدود کی تفصیل نہیں ہے لیکن معلوم ہوتا ہے کہ ذیلی قواعد کے طور پر اس کو بھی تحریری طور پر منضبط کیا گیا تھا چنانچہ امام احمد بن حنبلؒ نے اپنی مسند[۲] میں روایت کی ہے۔

عَنْ رَافِعْ بِنْ خَدِیْج..... فَاِنَّ اَلْمَدِیْنَةَ حَرَمٌ حَرَّمَهَا رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ۔ وَهُوَ مَکْتُوْبٌ عِنْدَنَا فِیْ اَدِیْمِ خَوْلَانِیْ.

رافع بن خدیج سے مروی ہے..... کہ مدینہ ایک حرم ہے جسے رسول اللہ ﷺ نے حرم قرار دیا ہے اور یہ ہمارے پاس ایک خولانی چمڑے پر لکھا ہوا ہے۔

جہاں سیاسی نقطۂ نظر سے حدود مملکت اور رقبہ سلطنت کا تعین ضروری خیال کیا گیا، وہیں عملی نقطہ نگاہ سے سرحد اندازی بھی لازم تھی چنانچہ مطری نے اپنی تاریخ مدینہ (مأانَسَتِ الْهُجْرَةِ مِنْ مَعَالِمِ دَارِالهجرة) میں تصریح کی ہے[۳] کہ ''کعب بن

(۱) محدث عبدالرزاق نے یہ الفاظ استعمال کیے ہیں ''اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ وسلم قال فی الکتاب الذی کتبه بین قریش والانصار (مصنف عبدالرزاق، کتاب العقول)

(۲) مسند احمد بن حنبل۔ جلد چہارم ص ۱۴۱، حدیث نمبر (۱۰)

(۳) مخطوطہ شیخ الاسلام، عارف حکمت بے، مدینہ منورہ، باب تحریم المدینۃ۔

مالک کہتے ہیں: مجھے رسول اللہ ﷺ نے بھیجا کہ مخیص، حُفیَا، ذُو العَشِیرہ اور تیم کے پہاڑوں کی چوٹیوں پر علامت سرحد کے منارے تعمیر کروں"

(ب) اسی طرح ہجرت کے ابتدائی زمانے میں آنحضرت ﷺ نے مسلمانوں کی مردم شماری کرائی چنانچہ صحیح بخاری میں روایت ہے آں حضرت نے فرمایا:

اُکْتُبُوْا لِیْ مَنْ تَلَفَّظَ بِالاِسْلَامِ مِنَ النَّاسِ.

مجھے ان لوگوں کے نام لکھ دو جو اسلام کا اقرار کرتے ہیں۔

فَکَتَبْنَا لَہٗ اَلْفًا وَخَمْسَ مِائَۃِ رَجُلٍ. [1]

اس پر ہم نے آپ کے لئے پندرہ سو آدمیوں کے نام لکھ دیئے۔

اس میں مرد، عورت، بچے اور بڑے سب شامل معلوم ہوتے ہیں، یہ مردم شماری تحریری طور سے ہونا بیان کی گئی ہے۔ تعداد سے گمان ہوتا ہے کہ یہ ۱ھ کا واقعہ ہوگا۔

(ج) سرکاری دستاویزوں اور معاہدوں، پروانوں کا آغاز ہجرت سے بھی پہلے ہوچکا ہونا نظر آتا ہے، چنانچہ کہتے ہیں [2] کہ تمیم داری کو ہجرت سے پہلے بھی فلسطین کا شہر حبرون ایک پروانے کے ذریعے سے یہ کہہ کر جاگیر میں دیا گیا کہ جب یہ شہر خدا کی عنایت سے فتح ہو، تو وہ تمہارا ہے، اسی طرح خود سفر ہجرت میں سراقہ بن مالک مدلجی کو

---

(۱) بخاری کتاب الجہاد والسیر، باب کِتَابَۃِ الاِمَامِ لِلنَّاسِ (کتاب ۵۶، باب ۱۸۱، حدیث نمبر ۱)

(۲) الوثائق السیاسیہ نمبر (۴۳) بحوالہ حلبی، مقریزی، قسطلانی وغیرہ۔

ایک پروانہ امن لکھ کر دیا گیا تھا۔[1] ان سے قطع نظر کریں تو ایسا نظر آتا ہے کہ ۱ھ میں قبیلہ جہینہ سے حلفی اور دوستی کا معاہدہ ہو گیا تھا اگرچہ اس کا متن نہیں ملتا، چنانچہ سیف یعنی ساحل بحر (ینبع) کی سمت سے حضرت حمزہؓ کی جو مہم بھیجی گئی اس کے ذکر میں ابن ہشام[2] وغیرہ نے تصریح کی ہے کہ "مجدی بن عمرو الجھنی مسلمانوں اور قریشی کارواں کے مابین آڑے آ گیا اور یہ دونوں فریقوں کا حلیف (مداد ع) تھا" البتہ صفر ۲ھ کا معاہدہ محفوظ ہے یہ بنی ضمرہ سے ہوا تھا۔ سہیلی[3] نے اس کا متن یوں نقل کیا ہے: "یہ ایک تحریر ہے محمد رسول اللہ! کی بنی ضمرہ کیلئے....." اس طرح کے معاہدوں کا سلسلہ آں حضرت ﷺ کی زندگی بھر جاری رہا۔ بعض عجیب چیزیں بھی پیش آئیں۔

۵ھ میں خندق کے زمانے میں بنی فزارہ اور غطفان سے ایک توثیق طلب یا مسودہ معاہدہ (مراوضہ)[4] ہوا تھا اور بعد میں میٹ دیا گیا۔

---

(۱) ایضاً نمبر (۲)، بحوالہ ابن ہشام وغیرہ۔

رسول اللہ نے بلال بن حارث المزنی کو قبیلہ کی معدنوں کا ٹھیکہ دیا تھا اس کی پوری سند کا جو متن رسول اللہ نے انہیں تحریر میں لکھ دیا تھا وہ ابو داؤد کتاب القطائع میں موجود ہے۔ نیز موطا کتاب الزکاۃ نیز کتاب الاموال میں بھی تذکرہ ہے۔ ابو عبید قاسم بن سلام اور مورخ بلاذری کا بیان ہے کہ "بلال بن حارث کی اولاد نے ایک جریدہ میں رسول اللہ کا فرمان پیش کیا۔ حضرت عمر بن عبد العزیزؒ نے اس فرمان مبارک کو چوما اور آنکھوں سے لگایا۔" ابو عبید: کتاب الاموال ص ۳۳۹ نمبر ۸۶۶ نیز بلاذری: فتوح البلدان ص ۱۳۔

(۲) سیرۃ رسول اللہ لابن ہشام (طبع یورپ) ص ۴۱۹۔

(۳) الروض الانف ۲/۵۸ تا ۵۹ نیز الوثائق السیاسیہ نمبر (۱۴۹)، بحوالہ ابن سعد وغیرہ۔

(۴) الوثائق السیاسیہ نمبر (۸)، بحوالہ ابن ہشام وطبری۔

۶ھ کے صلح نامہ حدیبیہ کے الفاظ پر جھگڑا مشہور ہے جس پر آں حضرت ﷺ نے آخر حکم دیا تھا کہ بعض لکھے ہوئے الفاظ میٹ دیئے جائیں[۱]۔

۹ھ کے غزوہ تبوک کے متعلق مورخ لکھتے ہیں کہ دُوْمَۃُ الْجَنْدل کے حکمراں اُکیدر بن عبد الملک بن عبد الجنّ الْحِیری نے جب اطاعت کا معاہدہ[۲] کیا تو آں حضرت نے دستاویز پر "اپنے ناخن سے مہر فرمائی" (خَتَمَہٗ بظفرہ[۳]) یہ اصل میں اکیدر کے وطن حیرہ والوں کا قدیم رواج تھا کہ معاہدوں پر انگوٹھے کا نہیں بلکہ ناخن کا نشان لیتے تھے اور اس سے ہلال کی شکل کی ایک لکیر پڑ جاتی تھی، چنانچہ آثار قدیمہ کی کھدائیوں میں پختہ اینٹوں پر کندہ کیے ہوئے زمانہ قبل مسیح کے جو معاہدے نکلے ہیں، ان پر نہ صرف ایسی علامتیں موجود ہیں بلکہ یہ الفاظ بھی ملتے ہیں کہ "بغرض توثیق ناخن کا نشان ثبت کیا[۴]"۔

(د) آں حضرت ﷺ نے قیصر و کسریٰ، مقوقس و نجاشی وغیرہ حکمرانوں کو

---

(۱) سیرۃ ابن ہشام ص ۷۴۷۔

(۲) متن کیلئے الوثایق السیاسیہ نمبر (۱۹۰) نیز ابو عبید قاسم بن سلام: کتاب الاموال ص ۱۹۵ نیز ص ۵۰۸، ابو عبید قاسم بن سلام (المتوفی ۲۲۴ھ) لکھتے ہیں کہ "خود میں نے اس تحریر کو پڑھا اور وہ ایک سفید چمڑے پر لکھا ہوا تھا اور میں نے حرف بہ حرف اس کی نقل لے لی۔"

(۳) طبقات ابن سعد جلد دوم حصہ اول ص ۱۲۰، نیز تراتیب کتانی ۱۷۹/۱ بحوالہ اصابہ لابن حجر وہب بن اکیدر نیز اکیدر بن عبد الملک۔

(۴)

Oluf Krueckman, Neue babylonisehe Recht und verwalt ungstex-te text 87, tafel 38, ch edwards, the hammurabi code, p.11; Missner, Babylonien und Assyrien, 1,179.

تبلیغی خط بھیجے تھے ان میں سے قیصر کا موسومہ اصل خط حال حال تک موجود تھا۔[1] مقوقس، نجاشی اور المنذر بن ساویٰ کے خطوط کی اصلیں موجود و معروف ہیں۔[2] ابن عساکر نے اپنی ''تاریخ دمشق'' میں لکھا ہے[3] کہ ابو العباس عبد اللہ بن محمد نے شہر ایلہ والوں سے ان کا معاہدہ نبوی تین سو اشرفی میں خرید کیا۔ کسریٰ کے متعلق مروی ہے کہ اس نے نامہ مبارک کو پوری طرح سے بغیر چاک کر دیا تھا[4] یہ سب بھی تحریری ہی چیزیں تھیں۔

رسول اللہ ﷺ کے کاتب ''زید بن ثابتؓ'' نے رسالت مآب ﷺ کے حکم

---

(۱) میری تالیف ''رسول اکرم ﷺ کی سیاسی زندگی'' میں باب ''مکتوب نبوی بنام قیصر روم''۔

(۲) ایضاً باب ''مکتوبات نبوی کے دو اصول''۔

(۳) ابن عساکر: تاریخ دمشق طبع جدید (شائع کردہ صلاح الدین المنجد) جلد اول ص ۴۲۰۔

(۴) صحیح بخاری کتاب العلم باب ما یذکر فی المناولۃ نیز تاریخ طبری ۶ ھ کے واقعات ص ۱۵۷۲ مطبوعہ لیڈن ہالینڈ بخاری کتاب الجہاد میں عبد اللہ بن عباسؓ بیان کرتے ہیں کہ ''رسول اللہ ﷺ نے ایک نامہ مبارک (عبد اللہ بن حذافہ کو دے کر) کسریٰ (شاہ ایران) کے پاس بھجوایا۔ (بعث بکتابہ ابی کسری) آپ نے (عبد اللہ بن حذافہ کو) حکم دیا کہ یہ خط بحرین کے حاکم (منذر بن ساویٰ) کو دینا وہ کسریٰ کو پہنچا دے گا۔ (منذر نے ایسا ہی کیا) کسریٰ نے وہ خط پڑھ کر پھاڑ ڈالا۔''

اسی بخاری کتاب الجہاد میں عبد اللہ بن عباس ہی بیان کرتے ہیں کہ ''رسول اللہ ﷺ نے قیصر (روم) کو دعوت اسلام کا ایک خط لکھ کر دحیہ کلبی کے ہاتھ بھیجا (کَتَبَ الی قیصرَ یدعوہ الی الاسلامِ وبعث بکتابہ الیہ مع دحیۃ الکلبی) اور دحیہ کلبی سے فرمایا یہ مکتوب بصریٰ کے حاکم (حارث بن ابی شمر) کو پہنچا دینا وہ قیصر کو پہنچا دے گا۔''

بخاری کتاب العلم میں ایک اور واقعہ کا تذکرہ ہے کہ ''رسول اللہ ﷺ نے فوج کے ایک سردار کو ایک مکتوب لکھ دیا (کَتَبَ لامیرِ السَّرِیَّۃِ کتاباً) اور فرمایا کہ اس کو کھول کر پڑھنا نہیں جب تک تو فلاں مقام پر نہ پہنچ جائے۔ جب وہ اس مقام پر پہنچا تو اس نے لوگوں کو وہ مکتوب پڑھ کر سنایا اور آں حضرت ﷺ کا حکم ان کو بتلایا۔'' (بخاری ج ا کتاب العلم)

سے یہودیوں کی زبان اور تحریر سیکھی تھی [۱]۔ مورخ طبری کے علاوہ محدث ابوداؤد اور امام بخاری لکھتے ہیں کہ "زید بن ثابتؓ نے رسول اللہ ﷺ کے حکم سے یہودیوں کی کتابت سیکھی تھی اور رسالت مآب ﷺ جو مراسلے ان کو لکھتے یا جو مراسلے وہ لکھتے زیدؓ بن ثابت ان کو پڑھ کر سنایا کرتے تھے [۲]۔"

(ھ) انتظامی ضرورتوں سے اکثر موقع پیش آتا رہتا تھا کہ آں حضرت ﷺ جزیرہ نمائے عرب کے اطراف واکناف میں اپنے ہر جگہ کے گورنروں، قاضیوں، تحصیلداروں، وغیرہ کو وقتاً فوقتاً اپنی ہدایتیں بھیجیں، یا پیچیدہ گتھیوں میں یہ افسر کچھ دریافت یا استصواب کریں تو اس کا جواب بھیجیں۔ اس کا پھر متواتر ذکر ملتا ہے کہ اواخر حیات میں آں حضرت نے زکوۃ یعنی زراعت، ریوڑوں، معدنیات، وغیرہ، میں حکومت کو واطلب محصول کی شرحیں تحریر کروائیں لیکن اضلاع وغیرہ میں بھیجنے سے قبل آپ کا انتقال ہو گیا اور یہ کہ حضرت ابو بکرؓ، حضرت عمرؓ وغیرہ خلفاء نے اس پر عمل کیا [۳]۔

---

(۱) بلاذری، فتوح البلدان ص ۵۱۳۔

(۲) بخاری نیز ابوداؤد نیز تاریخ طبری ص ۱۴۶۰ ۴ھ کے واقعات۔

(۳) سنن دار قطنی، ابوداؤد، طبرانی، دارمی، کنز العمال وغیرہ میں اس کا متن ہے۔

سنن ابوداؤد کتاب الزکوۃ اور ترمذی کتاب الزکوۃ میں عبداللہ بن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ "رسول اللہ نے زکوۃ کی کتاب لکھی مگر آپ اس کو اپنے عاملوں کو بھیجنے نہ پائے تھے کہ آپ کی وفات ہوگئی۔ آپ نے اس کو اپنی تلوار سے لگا رکھا تھا۔ حضرت ابو بکرؓ نے اس پر عمل کیا، یہاں تک کہ وفات پائی پھر حضرت عمرؓ نے اس پر عمل کیا یہاں تک کہ وفات پائی"۔

اسی ابوداؤد میں "ابن شہاب زہری (۵۱ھ۔۱۲۵ھ) کہتے ہیں کہ میں نے اس تحریر کو پڑھا اور وہ حضرت عمرؓ کی اولاد کے پاس تھی اور عمر بن عبدالعزیزؒ (المتوفی ۱۰۱ھ) نے اس تحریر کی نقل کروائی۔

ان مثالوں کے دینے سے غرض صرف یہ ہے کہ اس طرح کی حدیثیں یعنی سیاسی دستاویزیں جو عہد نبوی سے تعلق رکھتی ہیں تحریری ہی ہو سکتی ہیں کیونکہ اس کے بغیر ان کا مقصد حاصل نہیں ہو سکتا۔ خطوط پر ثبت کرنے کے لئے آں حضرت کا ایک مہر تیار کرانا بھی معروف واقعہ[1] ہے ایسی دستاویزوں یعنی تحریری حدیثوں کو اکٹھا کرنے کی کوششوں کا آغاز عہد صحابہ ہی میں شروع ہوا، جیسا کہ آگے بیان ہوگا۔ اس عاصی پر معاصی نے بھی اس سعادت کے حصول کی بساط بھر کوشش کی اور اگلوں پچھلوں کی کوششوں کو یکجا کر کے "الوثائق السیاسیة فی العہد النبوی والخلافة الراشدة" مصر میں شائع کی۔ اس میں خاص عہد نبوی کی دو سو سے زائد دستاویزیں ہیں۔

حضرت عمرؓ نے زکوۃ سے متعلق جو تحریر لکھی تھی وہ امام مالک (المتوفی ۱۷۹ھ) کی کتاب موطا کتاب الزکوۃ میں محفوظ ہے اور خود مالکؒ بیان کرتے ہیں کہ "میں نے حضرت عمرؓ کی کتاب صدقہ کو پڑھا۔"

(۱) کتانی ۱/۱۷۷ (بحوالہ بخاری، ترمذی وغیرہ) صحیح بخاری اور مسلم کی روایت ہے کہ "جس وقت رسول کریم ﷺ نے شاہ روم (دوسری روایت میں عجم کے لوگوں) کو خط لکھنے کا ارادہ کیا تو صحابہؓ نے عرض کیا کہ وہ صرف مہر شدہ مکتوب ہی پڑھتے ہیں، چنانچہ رسالت مآب نے ایک چاندی کی انگوٹھی بنوائی۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ میں اس کی سفیدی گویا اب بھی رسول اللہ ﷺ کے ہاتھ میں دیکھ رہا ہوں اور اس پر محمد رسول اللہ کندہ تھا اور اس انگوٹھی کا نگینہ حبشی عقیق تھا" (بخاری ج ۲۴، کتاب اللباس، نیز مسلم، کتاب اللباس)

حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ "جب ابو بکر صدیقؓ خلیفہ ہوئے تو انہوں نے مجھے مصدق بنا کر بھیجا اور زکوۃ کے مسئلے لکھ دیئے اور اس پر "محمد رسول اللہ" کندہ تھا۔ محمد ایک سطر میں، رسول ایک سطر میں اور اللہ ایک سطر میں۔ حضرت انسؓ کہتے ہیں کہ آں حضرت کی انگشتری آپ کے ہاتھ میں رہی پھر حضرت ابو بکرؓ کے اور پھر حضرت عمرؓ کے ہاتھ میں اور پھر جب حضرت عثمانؓ خلیفہ ہوئے تو وہ آریس کے کنویں پر بیٹھے تھے اور انگشتری کو ہاتھ سے نکالتے کبھی پہنتے کہ ناگاہ وہ کنویں میں گر پڑی۔ انسؓ کہتے ہیں کہ تین دن تک ہم لوگ حضرت عثمانؓ کے ساتھ اس انگوٹھی کو تلاش کرتے رہے کنویں کا سارا پانی نکلوا ڈالا لیکن انگوٹھی نہ نکلی۔"

(بخاری ج ۲۴، کتاب اللباس)

اس کتاب کا نیا ایڈیشن زیر طبع ہے۔ اس میں عہد نبوی کے مزید چالیس ایک معاہدے جو بعد میں ملے، اضافہ کیے گئے ہیں۔

کتابت کی بعض اتفاقی صورتیں:

صحیح بخاری[۱] وغیرہ[۲] نے روایت کی ہے کہ ۸ ھ میں فتح مکہ پر آں حضرت ﷺ نے حقوق انسانی وغیرہ اہم مسائل پر خطبہ دیا۔ ایک یمنی شخص ابو شاہ وہاں حاضر تھا۔ اس نے درخواست کی، یا رسول اللہ مجھے یہ لکھ دیجئے۔ آں حضرت ﷺ نے حسبِ حکم دیا کہ وہ خطبہ اسے قلم بند کر دیا جائے (اُكْتُبُوهُ لِاَبِیْ شَاه)

عتباں بن مالک انصاری کے متعلق روایت ہے کہ انہیں ایک دن رسول اللہ ﷺ کے کسی خطبے کی ایک بات بڑی پیاری معلوم ہوئی۔ اس پر یادداشت کے لئے انہوں نے اسے لکھ لیا[۳]۔

عہد نبوی میں اہتمام کے ساتھ حدیث کی تدوین:

اگرچہ ایسی روایتیں نایاب نہیں کہ آں حضرت ﷺ نے اپنے صحابہ کو قرآن کے سوا آپ سے سنی ہوئی کسی چیز کے لکھنے کی ممانعت فرمائی ہو[۴] جس پر لکھی ہوئی چیزیں میٹ دی گئیں بلکہ ایک مرتبہ تو کہتے ہیں کہ خاصی بڑی تعداد میں جلادی بھی

(۱) صحیح بخاری ج ۱، ۲۴، باب کتابۃ العلم۔

(۲) سنن ابی داؤد باب کتاب العلم۔ ترمذی ابواب العلم باب ماجاء فی الرخصة فیہ۔

(۳) ڈاکٹر زبیر صدیقی کا مقالہ روئیداد اجلاس اول ادارہ معارف اسلامیہ لاہور (صفحہ ۶۳ تا ۷۱) بعنوان:

(Ahadith were Recorded during the lifetime of Muhammad)

(۴) مثلاً ترمذی، ابواب العلم، باب ماجاء فی کراهیة کتابة العلم۔ نیز خطیب بغدادی کی کتاب تقیید العلم میں تفصیلی بحث۔ یہ کتاب اب چھپ گئی ہے۔

گئیں[۱] لیکن غور سے چھان بین کرنے پر نظر آتا ہے کہ اس کا تعلق یا تو ابتداء اسلام سے تھا یا ایسے لوگوں کے متعلق جو تازہ مسلمان ہوئے تھے اور قرآن وحدیث میں فرق نہ کر سکتے تھے۔ جنہیں قرآن خوب یاد ہو گیا اور جن کی صلاحیتوں سے اطمینان تھا تو آں حضرت ﷺ نے انہیں حدیث لکھنے کی نہ صرف خوشی سے اجازت دی بلکہ ترغیب بھی دی۔ ذیل کے واقعات سے اس پر روشنی پڑتی ہے۔

(الف) ترمذی[۲] کی روایت ہے کسی انصاری صحابی نے ایک دن آں حضرت ﷺ کے پاس حاضر ہو کر اپنے حافظے کی کمزوری کی شکایت کی اور کہا کہ ہر روز وعظ وتذکیر میں آپ جو اہم اور کار آمد باتیں فرماتے ہیں وہ مجھے اچھی معلوم ہوتی ہیں لیکن وہ مجھے یاد نہیں رہتیں۔ آں حضرت ﷺ نے فرمایا: "اپنے داہنے ہاتھ سے مدد لو۔" (یعنی لکھ لیا کرو) انہوں نے اس اجازت سے فائدہ اٹھایا ہو گا لیکن مزید تفصیلیں معلوم نہیں۔

(ب) ایک مماثل واقعہ عبداللہ بن عمرو بن العاص القرشیؓ کے متعلق مروی ہے[۳]۔ یہ آں حضرت ﷺ کی اجازت سے ملفوظات نبوی لکھ لیا کرتے تھے تاکہ انہیں یاد رکھ لیں۔ لوگوں نے انہیں منع کیا کہ رسول اللہ ایک بشر ہیں کبھی خوشی اور کبھی خفگی کی حالت میں ہوتے ہیں اس لئے بلا امتیاز آپ کی ہر بات کو لکھ لینا مناسب نہیں۔ بات معقول تھی اس لئے رسول اللہ کے پاس آئے اور پوچھا "کیا جو بھی آپ سے سنوں اسے لکھ سکتا ہوں؟" آپ ﷺ نے جواب دیا: ہاں۔ مزید اطمینان کے لئے

---

(۱) مسند احمد ابن حنبل جلد سوم ص ۱۲ تا ۱۳ سطر (۳۱) ومابعد۔

(۲) ترمذی: ابواب العلم باب ماجاء فی الرخصۃ فیہ۔

(۳) ترمذی حوالہ بالا نیز سنن ابی داؤد کتاب العلم، مسند ابن حنبل (طبع جدید) احدیث نمبر ۶۵۱۰، ۶۸۰۲، ۶۹۳۰، ۷۰۱۸، ۷۰۲۰، نیز ابن سعد، ابن عبدالبر سنن ابی داؤد میں (کتاب العلم) وغیرہ۔

پوچھا: ”کیا رضا مندی اور غضب ہر حالت میں؟“ اس پر آں حضرت ﷺ نے اپنے منہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ”بخدا اس سے جو بھی نکلتا ہے وہ حق بات ہی ہوتی ہے“ صحیح بخاری[۱] میں وہب بن منبہ نے اپنے بھائی ہمام ۔۔۔۔۔ یعنی زیر اشاعت صحیفے کے مؤلف ۔۔۔۔۔ سے روایت کی ہے، کہتے ہیں: ”میں نے ابو ہریرہؓ کو کہتے سنا کہ نبی ﷺ کے صحابہ میں آپ ﷺ کی حدیثیں بیان کرنے والا مجھ سے زیادہ کوئی نہیں، بجز عبداللہ بن عمرو کے کیونکہ وہ (بروقت) لکھا کرتے تھے، اور میں نہیں لکھتا تھا ۔۔۔ یہی حدیث معمر نے ہمام سے (اور انہوں نے) ابو ہریرہؓ سے بیان کی ہے۔ ”عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ نے اپنے پاس جمع کردہ ذخیرہ حدیث کا نام ”الصحیفة الصادقة“ رکھا[۲]۔ کہتے ہیں کہ اس میں ایک ہزار حدیثیں تھیں[۳]۔ یہ نسخہ ان کے خاندان میں عرصے تک محفوظ رہا، چنانچہ ان کے پوتے عمرو بن شعیب، اسی کو ہاتھ میں رکھ کر روایت کرتے اور درس دیتے تھے[۴]۔ اللہ امام احمد بن حنبلؒ پر ہزار رحمتیں نازل فرمائے کہ انہوں نے ۔۔۔ صحیفہ ہمام ہی کی طرح، جس کا ہم آگے ذکر کریں گے ۔۔۔ اس کو بھی اپنی ضخیم قابل قدر ”مسند“ میں مدغم فرما کر ہمارے لئے محفوظ فرما دیا ہے۔ عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ کی تالیف کا ذکر ابن منظور نے (لسان العرب،

---

(۱) بخاری، کتاب العلم باب کتابة العلم، نیز مصنف عبدالرزاق الجزاء الرابع باب کتاب العلم، عبدالرزاق نے معمر سے اور انہوں نے راست ہمام بن منبہ سے اور انہوں نے ابو ہریرہؓ سے سنا۔

(۲) طبقات ابن سعد ۴/۲ ص ۸ تا ۹۔

(۳) اسد الغابة لابن الاثیر جلد سوم ص ۲۳۳ جہاں یہ الفاظ ہیں ”قال عبد اللّٰہ حفظتُ عن النبی ﷺ الفَ مَثَلٍ“ یہاں غالباً سادہ ضرب المثلیں مراد نہیں ہیں۔ اس حوالے میں کتاب یا صحیفہ صادقہ کا بھی صراحت سے ذکر نہیں ہے۔

(۴) تہذیب التہذیب لابن حجر جلد ہشتم ص ۴۸ تا ۵۵ نمبر (۸۰)

مادہ ''ظہم'' میں بھی کیا ہے: ''حدیث میں وارد ہوا ہے کہ ایک دن ہم لوگ عبداللہ بن عمروؓ کے پاس تھے۔ ان سے پوچھا گیا کہ کونسا شہر پہلے فتح ہوگا، قسطنطنیہ یا روم؟ اس پر انہوں نے ایک پرانی صندوق منگوائی، اس میں سے ایک کتاب نکال کر اس پر نظر ڈالی پھر کہا: ایک دن ہم نبی کریم ﷺ کے پاس (بیٹھے) تھے اور جو کچھ فرما رہے تھے، لکھتے جارہے تھے۔ اس اثناء میں آپ ﷺ سے پوچھا گیا: کونسا شہر پہلے فتح ہوگا، قسطنطنیہ یا روم؟ اس پر رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہرقل کے بیٹے کا شہر پہلے فتح ہوگا، یعنی قسطنطنیہ۔'' اس راویت سے معلوم ہوتا ہے کہ عبداللہ بن عمروؓ ہی نہیں، صحابہ کی ایک جماعت کی جماعت ملفوظات نبوی کو لکھا کرتی تھی اور یہ خود رسول اکرم ﷺ کے روبرو۔ عبداللہ بن عمروؓ بڑے عابد وزاہد تھے۔ باپ سے بھی پہلے مسلمان ہوئے۔ ذوق علم میں سریانی زبان سیکھ لی تھی [۱] یہ ۶۵ھ میں بہتر سال کی عمر میں فوت ہوئے [۲]۔

(ج) آں حضرت ﷺ سے آپ کے آزاد کردہ غلام اور خادم ابورافع نے بھی احادیث لکھ لیا کرنے کی اجازت مانگی تو آپ نے انہیں اس کی اجازت دی دے [۳]۔ یہ اصل میں قبطی یعنی مصری تھے اور شروع میں حضرت عباسؓ کے غلام تھے [۴]۔ مسلمان ہوئے تو حضرت عباسؓ نے انہیں رسول اکرم ﷺ کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کر دیا اور آپ ﷺ نے انہیں فوراً آزاد کر دیا۔ بظاہر یہ ۸ھ کا واقعہ ہے کیونکہ آں حضرت ﷺ کا ان کو دیا ہوا پروانہ آزادی محفوظ ہے [۵]۔ اور اس کے آخر

---

(۱) طبقات ابن سعد جلد چہارم حصہ دوم ص ۱۱۔

(۲) ایضاً ص ۱۳۔

(۳) زبیر صدیقی، حوالہ بالا۔

(۴) الروض الانف السہیلی ۸/۲۔

(۵) کتانی ۱/۲۷۴ تا ۲۷۵۔

میں ہے "اسے معاویہ بن ابی سفیان نے لکھا" حضرت معاویہؓ فتح مکہ پر مسلمان ہوئے تھے۔ سنن ابو داود[۱] میں یہ بھی لکھا ہے کہ قریش نے انہیں غالباً ان کی کاردانی ومعاملہ فہمی کی بناء پر، سفیر بنا کر آں حضرت ﷺ کے پاس بھیجا (اسد الغابہ جلد اول ص ۷۷ کے مطابق یہ قدیم الاسلام ہیں غزوہ احد میں شرکت کی تھی، واللہ اعلم)

(د) ان سب سے اہم حضرت انس بن مالک انصاریؓ کا واقعہ ہے۔ جب رسول اکرم ﷺ ہجرت کر کے مدینہ آئے تو نو عمر انس کو جو دس برس کی عمر ہی میں لکھنا پڑھنا جانتے تھے[۲]۔ ان کے والدین نے وفور عقیدت سے حکم دیا کہ رسول کریم ﷺ کی خادمی انجام دی، چنانچہ انس رات دن رسول اللہ ﷺ کے مکان میں رہتے اور صرف اسی وقت وہاں سے نکلے جب دس سال بعد رسول اکرم ﷺ نے وفات پائی۔ اس کے بعد انسؓ بہت دن (۹۱ھ) تک زندہ رہے۔ ظاہر ہے کہ انہیں رسول اللہ ﷺ کی وہ باتیں دیکھنے اور سننے کا موقع ملا جو کسی اور کو آسانی سے نہیں مل سکتا تھا۔ دارمی کی روایت ہے کہ بعد میں انسؓ اپنے بچوں کو ہمیشہ تاکید کیا کرتے تھے کہ "اے میرے بچو! اس علم یعنی حدیث کو قلم بند کر لو" دارمی ہی نے ایک اور روایت کی ہے کہ: "میں نے دیکھا کہ آبان (ایک دن) انسؓ کے پاس بیٹھے (حدیث) لکھ رہے تھے۔" ان کے بچے اور شاگرد کیوں نہ لکھتے جب انسؓ خود اوروں سے زیادہ تدوین حدیث میں مشغول رہے تھے، چنانچہ محدثین کی ایک جماعت[۳] نے سعید بن ہلال کی زبانی یہ روایت نقل کی ہے کہ: جب ہم انس بن مالکؓ سے زیادہ اصرار کرتے تو وہ ہمارے لئے ایک چونگہ نکالتے اور کہتے کہ یہ وہ (حدیثیں) ہیں جو میں نے نبی ﷺ سے سنیں اور آپ ﷺ پر

---

(۱) سنن ابی داود کتاب الجهاد باب فی الامام یُستَجَنُّ به فی العهود۔

(۲) اسد الغابہ جلد اول ص ۱۲۸ (یَا رَسُولَ اللّٰهِ! هٰذا ابنی وَهُوَ غُلامٌ کَاتِبٌ)

(۳) المستدرک للحاکم وغیرہ (بحوالہ مولانا مناظر احسن گیلانی "تدوین حدیث" محاضرہ اول۔

پیش کی ہیں۔'' یہاں دیکھا جائے گا کہ وہ سنی یا دیکھی ہوئی باتوں کو صرف قلم بند ہی نہیں کرتے تھے بلکہ اسے خود جناب رسالت کی خدمت میں پیش کرتے اور حسب ضرورت تصحیح واصلاح کر لیتے۔

عہد نبوی ہی میں صحابہ کرام کے ہاتھوں تدوین حدیث ہونے کے جو واقعات ملتے ہیں، یہ ان میں سے چند ہیں۔ آپ ﷺ کی وفات کے بعد صحابہ کرام کا اپنی یادداشتوں کو قلم بند کرنا مختلف وجوہ سے روز افزوں ہی ہو گیا۔ ان میں سے چند واقعات ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

ایک صحابی کی تالیف:

یہ مشہور واقعہ ہے کہ آں حضرت ﷺ نے جب عمرو بن حزم کو یمن کا عامل (گورنر) بنا کر بھیجا تو انہیں ایک تحریری ہدایت نامہ دیا[1] جس میں جو احکام اور ہدایات دینی تھیں، درج فرمائیں۔ عمرو بن حزم نے اس قیمتی دستاویز کو نہ صرف محفوظ رکھا بلکہ اکیس دیگر فرامین نبوی بھی فراہم کیے۔ جو بنی عادیا بنی عریض کے یہودیوں، تمیم داری، قبائل جہینہ وجذام وطئی وثقیف وغیرہ کے نام موسومہ تھے اور ان سب کی ایک کتاب تالیف کی جو عہد نبوی کے سیاسی دستاویزوں یا سرکاری پروانوں کا اولین مجموعہ خیال کیا جاسکتا ہے۔ اس کی جو روایت تیسری صدی ہجری میں دیبل (پاکستان) کے مشہور محدث ابو جعفر الدیبلی نے کی ہے۔۔۔ اور جن حالات انساب سمعانی دیبلی، اور معجم البلدان یاقوت دیبل میں بھی ملتے ہیں۔۔۔ محفوظ ہے اور ہم تک پہنچی ہے،

---

(۱) متن کے لئے الوثائق السیاسیہ (۱۰۵) بحوالہ طبری وغیرہ نیز مسند احمد بن حنبل وابوداؤد ونسائی کے باب الدیات۔

چنانچہ "اعلام السائلین عن کتب سید المرسلین" کے نام سے ابن طولون نے جو کتاب تالیف کی۔۔۔۔اور جس کا نسخہ بخط مؤلف کتب خانہ "المجمع العلمی" دمشق میں محفوظ ہے۔ نیز جو چھپ بھی گئی ہے۔۔۔اس میں حضرت عمرو بن حزمؓ کی یہ تالیف بطور ضمیمہ شامل اور محفوظ کر دی گئی ہے۔

عہد صحابہ میں عام تدوین حدیث:

(الف) صحیح مسلم (۱) کی روایت ہے کہ جابر بن عبد اللہؓ نے حج پر ایک رسالہ تالیف کیا تھا۔ ممکن ہے اس میں خطبہ حجۃ الوداع اور مناسک حج کے متعلق دیگر حدیثیں جمع کی گئی ہوں۔(اسے مسند ابن حنبل، باب جابر میں تلاش کر سکتے ہیں) یہ بھی مشہور ہے کہ مسجد نبوی (مدینہ) میں ان کا ایک حلقہ درس تھا جس میں لوگ ان سے علم حاصل کرتے تھے (۲)۔ چنانچہ مشہور تابعی مورخ وہب بن منبہ (ہمام بن منبہ کے بھائی) کو بھی انہوں نے حدیثیں املاء کرائی تھیں (۳) امام بخاری کی روایت ہے کہ (۴) مشہور تابعی قتادہ کہا کرتے تھے۔ "مجھے سورۂ بقر کے مقابلے میں صحیفہ جابر زیادہ حفظ ہے۔" ان کے ایک اور شاگرد سلیمان بن قیس الیَشکُرِی کہتے تھے کہ انہوں نے بھی حضرت جابرؓ کی روایت کردہ حدیثیں لکھی ہیں (۵)۔ حضرت جابرؓ سے اور لوگوں نے

---

(۱) بحوالہ مولانا مناظر احسن گیلانی "تدوین حدیث" ۱/۱۰۱، مصنف عبد الرزاق میں بھی "صحیفہ جابر بن عبد اللہ" کا حوالہ موجود ہے اور معمر نے اس سے روایتیں بیان کی ہیں مثلاً دیکھئے مصنف مذکور باب الذنوب۔

(۲) اصابہ ج ا ص ۴۳۔

(۳) وہب ان کے شاگرد تھے۔

(۴) التاریخ الکبیر للبخاری جلد ۴ ص ۱۸۲ (بحوالہ مناظر احسن گیلانی مقالہ بالا)

(۵) تہذیب التہذیب لابن حجر ۴/۲۱۵ (۳۶۹)

بھی درس لیا اور ان کے "صحیفہ" کی روایت کی ہے[1]۔

(ب) ام المومنین حضرت عائشہؓ کو پڑھنا تو آتا تھا لیکن خود لکھتی نہ تھیں۔ روایت ہے کہ ان کے بھانجے، عروہ بن الزبیر نے ان کی نیز دیگر صحابہ کی حدیثیں لکھی تھیں جو جنگ حرہ میں تلف ہو گئیں۔ بعد میں یہ پچھتایا کرتے کہ کاش! میں اپنے بال بچوں اور اپنے مال واسباب کو ان کتابوں کے عوض فدا کر دیتا[2]۔ عائشہ صدیقہؓ کے اور بھی شاگرد تھے۔ ان میں ایک خاتون عمرہ بنت عبدالرحمٰن ہیں جن کو انہوں نے بچپن ہی سے پال لیا اور تعلیم وتربیت دی تھی۔ یہ تو معلوم نہیں کہ عمرہ خود کچھ لکھتی تھیں یا نہیں، لیکن خلیفہ عمر بن عبدالعزیز نے اپنے مدینہ کے عامل (گورنر) ابوبکر محمد بن عمرو بن حزم کو۔۔۔ جو عمرہ کے بھانجے تھے۔۔۔ ہدایت بھیجی تھی کہ "عمرہ بنت عبدالرحمٰن اور قاسم بن محمد کے پاس جو علم (یعنی ذخیرہ احادیث) ہے، اسے قلم بند کریں"[3]۔

---

(۱) حولہ بالا از ابن حجر، نیز مناظر احسن گیلانی۔

(۲) طبقات ابن سعد جلد ۵ ص ۱۳۳۔ تہذیب التہذیب لابن حجر ۱۸۳/۷ نمبر (۳۵۱) نیز مصنف عبدالرزاق الجزء الرابع باب تحریق الکتب۔

(۳) مناظر احسن گیلانی مقالہ بالا بحوالہ بخاری وابن حجر عسقلانی، ان کے علاوہ بھی مزید حدیثیں ملیں تو خلیفہ عمر بن عبدالعزیزؒ (۶۱ھ تا ۱۰۱ھ) نے سرکاری طور پر ان حدیثوں کو بھی لکھنے کا باقاعدہ اہتمام فرمایا تھا چنانچہ امام مالکؒ (۹۵ھ تا ۱۷۹ھ) اور امام بخاریؒ (۱۹۴ھ تا ۲۵۶ھ) بیان کرتے ہیں۔

وَكَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ اِلٰى اَبِيْ بَكْرِبْنِ حَزْمٍ اُنْظُرْ مَا كَانَ مِنْ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَاكْتُبْهُ فَاِنِّيْ خِفْتُ دُرُوْسَ الْعِلْمِ وَذَهَابَ الْعُلَمَاءِ وَلَا تَقْبَلْ اِلَّا حَدِيْثَ النَّبِيِّ ﷺ وَلْيُفْشُوا الْعِلْمَ وَلْيَجْلِسُوْا حَتّٰى يُعَلَّمَ مَنْ لَا يَعْلَمُ فَاِنَّ الْعِلْمَ لَا يَهْلِكُ حَتّٰى يَكُوْنَ سِرًّا.

عمر بن عبدالعزیز نے ابوبکر بن حزم (مدینہ کے گورنر) کو لکھا۔ دیکھو، رسول اللہ ﷺ کی جو حدیثیں تم کو ملیں ان کو لکھ لو کیونکہ میں ڈرتا ہوں کہ کہیں علم دین مٹ نہ جائے

یہ قاسم بن محمد، ام المومنین حضرت عائشہؓ کے بھتیجے تھے۔ یتیم ہونے کے باعث بی بی نے ان کو گود لے لیا اور خود پالا پرورش کیا تھا۔ یہ بڑے عالم گزرے ہیں

اور عالم چل بسے اور صرف رسول اللہ ﷺ کی حدیث ہی کو لینا اور عالموں کو چاہیے کہ علم پھیلائیں اور تعلیم دینے کے لئے بیٹھا کریں تاکہ جس کو علم نہیں وہ علم حاصل کرلے کیونکہ جہاں علم پوشیدہ رہا پس مٹ گیا۔

(بخاری ج ا، کتاب العلم، نیز موطا امام مالک کتاب العلم)

خلیفہ عمر بن عبدالعزیز کے فرمان کی تعمیل میں ابوبکر بن حزم کے شاگرد ابن شہاب زہری (۵۱ ھ تا ۱۲۵ ھ) نے حدیثوں کے جمع کرنے کا کام شروع کیا۔ بخاری کے مشہور شارح حافظ ابن حجر عسقلانی نے اپنی کتاب فتح الباری شرح بخاری میں ابو نعیم کی تاریخ اصبہان کے حوالہ سے یہ بیان نقل کیا ہے کہ عمر بن عبد العزیز کا یہ حکم صرف مدینہ اور مدینہ کے گورنر کے ساتھ ہی مخصوص نہ تھا بلکہ انہوں نے اسلامی مملکت کے تمام صوبوں کے گورنروں کے نام اسی قسم کا فرمان بھیجا تھا۔

كَتَبَ عُمَرُبْنُ عَبْدِالْعَزِيْزِ اِلَى الْاٰفَاقِ اُنْظُرُوْا حَدِيْثَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَاجْمَعُوْهُ.

(ابن حجر فتح الباری ج اص ۷ امطبوعہ)

عمر بن عبدالعزیز نے تمام مملکت میں لکھا ہے کہ رسول اللہ کی حدیث تلاش کرو اور ان کو جمع کرو۔

حافظ شمس الدین ذہبی اور حافظ ابن عبد البر کے بیان کے بموجب احادیث اور سنن کے دفاتر مرتب ہو کر دارالخلافہ دمشق آئے اور خلیفہ عمر بن عبدالعزیزؒ نے ان کی نقلیں مملکت اسلامیہ کے گوشہ گوشہ میں بھیجیں، چنانچہ سعد بن ابراہیم روایت کرتے ہیں کہ:

اَمَرَنَاعُمَرُبْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بِجَمْعِ السُّنَنِ فَكَتَبْنَا هَادَفْتَرًا دَفْتَرًا، فَبَعَثَ اِلٰى كُلِّ اَرْضٍ لَهُ سُلْطَانٌ دَفْتَرًا.

ہم کو عمر بن عبدالعزیز نے احادیث جمع کرنے کا حکم دیا اور ہم نے دفتر کے دفتر حدیثیں لکھیں۔ انہوں نے جہاں جہاں ان کی حکومت تھی وہاں وہاں ہر جگہ ایک ایک مجموعہ بھیجا۔

(ذہبی: تذکرۃ الحفاظ ج اص ۱۰۶ مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد)

نیز ابن عبدالبر: مختصر جامع بیان العلم ص ۳۸ مطبوعہ مصر۔

چنانچہ ابو عینیہ کا بیان ہے کہ حضرت عائشہؓ کی حدیثوں کو سب لوگوں سے زیادہ جاننے والے عمرہ اور قاسم بن محمد تھے[1]۔بی بی عائشہؓ کے علم و فضل کے کیا کہنے، حدیث، فقہ، شاعری، انساب، تاریخ عرب اور طب غرض ہر فن میں طاق تھیں۔ بڑے بڑے صحابہ آپ کی قانون دانی اور نکتہ رسی کا لوہا مانتے تھے۔

(ج) روایت ہے کہ حضرت ابو بکر صدیقؓ نے بھی احادیث نبویہ جمع کی تھیں اور اس رسالے میں پانچ سو ۵۰۰ حدیثیں تھیں، پھر خود آپ ہی نے یہ سوچ کر اسے تلف کر دیا کہ کہیں یاد کی سہو سے کوئی غلط لفظ آں حضرت ﷺ کی طرف منسوب نہ ہو گیا ہو چنانچہ تذکرۃ الحفاظ میں قاسم بن محمد کی روایت ہے:

قَالَتْ عائِشَةُ: جَمعَ اَبِیْ الحدِیْثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہ ﷺ وَكَانَتْ خَمْسَ مِائَة حَدِیْثٍ.فبَاتَ لَیْلَةً یَتقَلَّبُ كَثِیْرًا، قَالَتْ : فَغَمَّنِیْ فَقُلْتُ : اتتقلبُ لشكوٰی اَوْ بِشَیٍٔ بَلَغكَ؟فلمَّا اصبحَ : قَالَ : اَیْ بُنَیةُ!هَلمّی الاَحَادِیْثَ الَّتِیْ عِنْدكَ فَجِئتُهُ بِهَا، فد عابنارٍ فحرّقهَا. فَقُلْتُ : لِمَ حرّقتَهَا؟قَالَ: خَشِیْتُ اَنْ اَمُوْتَ وَهِیَ عِنْدِیْ فَیَكُوْنُ فِیْهَا اَحَادِیْثُ عَنْ رَجُلٍ قَدْائتمنتُهُ وَوَثِقْتُ وَلَمْ یَكُنْ كَمَا حَدَّثَنِیْ فَاكُوْنُ قَدْ نَقَلتُ ذَالِكَ فَهٰذَا لایصحُ، وَاللّٰهُ اَعْلَمُ.[2]

حضرت عائشہؓ نے کہا کہ میرے باپ نے رسول اللہ ﷺ کی پانچ سو (۵۰۰) حدیثیں جمع کیں۔

پھر ایک رات بڑی بے چینی سے کروٹیں بدلنے لگے۔

(۱) تہذیب التہذیب لابن حجر ۷/۱۸۲ نمبر ۳۵۱۔

(۲) الذہبی: تذکرۃ الحفاظ ۱/۵ مطبوعہ دائرۃ المعارف حیدر آباد دکن۔

حضرت عائشہؓ کہتی ہیں کہ اس سے مجھے بہت رنج ہوا۔ میں نے کہا کہ آپ مرض کی وجہ سے کرتے ہیں یا کوئی اور بات ہے؟ جب صبح ہوئی تو مجھ سے کہا کہ بیٹی! تمہارے پاس جو حدیث کی کتاب ہے وہ لے آؤ۔ چنانچہ میں وہ لے آئی تو آپ نے آگ منگا کر اسے جلادیا۔ میں نے کہا آپ نے اسے کیوں جلایا؟ فرمایا کہ مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ میں مر جاؤں اور یہ کتاب چھوڑ جاؤں شاید اس میں کسی ایسے شخص کی بھی حدیث ہو جو میرے نزدیک تو معتبر ہو اور وہ حقیقت میں معتبر نہ ہو اور میں نے اس کو نقل تو کر دیا اور وہ صحیح نہ ہو اور اللہ بہتر جانتا ہے۔

(د) حضرت عمر فاروقؓ نے بھی احادیث نبویہ کو حکومت کی جانب سے جمع کرنے کا اہتمام کیا اور صحابہ کرام سے مشورہ کیا اور ان سب نے احادیث کو لکھ لینے کا مشورہ دیا لیکن پھر آپ نے یہ ارادہ منسوخ کر دیا چنانچہ محدث عبد الرزاق بن ہمام الصنعانی الیمانی اپنے مصنف میں لکھتے ہیں:

اَرَادَ عُمَرُ اَنْ یَکْتُبَ سُنَنًا فَاسْتَشَارَ اَصْحَابَ رَسُوْلَ اللّٰہِ ﷺ فِیْ ذَالِکَ. فَاَشَارُوْا عَلَیْہِ اَنْ یَکْتُبَہَا فَطَفِقَ یَسْتَخِرُ اللّٰہَ فِیْہَا شَہْرًا ثُمَّ اَصْبَحَ یَوْمًا وَقَدْ عَزَمَ لَہٗ، فَقَالَ: اِنِّیْ کُنْتُ اُرِیْدُ اَنْ اَکْتُبَ السُّنَنَ وَاِنِّیْ ذَکَرْتُ قَوْمًا کَانُوْا قَبْلَکُمْ کَتَبُوْا کُتُبًا وَتَرَکُوْا کِتَابَ اللّٰہِ. (۱)

حضرت عمرؓ نے احادیث کو ایک کتاب میں لکھنے کا ارادہ کیا اور رسول اللہ ﷺ کے صحابہ سے اس بارے میں مشورہ کیا اور انہوں نے

---

(۱) مصنف عبد الرزاق۔ باب کتاب العلم (مخطوط ترکی و حیدر آباد دکن)

مشورہ دیا کہ احادیث کو لکھ لیا جائے پھر حضرت عمرؓ ایک ماہ تک
استخارہ کرتے رہے پھر ایک دن صبح میں اٹھے اور انہوں نے اس کا
ارادہ کر لیا تھا پھر فرمایا کہ میں احادیث کو لکھ لینے کا ارادہ کر رہا تھا
پھر بعد میں مجھے اس قوم کا خیال آیا جو ہم سے پہلے گذری اس نے خود
ایک کتاب لکھی اور (اس جانب ہمہ تن اس قدر متوجہ ہو گئی کہ) اللہ
کی کتاب ہی کو چھوڑ دیا۔

(ھ) حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے متعلق بخاری [1] میں یہ روایت ملتی ہے کہ
اَبُو جُحَیفَۃَ کہتے ہیں کہ میں نے علی بن ابی طالبؓ سے پوچھا: کیا آپ کے پاس کوئی
کتاب ہے؟ کہا: نہیں، بجز کتاب اللہ (قرآن) کے یا ایسی سمجھ کے جو کسی مسلمان شخص
کو حاصل ہو اور جو کچھ اس صحیفے میں ہے! ابو جحیفہؓ کہتے ہیں، میں نے پوچھا: تو پھر اس
صحیفے میں کیا ہے؟ کہا: خوں بہا اور قیدیوں کو رہا کرانے (کے قواعد) اور یہ کہ کسی
مسلمان کو کسی کافر کے باعث قتل نہ کیا جائے۔" ایک اور روایت [2] کے الفاظ بخاری
میں یوں ہیں: "حضرت علیؓ نے ہمارے سامنے خطبہ دیا اور کہا ہمارے پاس کوئی کتاب
نہیں ہے جسے ہم پڑھیں بجز کتاب اللہ (قرآن) کے یا جو اس صحیفے میں ہے اور کہا کہ
اس میں زخم کے ہر جانے کے قواعد (جراحات)، اونٹوں کی عمریں (بغرض زکوۃ) ہیں
اور یہ درج ہے کہ مدینہ جبل عیر سے فلاں مقام تک حرم ہے جو کوئی وہاں قتل کا
ارتکاب کرے، یا قاتل کو پناہ دے تو اس پر اللہ، فرشتوں، انسانوں سب ہی کی لعنت
ہے۔ (قیامت کے دن) اس سے کوئی رقمی معاوضہ یا بدلہ قبول نہیں کیا جائے گا اور جو

---

(۱) بخاری ج ا کتاب العلم، باب کتابة العلم۔

(۲) صحیح بخاری' ابواب الجهاد والسیر' باب ذمة المسلمین۔

معاہداتی بھائی اپنے معاہداتی بھائی (فریق ثانی) کی اجازت کے بغیر کسی اور گروہ سے معاہداتی بھائی چارہ اختیار کرے تو اس پر بھی اسی طرح (لعنت) ہے۔ مسلمانوں (میں سے ہر ایک) کی ذمہ داری ایک ہی ہے (یعنی ایک کا دیا ہوا امن سب پر پابندی عائد کرتا ہے) جو کسی مسلمان سے عہد شکنی کرے تو اس پر بھی اسی طرح (لعنت) ہے۔" بخاری ہی کی ایک اور روایت [1] اس سے ذرا زیادہ مفصل ہے۔ اس کا درمیانی فقرہ یوں ہے: "مسلمانوں کی ذمہ داری ایک ہی ہے۔ ان میں سے جو قریب ترین ہو وہ اس کی (تکمیل کی) کوشش کرے گا اور جو کوئی کسی مسلمان سے عہد شکنی کرے گا تو اس پر لعنت، وغیرہ۔۔۔ غالباً اس سے مراد دستور مدینہ [2] ہے۔ جس کا اوپر ذکر آیا ہے اور جو ۱ھ میں رسول اکرم ﷺ نے نافذ فرمایا۔ محولہ قواعد اس میں موجود ہیں۔ اس واقع کی ایک دوسری روایت جو مصنف عبدالرزاق بن همام الصنعانی [3] میں ہے اور جو امام جعفر صادقؒ سے مروی ہے، یہ ہے "جعفر بن محمد نے اپنے باپ سے اور انہوں نے اپنے باپ سے روایت کی ہے کہ انہیں رسول اکرم ﷺ کی تلوار کے قبضے پر ایک صحیفہ بندھا ہوا ملا۔ اس میں یہ بھی تھا کہ اللہ پر سب سے زیادہ گراں وہ شخص گزرتا ہے جو ایسے آدمی کو قتل کرے جو اسے قتل نہ کر رہا ہو اور ایسے آدمی کو مار پیٹ کرے جو اسے مار پیٹ نہ کر رہا ہو اور یہ کہ جو کسی قاتل کو پناہ دے تو قیامت کے دن اللہ اس سے کوئی رتی معاوضہ یا بدلہ قبول نہ کرے گا"۔۔۔ اس اقتباس کا پہلا جز (بطور

---

(۱) ایضاً، باب إثم من عاهد ثم غدر۔

(۲) دنیا کا پہلا "تحریری دستور مملکت" (در کتاب: عہد نبوی کا نظام حکمرانی)

(۳) مصنف عبدالرزاق جلد دوم باب النهبة ومن آوى محدثا" (مخطوطہ حیدر آباد و ترکی) اس حوالے کے لئے میں ڈاکٹر محمد یوسف الدین کا ممنون ہوں، امتاع مقریزی (۱/۱۰۷) میں صراحت ہے کہ دستور مدینہ رسول اکرم ﷺ کی تلوار پر لٹکتا رہتا تھا۔

تشریح) اور دوسرا جز تقریباً بلفظ مذکورہ دستور مدینہ سے ماخوذ ہے۔ ایک تیسری روایت سنن ابی داؤد[1] میں ہے جو یہ ہے: علیؓ سے مروی ہے: ہم نے رسول اللہ ﷺ (کے ارشادات) سے بجز قرآن اور اس چیز کے جو اس صحیفے میں ہے، کچھ نہ لکھا، کہا: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مدینہ جبل عائر سے جبل ثور[2] تک ایک حرم ہے جو کوئی قتل کا ارتکاب کرے یا قاتل کو پناہ دے تو اس پر اللہ، فرشتوں اور انسانوں سب کی لعنت ہے۔ اس سے کوئی بدلہ یا رقمی معاوضہ قبول نہ ہوگا جو کسی مسلمان سے عہد شکنی کرے تو اس پر اللہ، فرشتوں اور انسانوں سب کی لعنت ہے۔ اس سے کوئی بدلہ یا رقمی معاوضہ قبول نہ ہوگا اور جو معاہداتی بھائی اپنے معاہداتی بھائی کی اجازت کے بغیر کسی اور گروہ سے معاہداتی بھائی چارہ اختیار کرلے تو اس پر اللہ، فرشتوں اور انسانوں سب کی لعنت ہے۔ اس سے کوئی بدلہ رقمی معاوضہ قبول نہ ہوگا۔

ابن المثنی بیان کرتے ہیں..... اس قصے میں علیؓ نے نبی ﷺ سے روایت کی ہے کہ فرمایا: اس (حرم مدینہ) کا نہ گھاس کاٹا جائے نہ شکار بھڑکایا جائے۔ نہ کوئی لقطہ (کسی کی گری پڑی چیز) اٹھائی جائے بجز اس کے کہ مالک کی تلاش میں عوام کو اطلاع دی جائے، اسی طرح کسی شخص کے لئے یہ درست نہیں کہ لڑائی کے لئے وہاں ہتھیار اٹھائے اور نہ یہ درست ہے کہ وہاں کا کوئی درخت کاٹے بجز اس کے کہ کوئی شخص اپنے اونٹ کو چارہ دے"...... یہ اقتباسات بھی دستور مدینہ کا کہیں بلفظ انتخاب اور کہیں شرح ہیں۔

یہ امر قابل ذکر ہے کہ صحیح بخاری کے ایک اور باب (یعنی کتاب الاعتصام

(۱) سنن ابی داؤد کتاب المناسک "باب فی تحریم المدینۃ"۔

(۲) جبل عائر یا عیر مدینے کی جنوبی حد ہے اور جبل ثور (جو احد کے مغرب میں ہے) شمالی حد ہے۔ نقشہ کے لئے میری کتاب "عہد نبوی کے میدان جنگ" ملاحظہ ہو۔

بالکتاب والسنة)[1] میں اس واقع کی جو تفصیل ملتی ہے، اس سے گمان ہوتا ہے کہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کا یہ صحیفہ کافی طویل تھا اور وہ کم سے کم چار سرکاری دستاویزوں کا مجموعہ تھا یعنی جدول زکوٰۃ، مدینے کو حرم قرار دینے کا اعلان، دستور مدینہ اور خطبہ حجۃ الوداع۔ ممکن ہے یہ دستاویزیں حضرت علیؓ نے آں حضرت ﷺ کے حکم سے لکھی ہوں اور مثلاً جدول زکوٰۃ کی نقلیں مختلف صوبوں میں بھیجی گئیں تو اصل مدینے ہی میں محفوظ رہی۔ اس سلسلے میں ہم نے خطبہ حجۃ الوداع کا بھی تذکرہ کیا ہے کیونکہ زیر بحث حدیث کا ایک جزء اس مشہور خطبے میں بھی ملتا ہے[۲]۔ ممکن ہے کہ یہی جز خطبہ فتح مکہ میں بھی رہا ہے جو حضرت ابو شاہ کو لکھوا دیا گیا تھا جیسا کہ اوپر ذکر ہوا۔ یہ بھی گمان ہوتا ہے کہ حضرت علیؓ نے ان مختلف دستاویزوں کو ایک کے نیچے ایک چسپاں کر کے لپیٹ رکھا تھا۔ کتاب کی صورت میں جزء بندی نہ کی تھی۔ بہر حال بخاری کی زیر بحث حدیث یہ ہے علیؓ نے ہمیں مخاطب کیا، ایک منبر پر چڑھے جو اینٹوں سے بنا ہوا تھا۔ آپ پر ایک تلوار لگی ہوئی تھی جس میں ایک صحیفہ لٹکا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! ہمارے پاس کوئی کتاب نہیں ہے جو پڑھی جائے بجز کتاب اللہ (قرآن) کے یا جو کچھ اس صحیفے میں ہے۔ پھر آپ نے اسے پھیلایا (فَنشرَھا) تو اس میں اونٹوں کی عمریں درج تھیں۔ اسی طرح اس میں لکھا تھا کہ عیر سے فلاں مقام تک مدینہ ایک حرم ہے جو کوئی اس میں قتل کا ارتکاب کرے تو اس پر اللہ، فرشتوں، انسانوں سب کی لعنت ہے۔ اس طرح اس میں لکھا تھا کہ مسلمانوں کی ذمہ داری واحد ہے جس کے لئے ان میں کا قریب ترین شخص جدوجہد کرے گا اور جو کوئی کسی مسلمان کے کیے ہوئے عہد کو

---

(۱) بخاری، کتاب الاعتصام بالکتاب والسنه، باب مایکره من التعمق والتنازع فی العلم حدیث نمبر۔ ۲

(۱) مین متن کیلئے دیکھئے: الوثائق السیاسیہ نمبر ۲۸۷/ب۔

توڑے تو اس پر اللہ، فرشتوں، انسانوں سب کی لعنت ہے۔ اللہ ایسے شخص سے کوئی بدلہ یا معاوضہ قبول نہ کرے گا۔ اسی طرح اس میں لکھا تھا کہ جو کسی گروہ سے اس کے مولاؤں کی اجازت کے بغیر قانونی بھائی چارہ اختیار کرے تو اس پر اللہ، فرشتوں اور سب انسانوں کی لعنت ہے، اللہ ایسے سے کوئی بدلہ یا معاوضہ قبول نہ کرے گا۔

(ھ) حضرت عبد اللہ بن اوفیٰ ؓ بھی جو حدیثیں لکھا کرتے تھے اور ایسا نظر آتا ہے کہ وہ خط و کتابت کے ذریعے سے درس بھی دیا کرتے تھے۔ جیسا کہ صحیح بخاری کے متعدد ابواب میں نظر آتا ہے، چنانچہ انہوں نے مشہور کتاب المغازی کے مؤلف موسیٰ بن عقبہ سے روایت کی ہے کہ: عمر بن عبد اللہ کے مولیٰ (آزاد کردہ غلام) سالم ابو النصر جو اس (عمر بن عبد اللہ) کے کاتب تھے۔ مروی ہے کہ عبد اللہ بن اوفی نے خط لکھا اور میں نے وہ پڑھا۔۔۔ ایک اور روایت کے الفاظ ہیں: ”جب وہ حروریوں سے لڑنے روانہ ہوا تو عبد اللہ بن اوفی نے اسے خط لکھا جسے میں نے پڑھا۔ اس میں لکھا تھا۔۔۔ کہ رسول اللہ ﷺ اپنے ایک غزوہ میں، جس میں دشمن سے دوچار ہوئے انتظار فرماتے رہے یہاں تک کہ آفتاب ڈھل گیا۔ پھر آپ ﷺ اٹھے اور لوگوں کو مخاطب فرمایا اور کہا: اے لوگو! دشمن سے دور چار ہونے کی تمنا نہ کرو بلکہ اللہ سے عافیت کے طلب گار رہو لیکن جب اس سے دوچار ہو جاؤ تو صبر و ثبات دکھاؤ اور جان لو کہ جنت تلواروں کے سائے میں ہے۔ پھر آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے کتاب کے نازل فرمانے والے، بادل کو چلانے والے اور متحدہ لشکروں (احزاب) کو شکست دینے والے اللہ، ان کو شکست دے اور ہم کو ان پر نصرت عطا فرما[1]۔

---

(۱) صحیح بخاری باب لا تمنوا لقاء العدو، باب اذا لم یقاتل اول النہار، باب الصبر عند القتال (تین روایتیں)

(و) حضرت سمرہ بن جندبؓ نے بھی حدیثیں جمع کیں جو ان کے بیٹے سلمان بن سمرہ کو وراثت میں ملیں۔ ابن حجر[1] نے لکھا ہے کہ "سلیمان نے اپنے باپ کے حوالے سے ایک بڑا رسالہ (نسخہ کبیرہ) روایت کیا ہے۔" نیز "ابن سیرین کہتے ہیں کہ سمرہ نے اپنے بیٹوں کے لئے جو رسالہ لکھا اس میں بہت علم (علمٌ کثیرٌ) پایا جاتا ہے[2]۔"

(ز) حضرت سعد بن عبادہ انصاریؓ تو زمانہ جاہلیت میں بھی لکھنا پڑھنا جاننے وغیرہ کے باعث "مرد کامل" سمجھے جاتے تھے[3]۔ ان کے پاس ایک صحیفہ تھا جس میں انہوں نے احادیث نبوی جمع کی تھیں۔ اس کی روایت ان کے بیٹے نے کی ہے[4]۔

(ح) معلوم نہیں حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے خود کوئی حدیثیں لکھیں یا نہیں۔ لیکن طبقات ابن سعد میں سلمان بن موسیٰ کی روایت ہے کہ "ابن عمر کے مولیٰ یعنی نافع کو دیکھا کہ ابن عمرؓ اسے املاء کرا رہے تھے اور نافع لکھتے جا رہے تھے۔" نافع ایک بہت بڑے عالم اور حضرت ابن عمرؓ کے سب سے قابل شاگرد تھے اور اپنے استاد (ابن عمرؓ) کی صحبت میں پورے تیں (٣٠) سال گزار چکے تھے۔ ناگزیر انہوں نے اپنے استاد کے سارے معلومات حاصل کر لئے ہوں گے۔ حضرت ابن عمرؓ فخر سے فرمایا کرتے

---

(١) ابن حجر: تہذیب التہذیب ١٩٨/٤۔

(٢) ابن حجر: تہذیب التہذیب ٢٣٦/٤ نمبر (٤٠١)

(٣) ابن سعد، طبقات جلد سوم حصہ دوم ص ١٤٢، تہذیب التہذیب ٤٧٥/٣ نمبر (٨٨٣) جو لوگ لکھنے پڑھنے کے ساتھ ساتھ تیر اندازی اور پیراکی جانتے تھے انہیں کامل کہا جاتا تھا۔ چنانچہ مورخ بلاذری کا بیان ہے کہ "سعد بن عبادہ، اسید بن حضیر اور عبداللہ بن ابی اور اوس بن خولی کامل تھے یعنی کتابت کے ساتھ تیر اندازی اور شناوری بھی جانتے تھے" (بلاذری: فتوح البلدان ص ٤٧٤) خط کی ابتداء۔

(٤) مناظر احسن گیلانی مقالہ بالا (بحوالہ ترمذی، کتاب الاحکام)

تھے کہ ''نافع کا وجود ہم پر اللہ کا ایک بڑا احسان ہے''[1]۔

(ط) حضرت عبد اللہ بن عباسؓ کی علمی زندگی اتنی مشہور ہے کہ اس کی تفصیل کی حاجت نہیں۔ یہ تواتر سے ثابت ہے کہ ان کی وفات ہوئی تو اتنی تالیفیں چھوڑیں کہ ایک اونٹ پر لادی جاسکتی تھی۔ ترمذی[2] نے ان کے مولیٰ اور شاگرد عِکْرِمَہ کے حوالے سے روایت کی ہے کہ کچھ اہل طائف ابن عباسؓ کے پاس آئے اور ان کی کتابوں کو نقل کرنا چاہا چنانچہ ابن عباسؓ ان کو پڑھ کر املاء کراتے گئے'' دارمی، ابن سعد، وغیرہ[3] نے ان کے ایک اور شاگرد سعید بن جبیر سے روایت کی ہے کہ ابن عباسؓ جو املاء کراتے تھے، اسے وہ لکھتے جاتے تھے۔ بعض وقت اثناء درس میں کاغذ ختم ہو جاتا تو وہ اپنے لباس پر، ہتیلی پر، حتیٰ کہ اپنی چپل پر بھی لکھ لیتے پھر گھر جا کر اس کی نقل کر لیتے۔

یہ بھی اشارہ کیا جاسکتا ہے کہ علاوہ مستقل تالیفوں کے حضرت ابن عباسؓ حدیث کی خط و کتابت کے ذریعہ سے بھی تعلیم دیتے تھے چنانچہ سنن ابی داوٗد میں ابن ابی ملیکہ کی روایت ہے کہ ابن عباسؓ نے مجھے لکھ بھیجا کہ ''رسول اللہ ﷺ نے فیصلہ فرمایا تھا کہ حلف مدعیٰ علیہ کو دیا جائے گا''[4]۔

جب حضرت عبد اللہ بن عباسؓ کا انتقال ہوا تو ان کے بیٹے علی بن عبد اللہ اپنے باپ کی کتابوں کے وارث بنے اور اس طرح اس سرچشمہ علم کی فیض رسانی کا سلسلہ ان کے بعد بھی جاری رہا۔

---

(۱) تہذیب التہذیب لابن حجر ۱۰/۴۱۳ نمبر (۷۴۲)

(۲) ترمذی کتاب العلل (بحوالہ مناظر احسن گیلانی)

(۳) بحوالہ مناظر احسن گیلانی۔

(۴) سنن ابی داوٗد، کتاب الاقضیہ، باب الیمین علی المدعی علیہ۔

بعض دیگر صحابہ :

(ی) مولوی عبد الصمد صارم صاحب نے اپنی کتاب اردو تالیف ”عرض الانوار المعروف بتاریخ القرآن“ (طبع دہلی ۱۳۵۹ھ) میں بھی اس موضوع پر چند معلومات لکھی ہیں[1]۔

افسوس ہے کہ اس میں حوالے ناتمام ہیں جن کے باعث تلاش آسان نہیں۔ بہرحال وہ لکھتے ہیں کہ انہیں ”الجامع الصغیر“ میں اس کا ذکر ملا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے جو حدیثیں جمع کی تھیں، وہ ان کے بیٹے کے پاس پائی گئیں۔ بعض دیگر تالیفیں، جن کی طرف صارم صاحب نے اشارہ کیا ہے وہ وہی ہیں جن کا اوپر ذکر آچکا ہے، البتہ انہوں نے سعد بن الربیع بن عمرو بن ابی زہیر انصاریؓ کی تالیف کا، کتاب اسد الغابہ کے حوالے سے جو ذکر کیا ہے، وہ ان کتابوں میں (جو حروف تہجی پر مرتب ہیں) متعلقہ ناموں کے تحت نہ ملا۔ ممکن ہے کسی اور کتاب میں انہوں نے یہ تذکرہ پڑھا ہو۔

(ک) صحیح بخاری کے ”باب الذکر بعد الصلاۃ“ میں مروی ہے کہ المغیرہ بن شعبہؓ نے حضرت معاویہؓ کو، بظاہر ان کی دریافت پر، بعض حدیثیں اپنے کاتب کو املاء کرا کے روانہ کیں۔

(ل) رسول کریم ﷺ کے خادم حضرت ابو بکرۃ کے متعلق سنن ابی داؤد میں یہ واقعہ درج ہے کہ ”عبدالرحمن بن ابی بکرہ کہتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے لکھ بھیجا کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ کوئی پنچ غصے کی حالت میں دو آدمیوں کے مقدمہ کا فیصلہ نہ کرے[2]“۔

---

(۱) دیکھئے عرض الانوار المعروف بتاریخ القرآن ص ۱۷۳ ومابعد۔

(۲) سنن ابی داؤد، کتاب الاقضیہ باب القاضی یقضی وھو غضبان۔

تلاش پر توقع ہے کہ بعض اور صحابہ کی تحریری یادداشتوں کا بھی پتہ چلے۔ فی الحال ان نمونوں پر اکتفا کی جاتی ہے اور صرف ایک اور صحابی کا مزید ذکر کیا جاتا ہے جن سے زیر اشاعت رسالے کو خاص تعلق ہے۔

حضرت ابوہریرہ الدوسیؓ:

(م) یمن کے قبیلہ دوس سے تعلق رکھنے والے حضرت ابوہریرہؓ نے اگرچہ ہجرت نبوی کے کئی سال بعد ۷ھ میں مدینہ میں آکر اسلام قبول کیا لیکن قدیم تر زمانے میں مسلمان ہونے والے کے مقابلے میں احادیث نبوی کی زیادہ روایت کی ہے اس کی وجہ وہ خود بیان کرتے ہیں (جیسا کہ صحیح بخاری میں نقل ہوا ہے) کہ "ابوہریرہؓ نے کہا: لوگ (اعتراض سے) کہتے ہیں کہ ابوہریرہ (حدیث کی روایت) بہت کرتا ہے! اگر کتاب اللہ میں دو آیتیں نہ ہوتیں تو میں ایک حدیث بھی بیان نہ کرتا پھر وہ ﴿اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْتُمُوْنَ مَا اَنْزَلْنَا مِنَ الْبَیِّنٰت﴾ سے لفظ "الرحیم" تک (قرآن سورہ ۲ آیت ۱۵۹ تا ۱۶۰) کی تلاوت کرتے (جس کا ترجمہ ہے: بے شک جو لوگ چھپاتے ہیں اس چیز کو جو ہم نے کھلی واضح باتوں اور ہدایت کے طور پر نازل کی ہے اور یہ اس امر کے بعد ہم نے اسے لوگوں کے لئے کتاب (قرآن) میں بیان کر دیا ہے تو ایسوں پر اللہ بھی لعنت کرتا ہے اور لعنت کرنے والے (لوگ یا فرشتے بھی) لعنت کرتے ہیں۔ بجز ان لوگوں کے جنھوں نے توبہ اور اصلاح کر لی ہو اور بیان کرنے لگے ہوں تو ایسوں کی توبہ میں قبول کرتا ہوں اور میں بہت توبہ قبول کرنے والا، بہت رحم کرنے والا ہوں) ہمارے مہاجر بھائی بازاروں میں خرید و فروخت میں مشغول رہتے تھے اور ہمارے انصاری بھائی اپنی زمینوں میں (زراعت و باغبانی کے) کام میں مشغول رہتے تھے تو ابوہریرہؓ

پیٹ بھرا بن کر رسول اللہ ﷺ سے چمٹا رہتا تھا۔ وہ ایسے موقعوں پر حاضر رہتا تھا جب وہ حاضر نہیں رہتے تھے اور ایسی باتیں (دیکھ کر) یاد رکھتا تھا جن کا انہیں علم نہ ہوتا تھا"[۱]۔

حضرت ابو ہریرہؓ نہ صرف پڑھے لکھے تھے بلکہ انہیں علمی ذوق شروع ہی سے رہا۔ حیرت نہ ہو کہ یمن کے متمدن اور ترقی یافتہ علاقے سے آرہے تھے، جہاں سبا و معین کا تمدن شہر روما کے قیام سے ہزاروں برس پہلے اوج عروج کو پہنچ چکا تھا اور جس کی روایتیں یہودی اور عیسائی حکومتوں[۲] کے زمانے میں بھی مسلسل چلی آتی رہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ نئے نئے مسلمان ہوتے ہی قرآن، حدیث، عام مشاہدات بارگاہ نبوی ہر چیز کو لکھنے لگے تو خلط مبحث کر جانے کے خوف سے رسول اکرم ﷺ نے ان کو شروع میں قرآن کے سوا دوسری چیزیں لکھنے سے منع کر دیا۔ جس پر انہوں نے اپنا ذخیرہ (جو غالباً اونٹ، بکری کی شانے کی ہڈیوں وغیرہ پر مشتمل تھا) جلا ڈالا[۳] لیکن بعد میں جب قرآن کو اچھی طرح حفظ کر لیا تو یہ ممانعت باقی نہ رہی۔

اگر عہد نبوی میں انہیں لکھنے، پڑھنے اور سیکھنے کا ایک بے پناہ شوق تھا، تو بعد کے دور میں اشاعت علم کا ذوق بھی کم نہ رہا۔ چنانچہ امام بخاری کے حوالے سے ابن حجر[۴] نے لکھا ہے کہ "ابو ہریرہؓ سے تقریباً آٹھ سو یا اس سے زیادہ صحابہ، تابعین اور دیگر اہل علم نے حدیث کی روایت کی ہے۔"

---

(۱) بخاری، کتاب العلم۔ باب حفظ العلم۔

(۲) ذونواس اور ابرہہ کی طرف اشارہ ہے۔

(۳) مسند حنبل جلد ۳ ص ۱۲ تا ۱۱۳ ایسی ہی ممانعت شروع میں ابو سعید الخدری کو بھی کی گئی تھی (ترمذی، ابواب العلم، باب ماجاء فی کراھیة کتابة العلم)

(۴) ابن حجر: تہذیب التہذیب ۲۶۵/۱۲ نمبر (۱۲۱۶)

ان کا حافظہ بہت اچھا تھا جیسا کہ آگے بیان ہوگا اور ساتھ ہی بہت کھرے تھے اور اپنی دانست میں جو بات حق سمجھتے، اس کے بیان کرنے میں بڑے چھوٹے کسی کی پرواہ نہ کرتے۔ لیکن حق پرست بھی تھے، اپنی غلطی دیکھ لیتے تو بلا تکلف پوری خوشی سے قبول کر لیتے۔ ان پر اور جو بھی اعتراض کیا جائے، ان کی دیانت و صداقت خفیف ترین شابے سے بھی قطعاً پاک ہے۔ عہد صحابہ میں بعض وقت ان پر کچھ گرفت ہوئی۔ تو ان کی صلاحیت استنباط یا فقہ دانی کے متعلق تھی۔ ایک چھوٹے واقعے سے اس کا اندازہ ہوگا۔ انہوں نے ایک مرتبہ دیکھا کہ کھانے سے فراغت کے بعد رسول اکرم ﷺ نے اولاً وضو فرمایا پھر نماز اداء کی۔ انہوں نے اس چشم دید واقعے کی بناء پر یہ مسئلہ یاد کرنا شروع کیا کہ پکائی ہوئی چیز کے کھانے سے وضو ٹوٹ جاتا ہے۔ اصل میں انہوں نے اس پر غور نہیں کیا تھا کہ زیر بحث کھانے کے وقت آیا رسول اکرم باوضو تھے یا نہیں۔ بہر حال ان کے اس فتوے پر ایک نو عمر دوست (غالباً ابن عباسؓ) نے پوچھا کہ آیا گرم کئے ہوئے پانی سے وضو جائز ہے یا نہیں؟ (گرم پانی پکائی ہوئی چیز کی تعریف میں آجاتا ہے)

غرض بطور فقیہ حضرت ابو ہریرہؓ کا وہ درجہ نہیں جو خلفاء راشدین، عبد اللہ بن مسعود، بی بی عائشہ، ابن عمر، وغیرہ (رضی اللہ عنہم) کا ہے لیکن ان کی روایتوں میں سے ان کی ذاتی رائے کو ان کے مشاہدات و مسموعات سے جدا کر لیا جائے تو حدیث نبوی کی حد تک وہ ہمارے لئے ایک بڑے قیمتی ماخذ اور انمول معلومات کا ذریعہ ہیں۔

خود ابو ہریرہؓ (اپنے حافظے کی خوبی کو رسول اکرم ﷺ کی دعا کی برکت قرار دیتے ہیں۔ ان کے حافظے کی شہرت دیکھ کر ایک مرتبہ مروان بن الحکم نے ان کا امتحان لیا۔ (وہ مدینے کا گورنر تھا)، چنانچہ اس نے ایک دن انہیں بلایا۔ ادھر ادھر کی باتوں کے

بعد حدیثیں پوچھنی شروع کیں۔ پردے کے پیچھے ایک کاتب بیٹھا ہوا تھا، اور ابو ہریرہؓ کی لا علمی کی حالت میں ان کی ہر بیان کردہ حدیث کو لکھتا جارہا تھا۔ کاتب کہتا ہے:

"مروان پوچھتا جاتا تھا اور میں لکھتا جاتا تھا۔ جو بہت سی حدیثیں ہو گئیں۔ پھر مروان سال بھر چپ رہنے کے بعد انہیں مکرر بلایا اور مجھے پردے کے پیچھے بٹھایا۔ وہ پوچھتا گیا اور میں تحریر کو دیکھتا گیا۔ انہوں نے نہ ایک حرف زیادہ کیا نہ ایک حرف کم[1]۔ اس سے نہ صرف حضرت ابو ہریرہؓ کے عمدہ حافظے کا پتہ چلتا ہے بلکہ اس کا بھی کہ ان کی بیان کردہ حدیثوں کی ایک تعداد مروان کے حکم سے لکھی بھی گئی اور ان کا ایک مرتبہ "اصل" سے مقابلہ بھی کر لیا گیا۔

مسند ابی ہریرہ کے نسخے عہد صحابہ ہی میں لکھے گئے۔ چنانچہ ابو ہریرؓ کی مسند کا نسخہ عمر بن عبد العزیز کے والد عبد العزیز بن مروان گورنر مصر (المتوفی ۸۶ھ) کے پاس بھی تھا۔ انہوں نے کثیر بن مرہ کو لکھا کہ "تمہارے پاس رسول اللہ ﷺ کے صحابیوں کی جو حدیثیں ہوں انہیں لکھ کر بھیج دو الاَّ حَدِیْث اَبِیْ ہُرَیْرَۃَ فَاِنَّہٗ عِنْدَنَا (یعنی ابو ہریرہؓ کی حدیثوں کے بھیجنے کی ضرورت نہیں کیونکہ وہ ہمارے پاس موجود ہیں)"[2]۔

حضرت ابو ہریرہؓ کی ایک اور تالیف ان کے شاگرد بشیر بن نہیک نے مرتب کی۔ دارمی[3] نے روایت کی ہے: "بشیر کہتے ہیں: میں ابو ہریرہؓ سے جو کچھ سنتا تھا لکھتا جاتا تھا۔ جب میں نے ان سے رخصت ہونا چاہا تو ان کے پاس ان کی کتاب لایا اور انہیں

(۱) کتاب الکنی، البخاری ص ۴۳ (بحوالہ مناظر احسن گیلانی)

(۲) طبقات ابن سعد ج ۷ ص ۱۵۷۔

(۳) بحوالہ مناظر احسن گیلانی۔

پڑھ کر سنائی اور ان سے کہا: یہ وہ چیز ہے جو میں نے آپ سے سنی ہے! انہوں نے کہا: ہاں"۔

ابن وھب کہتے ہیں مجھے ابو ہریرہؓ نے ایک مرتبہ اپنی کتابیں دکھائیں [1] ان کی کتابوں کا ایک اہم واقعہ جو غالباً ان کی پیرانہ سالی کے زمانے کا ہے، قابل ذکر ہے۔ عمرو بن امیہؓ الضمری اوّلین اسلامی سفیر اور عہد نبوی کے بہت ممتاز سفارتی افسر تھے، ان کے ایک فرزند کی جو ابو ہریرہؓ کے شاگرد تھے، روایت ہے:۔

تَحَدَّثْتُ عَنْ اَبِیْ هُرَیرَةَ بِحَدِیْثٍ فَاَنْکَرَ، فَقُلْتُ: اِنِّیْ قَدْ سَمِعْتُهُ مِنْكَ. فَقَالَ: اِنْ كُنْتَ سَمِعْتَهُ مِنِّیْ فَهُوَ مَكْتُوْبٌ عِنْدِیْ. فَاَخَذَبِیَدِیْ اِلٰی بَیْتِهِ فَاَرَانَا كُتُبًا كَثِیْرَةً مِنْ حَدِیْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ فَوَجَدَ ذٰلِكَ الْحَدِیْثَ. فَقَالَ: قَدْ اَخْبَرْتُكَ اِنْ كُنْتُ حَدَّثْتُكَ بِهِ فَهُوَ مَكْتُوْبٌ عِنْدِیْ. [2]

میں نے ابو ہریرہ کی ایک حدیث (انہیں سے) بیان کی انہوں نے ناواقفیت ظاہر کی۔ میں نے کہا میں نے اسے آپ ہی سے سنا ہے۔ کہا: اگر تم نے اسے مجھ سے سنا ہے تو وہ میرے پاس لکھی ہوئی ہونی چاہیے۔ پھر میرا ہاتھ پکڑ کر اپنے گھر لے گئے۔ اور ہم کو حدیث نبوی کی بہت سی کتابیں دکھائیں اور پھر وہ حدیث بھی پائی۔ پھر کہا: میں نے تم سے کہا تھا کہ اگر میں نے وہ حدیث تم سے بیان کی ہے تو وہ میرے پاس لکھی ہوئی ہونی چاہیے۔

---

(۱) فتح الباری لابن حجر ۱/۱۸۴ (بحوالہ ڈاکٹر زبیر صدیقی)

(۲) جامع بیان العلم لابن عبدالبر ۱/۷۴۔

حضرت ابو ہریرہؓ کے اور بھی شاگرد تھے، جن میں سے ایک زیر اشاعت رسالے کے "مؤلف" ہمام بن منبہ بھی ہیں۔ اور یہ تالیف بعینہ محفوظ ہونے سے تا حال دستیاب شدہ کتب حدیث میں قدیم ترین ہے، کیونکہ حضرت ابو ہریرہؓ کی وفات ۵۸ھ یا اس کے لگ بھگ زمانے میں [1] بیان کی جاتی ہے۔ ابو ہریرہؓ بھی یمنی تھے اور ہمام بھی یمن ہی کے باشندے تھے۔ جب ہمام تعلیم کیلئے مدینہ آئے تو فطری تقاضے سے وہ اپنے ممتاز ہم وطن ابو ہریرہؓ ہی کے پاس حاضر ہوئے۔ ابو ہریرہؓ نے اس نوجوان ہم وطن کے لئے رسول اکرم ﷺ کی حدیثوں میں سے کوئی ڈیڑھ سو کا انتخاب کیا۔ یہ زیادہ تر تربیت اخلاق کے متعلق ہیں اور ان حدیثوں کو ایک چھوٹے سے رسالے کی صورت میں مرتب کر کے اپنے شاگرد ہمام کو املاء کرایا۔ اس کی ٹھیک تاریخ معلوم نہیں۔ لیکن یقیناً ابو ہریرہؓ کی وفات سے قبل کا واقعہ ہے جیسا کہ نظر آئے گا، یہ اصل میں حضرت ابو ہریرہؓ کی تالیف ہے جو انہوں نے ہمام بن منبہ کے لئے مرتب کی۔ اس لئے اس کا نام "صحیفه ابی هریرة لهمّام بن مُنبّه" ہونا چاہئے۔ بعض حوالوں سے، جیسا کہ آگے بیان ہو گا، معلوم ہوتا ہے کہ اس کا نام "الصحیفة الصحیحة" تھا۔ یہ قرین قیاس ہے کیونکہ ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ حضرت ابو ہریرہؓ کو اگر کسی صحابی کی حدیث دانی پر رشک تھا تو وہ عبد اللہ بن عمرو بن العاصؓ ہے، جنہوں نے "الصحیفة الصادقة" کے نام سے حدیثوں کا ایک مجموعہ چھوڑا ہے۔ کوئی تعجب نہیں، اس کا دیکھا دیکھی انہوں نے اپنی تالیف حدیث کا نام صحیفہ صحیحہ رکھا ہو۔

بہر حال پہلی صدی ہجری کے تقریباً وسط کی یہ تالیف تاریخی نقطہ نظر سے

---

(۱) طبقات ابن سعد جلد چہارم حصہ دوم ص ۶۳ کے مطابق یہ ۵۹ھ میں اٹھتر سال کی عمر میں فوت ہوئے۔

ایک گراں مایہ یادگار ہے۔ جو لوگ یہ کہتے ہیں کہ حدیث نبوی آں حضرت ﷺ کے دو تین سو سال بعد لکھی جانی شروع ہوئی۔ اور احمد بن حنبلؒ، بخاریؒ، مسلمؒ، ترمذیؒ، جیسے آئمہ کو بھی جعلساز قرار دینا چاہتے ہیں، ان کی دلیل زیادہ تر یہی رہی ہے کہ عہد نبوی یا عہد صحابہ کی حدیث کے متعلق کوئی یادگار موجود نہیں ہے۔ اب عہد صحابہ کی یہ یادگار ہمارے ہاتھ میں ہے اور مقابلہ کرنے پر نظر آتا ہے کہ بعد کے مؤلفوں نے مفہوم تو کیا، کوئی لفظ تک نہیں بدلا۔ صحیفہ ہمام کی ہر حدیث نہ صرف صحاح ستہ میں ابو ہریرہؓ کے حوالے سے ملتی ہے، بلکہ مماثل مفہوم دوسرے صحابہ سے بھی ان کتابوں میں ضرور ملتا اور اس بات کا ثبوت دیتا ہے۔ اس کا انتساب جناب رسالت مآب ﷺ کی طرف فرضی اور بے بنیاد نہیں مثلاً زیر اشاعت رسالے کی حدیث نمبر (۵۶) حضرت انسؓ کے اور نمبر (۱۲۴) ابن عمرؓ کے حوالے سے بھی بخاری نے روایت کی ہے۔

ہَمَّام بِنْ مُنَبِّہ:

ہمام بن منبہ کے حالات جو بھی ملتے ہیں وہ درج ذیل ہیں: طبقات ابن سعد میں لکھا ہے[1]: "وَهَبْ بن مُنَبِّہ کی وفات صنعاء میں ۱۱۰ھ میں ہشام بن عبد الملک کی خلافت کے آغاز میں ہوئی۔ رہے ہمام بن منبہ جو ابناء[2] میں سے ہیں، اور جو اپنے بھائی وہب بن منبہ سے عمر میں بڑے تھے، وہ ابو ہریرہؓ سے (تعلیم کے سلسلے میں) ملے

---

(۱) طبقات ابن سعد جلد ۵ ص ۳۹۶ مطبوعہ لائیڈن، ہالینڈ۔

(۲) ابناء ان ایرانیوں کی اولاد کو کہتے ہیں جو یمن کو فتح کرنے کے بعد وہیں بس گئے تھے۔ یہ فوج کسریٰ نوشیروان نے سیف بن ذی یزن کی درخواست پر حبشیوں سے لڑنے بھیجی تھی (اسد الغابہ جلد اول ص ۱۶۳)

اور ان سے بہت سی حدیثیں روایت کی ہیں۔ ان کی وفات وہب سے پہلے ہوئی یعنی ۱۰۱ھ ایک سو ایک یا دو ہجری میں۔ ان کی کنیت ابو عقبہ تھی"۔

مزید تفصیل ابن حجر نے تہذیب التہذیب، (۱) میں دی ہے جو یہ ہے: "ہمام بن منبہ بن کامل بن شیخ (۲) الیمانی ابو عقبہ الصنعانی الا بناوی نے ابو ہریرہؓ، معاویہؓ، ابن عباسؓ، ابن عمرؓ اور الزبیرؓ سے روایتیں کی ہیں، اور خود ان سے ان کے بھائی وہب بن منبہ، ان کے بھتیجے عقیل بن معقل بن منبہ، علی بن الحسن بن آتش اور معمر بن راشد نے روایتیں کی ہیں۔ اسحاق بن منصور نے ابن معین کے حوالے سے بیان کیا ہے کہ یہ (ہمام) ثقہ تھے۔ ابن حبان نے ان کا تذکرہ اپنی کتاب الثقات میں کیا ہے۔ المیوتی نے احمد سے روایت کی ہے کہ یہ (ہمام) غزوات (اسلامی جنگوں) میں حصہ لیا کرتے اور اپنے بھائی وہب کے لئے کتابیں خریدا کرتے تھے۔ انہوں نے ابو ہریرہؓ کے پاس زانوے شاگردی تہ کیا۔ اور ان سے حدیثیں سنیں جو تقریباً ایک سو چالیس ہیں، سب کی سب ایک اسناد رکھتی ہیں۔ معمر نے ان کا زمانہ پایا جب کہ یہ بوڑھے ہوگئے اور ان کی بھوئیں (حاجب) ان کی آنکھوں پر گر گئی تھیں۔ ہمام نے ان (معمر) کو یہ (حدیثیں) پڑھ کر سنانی شروع کیں لیکن جب تھک گئے تو معمر نے (رسالہ) ہاتھ میں لے لیا اور باقی کو خود پڑھ کر سنایا۔ عبد الرزاق (راوی) یہ نہیں بتا سکتے تھے کہ کونسا حصہ انہوں نے پڑھا اور کونسا ان کو پڑھ کر سنایا گیا۔ ابن سعد نے کہا

(۱) مطبوعہ حیدر آباد، جلد یازدہم، صفحہ ۶۷، حالات نمبر ۱۰۶، نیز جلد اول ص ۵۷۴۔

(۲) یہاں اس طرح شیخ ہے لیکن ان کے بھائی وہب بن منبہ کے حالات (۱۱/ ۱۶۶ نمبر ۲۸۸) میں بغیر نقطوں کے شیخ بن ذی کنار الیمانی الصنعانی الدیاری لکھا ہے۔ ابناء کی آمد یمن میں چھٹی صدی عیسوی کے آواخر میں آں حضرت ﷺ کے ولادت کے بعد ہوئی۔ لیکن یہاں باپ دادا، پڑدادا، سکڑ دادا سب کے نام ایرانی کی جگہ عربی میں دیے ہیں۔ وہ یا تو ایرانی تھے یا نسبت مشتبہ ہے۔

کہ ان کی وفات ۱۳۱ھ اکتیس (احدی وثلثین)[1] میں ہوئی۔ بخاری کا بیان ہے کہ علیؓ نے بیان کیا! میں نے ایک شخص سے جو ہمام بن منبہ سے ملا تھا پوچھا کہ ہمام کی وفات کب ہوئی؟ کہا ۲ ھ دو میں[2]۔ اور ابن عیینہ کے حوالے سے بیان کیا ہے، کہا کہ میں ہمام کی آمد کا دس برس تک انتظار کرتا رہا۔ میں (ابن حجر) کہتا ہوں کہ ابن سعد[3]، الخلیفہ اور ابن حبان نے بیان کیا ہے کہ ان کی وفات ۱۳۱، ۳۲ھ اکتیس یا بتیس میں ہوئی۔ العِجلی نے بیان کیا ہے کہ یہ یمنی، تابعی اور ثقہ تھے۔"

حاجی خلیفہ نے کشف الظنون[4] میں لکھا ہے کہ "الصحیفة الصحیحة" مؤلفہ، ہمام بن منبہ المتوفی ۱۳۱ھ یہ وہی ہے جسے انہوں نے بروایت ابی ہریرہ تالیف کیا" (کتبھا عن ابی ھریرۃؓ)

صحیفۂ ہمام کا تحفظ:

بہر حال ہمام بن منبہ نے اپنے استاد سے حدیثوں کا جو مجموعہ حاصل کیا تھا، اسے نہ تو ضائع کیا اور نہ اپنی ذات کی حد تک مخصوص رکھا، بلکہ اپنی نوبت پر اسے اپنے

---

(۱) جیسا کہ ہم نے ابھی اوپر دیکھا، ابن سعد نے "سنہ ایک سو ایک یا دو" (سنة احدی او اثنتین ومائة) لکھا ہے۔ اور پرانے زمانے میں کسی کاتب کے سہو کے باعث وہ "اکتیس" ہو گیا۔ اور نووی وغیرہ ہر کسی نے وہی نقل کر دیا۔ البتہ بخاری کا "سنہ دو" کہنا ان کو اس سہو سے بچا لیتا ہے۔ وہ غالباً ۱۰۲ھ کہنا چاہتے ہیں جو ابن سعد کی بھی ایک روایت ہے۔

الجمع بین رجال الصحیحین ج ۲ ص ٥٥٤، قال علی بن المدینی عن احل لقی هماما، انه مات سنه اثنتین وثلاثین ومائة وقال ابن سعد توفی سنة احدی وثلاثین ومائة رحمه الله۔

(۲) اور (۳) کیلئے ملاحظہ ہو ص ۵۰ حاشیہ (۱)

(۴) بر موقع (اس کتاب کے کئی مشرقی و مغربی ایڈیشن ہیں)

شاگردوں تک پہنچایا اور رسالہ زیر تذکرہ کی روایت یا تدریس کا مشغلہ انہوں نے پیرانہ سالی تک جاری رکھا۔ یہ درس بہتوں نے لیا ہوگا لیکن خوش قسمتی سے انہیں ایک صاحب ذوق شاگرد معمر بن راشد یمنی بھی مل گئے۔ جنہوں نے بغیر حذف و اضافہ اس رسالے کو اپنے شاگردوں تک پہنچایا۔ معمر کو بھی ایک ممتاز اہل علم بطور شاگرد مل گئے، یہ عبدالرزاق بن ہمام بن نافع الحمیری تھے۔ یہ بھی اسی ملک کے چشم و چراغ ہیں جس کے بارے میں حدیث نبوی وارد ہے کہ اَلاِیْمَانُ یَمَانٍ (ایمان یمن والوں میں ہے)

یہ عبدالرزاق بہت بڑے مؤلف گزرے ہیں۔ انہوں نے المصنف نامی ایک ضخیم کتاب تالیف دو جلدوں میں علم حدیث پر چھوڑی ہے۔ عہد نبوت و عہد صحابہ کی تاریخ سمجھنے میں اس کتاب سے بڑی مدد ملتی ہے۔ مصنف عبدالرزاق کے مخطوطے، استانبول اور یمن میں کامل، اور حیدر آباد دکن، ٹونک اور حیدر آباد سندھ وغیرہ میں ناقص ملتے ہیں۔۔۔ جامعہ عثمانیہ کے فاضل پروفیسر ڈاکٹر محمد یوسف الدین اسے آج کل ایڈٹ کر رہے ہیں اور از ایں چہ بہتر۔۔۔ جہاں تک زیر اشاعت صحیفے کا تعلق ہے۔ عبدالرزاق نے بجنسہ روایت کرنے کا سلسلہ جاری رکھا۔ علم کی خوش قسمتی ہے کہ انہیں دو بڑے ہی اچھے شاگرد ملے، ایک امام احمد بن حنبل[1] اور دوسرے ابوالحسن بن یوسف السلمی، ان دونوں نے ہمارے صحیفے کی خاص خدمت کی۔ امام احمد بن حنبل نے اسے اپنی ضخیم تالیف المسند کے "باب ابوہریرہ"

(۱) امام احمد بن حنبلؒ بمقام بغداد ۱۶۴ھ میں پیدا ہوئے۔ امام شافعیؒ سے درس حاصل کیا اور ۲۴۱ھ میں انتقال ہوا۔ امام بخاریؒ (۱۹۴ھ تا ۲۵۶ھ) اور امام مسلم (۲۰۴ھ تا ۲۶۱ھ) جیسے جلیل القدر محدثین، امام احمدؒ کے شاگرد تھے۔

کی ایک خاص فصل میں بلا حذف و اضافہ ضم کر دیا اور جب تک مسند احمد بن حنبل دنیا میں باقی ہے، صحیفہ ہمام کے بھی باقی رہنے کا سامان کر دیا۔ دوسرے شاگرد سلمی نے اس صحیفے کی مستقل روایت کا سلسلہ جاری رکھا۔ اور ان کو اور ان کے شاگردوں کو نسلاً بعد نسلٍ ایسے شاگرد رشید ملتے گئے۔ جنہوں نے اس قابل قدر یادگار کو آلائش سے پاک اور حفاظت سے رکھا۔ چند نسلوں بعد عبدالوہاب ابن مندہ اصفہانی کا زمانہ آیا تو ان کے دو شاگردوں نے اس رسالے کی حفاظت کا اپنی اپنی جگہ سامان کیا۔ ایک تو ابو الفرج مسعود بن الحسن الثقفی جن کے سلسلے میں محمد ابن حنبل اور اسماعیل بن جماعہ جیسے ممتاز مشاہیر کے نام ملتے ہیں اور کم از کم ۸۵۶ھ تک باقاعدہ درس اور روایت کی اجازت دینے کا سلسلہ جاری رہا۔ دوسرے ان عبدالوہاب ابن مندہ کے دوسرے شاگرد محمد بن احمد اصفہانی ہیں، جن کے شاگرد ایک خراسانی عالم محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن مسعود المسعودی البندھی (پنجدہی)[1] نے صلیبی جنگوں کے زمانے میں ۵۷۷ھ میں مدرسہ ناصریہ صلاحیہ میں (جو سلطان صلاح الدین نے دمیاط یعنی مصر میں قائم کیا تھا) اس کا درس دیا، اتفاق سے یہ اصل نسخہ محفوظ ہے اور ۶۷۰ھ یعنی تقریباً پوری ایک صدی تک اسی نسخے پر نسلاً بعد نسلٍ علماء نے اپنے درس کا مدار رکھا اور اس میں اپنی درس دہی اور حاضر الوقت طلبہ کے نام وغیرہ درج کر کے دستخط کیے۔ اس سماع سے معلوم ہوتا ہے کہ شیخ بندہی جو الملک الافضل بن سلطان صلاح الدین کے استاد تھے، ان کے درس میں دمیاط کا فوجی گورنر، تینیس اور

---

(۱) ان کے حالات کے لئے دیکھو ارشاد یاقوت ۲۰/۷۔ بغیہ سیوطی ص ۶۹۔ بروکلمان کی جرمن (تاریخ ادبیات عربی) ضمیمہ جلد اول ص ۶۰۴ نیز ضمیمہ، ضمیمہ، جلد اول ص ۷۴۳ وفیات ابن خلکان نمبر (۶۳۱)

دمیاط کے متعدد اساتذہ وفضلاء بھی حاضر تھے۔ فیض علم کے ان جاری رکھنے والوں کا شجرہ یوں بنتا ہے:

رسول اکرم ﷺ (۵۳ھ قبل ہجرت تا ۱۰ھ)

ابو ہریرہؓ (فوت ۵۸ھ)

ہمام بن منبہ (فوت ۱۰۱ھ)

ابو عروہ معمر بن راشد (فوت ۱۵۳ھ)

ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام بن نافع (۱۲۱ھ تا ۲۱۱ھ)

امام احمد بن حنبل (۱۶۴ھ تا ۲۴۱ھ)

مطبوعہ

احمد بن یوسف السلمی

ابو بکر محمد بن الحسین القطان (ف ۳۰۲ھ)

[ابراهیم بن محمد القطان]

محمد بن اسحاق ابن منده (۳۱۰ھ تا ۳۹۵ھ)

عبدالوهاب بن محمد ابن منده

مسعود بن الحسن الثقفی

محمود بن ابراهیم ابن منده

محمد بن محمد بن محمد بن هبة الله جهبل

القاسم بن محمود بن مظفر بن عساکر

ابراهیم بن احمد بن عبد الواحد

عبدالله ابن جماعه

اسماعیل ابن جماعه

مخطوطه برلین

محمد بن احمد بن محمد الاصبهانی

محمد بن عبدالرحمن المسعودی، البندی

مخطوطهٔ دمشق

جیسا کہ ہم نے ابھی دیکھا، صحیفۂ ہمام کی جہاں نسلاً بعد نسلٍ مستقل اور علاحدۂ روایت کا سلسلہ جاری رہا، وہیں بعض محدثوں نے اس کو اپنی تالیفوں میں ضم یا مدغم بھی کر لیا۔ ان میں سے امام احمد بن حنبلؒ نے چونکہ مؤلف یا راوی وار حدیثیں مرتب کیں، اس لئے ان کے لئے ممکن تھا کہ صحیفہ ہمام کو بجنسہٖ محفوظ رکھیں اور انہوں نے یہی کیا بھی ہے [(۱)]۔ اس سے جہاں صحیفہ ہمام کے نو دستیاب شدہ مخطوطے کی صحت کی توثیق ہوئی ہے، وہیں خود اس مخطوطے سے مسند بن حنبلؒ کے قابل اعتماد ہونے کا ثبوت ملتا ہے، اللہ نے اس طرح ان دونوں خادمان علم کو جزاء دیتے ہوئے آخرت کے ساتھ دنیا میں بھی سرخ رو کر دیا ہے۔ البتہ دوسرے محدث چونکہ موضوع وار حدیثیں مرتب کرتے رہے، مثلاً امام بخاری وغیرہ، انہوں نے مجبوراً صحیفہ ہمام کی حدیثوں کو اپنی کتابوں کے مختلف ابواب میں منتشر کر دیا ہے۔ مثال کے طور پر سرسری تلاش میں صحیفہ ہمام کی مندرجہ ذیل حدیثیں صحیح بخاری کے ابواب مفصلہ کے تحت میں ملیں جو من وعن یکساں ہیں اور سب معمر سے مروی ہیں:

حدیث نمبر	۱۰۸	بخاری	باب لا تقبل صلاة بغير طهور
حدیث نمبر	۹۲	بخاری	ما يقع من الغائيات
حدیث نمبر	۶۰	بخاری	من اس عريانا
حدیث نمبر	۱۱۹	بخاری	دفن النخامة
حدیث نمبر	۷۰	بخاری	من اخذ بالر كاب
حدیث نمبر	۲۹	بخاری	الحرب خدعة
حدیث نمبر	۱۳۳	بخاری	قول النبى احلت لكم الغنائم

(۱) دیکھئے مسند ابن حنبل طبع اول جلد دوم ص ۳۱۲ تا ۳۱۹۔

حدیث نمبر	۸۵	بخاری	ماجاء فی صفة الجنة
حدیث نمبر	۵۸	بخاری	قول اللّٰہ واذ قال ربك للملائكة
حدیث نمبر	۲۳، ۲۴ (ہردو)	بخاری	باب علامات النبوة
حدیث نمبر	۵۷	بخاری	باب بالا نیز باب قول اللّٰہ واذوعدنا موسی
حدیث نمبر	۴۶	بخاری	باب قول اللّٰہ وایوب اذ نادی
حدیث نمبر	۱۰۳	بخاری	حدیث الخضر مع موسیٰ
حدیث نمبر	۱۱۵	بخاری	بدوالخلق، باب
حدیث نمبر	۵۹	بخاری	وفاة موسیٰ
حدیث نمبر	۴۷	بخاری	قول اللّٰہ وآتینا داؤد زبوراً
حدیث نمبر	۴۱	بخاری	قول اللّٰہ واذکر فی الکتاب مریم
حدیث نمبر	۷۸	بخاری	حدیث الغار، باب
حدیث نمبر	۱۲۵	بخاری	باب علامات النبوة
حدیث نمبر	۱۲۴	بخاری	باب ایضاً

صحیح کا متن چوتھائی حصہ ہم نے نہیں دیکھا۔اس میں بھی معمر کے حوالے سے مزید حدیثیں ملیں گی۔

ظاہر ہے کہ امام بخاری وغیرہ کی تالیفوں سے موجودہ مخطوطے کا کوئی مقابلہ نہیں کیا جاسکتا، بجز اس کے کہ تخریج احادیث کی جائے البتہ مسند احمد بن حنبل سے مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ جہاں وہ بجنسہ نقل کر دیا گیا ہے اس مقابلے پر نظر آتا ہے کہ:

(ا) مسند ابن حنبل اور ہمارے مخطوطات میں احادیث کی ترتیب یکساں ہے بجز احادیث نمبر ۱۳، ۹۳، ۱۲۶، ۱۳۸ کے جن میں تقدم و تاخر ہوا ہے، لیکن الفاظ بعینہ

وہی ہیں۔

(۲) مسند ابن حنبل میں ایک پانچ لفظی مختصر حدیث ہے جو ہمارے مخطوطوں میں نہیں ہے۔ (دیکھو حدیث نمبر ۱۴ کا حاشیہ) اس کے برخلاف مخطوطوں کی حدیث نمبر ۵ مسند ابن حنبل میں حذف ہو گئی ہے۔ ہم نے مسند ابن حنبل کے مطبوعہ نسخے پر اعتماد کیا ہے۔ اس میں طباعت کی بہت سی غلطیاں رہ گئی ہیں، اس کا نیا ایڈیشن، جو متعدد نئے مخطوطوں سے مقابلہ کر کے شائع ہو رہا ہے، ابھی تک اس حصے تک نہیں پہنچا جہاں صحیفۂ ہمام درج ہے۔

(۳) ہمارے مخطوطوں کی حدیثوں (۲۹، ۴۰) میں "وسمی الحرب خدعة" کا جملہ دہرایا گیا ہے۔ مسند ابن حنبل میں یہ صرف حدیث نمبر (۴۰) میں ایک بار آیا ہے نمبر (۲۹) میں نہیں۔

(۴) بعض ذیلی چیزوں میں، جن سے اصل حدیث پر اثر نہیں پڑتا دونوں میں کہیں کہیں فرق ہے۔ مثلاً لفظ "اللہ" کے بعد کسی میں "تعالی" ہے تو کسی میں "عزوجل" یا کسی میں "نبی" ہے تو کسی میں "رسول اللہ" یا "ابو القاسم" جو سب مترادف ہیں۔

(۵) چند ایسے خفیف فرق ہیں جو عام طور پر ایک ہی کتاب کے دو مخطوطوں میں ملتے ہیں چنانچہ مخطوطہ دمشق و مخطوطہ برلین میں باہم جو فرق ہے، مخطوطوں اور مسند ابن حنبل کے مابین بھی اسی طرح کا فرق ہے۔ جس سے مفہوم پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ یہ تمام فرق حاشیے میں درج کر دیے گئے ہیں۔

اسناد:

ماخذ معلومات کا حوالہ بیان کرنا، اور کوئی پرانا واقعہ ہو تو اپنے استاذ کے نام ہی پر

اکتفا کرنا، بلکہ استاد کے استاد اور ان کے اساتذہ کے مکمل ناموں کا سلسلہ چشم دید، یا گوش شنید واقف کار تک پہنچانا یہ اسلامی مؤرخوں اور مؤلفوں کی اہم خصوصیات رہی ہیں۔ مسلمانوں میں اس کی ابتداء اور دیگر اقوام میں اس کے کم معروف ہونے پر ایک دلچسپ بحث پروفیسر ڈاکٹر زبیر صدیقی نے کی ہے (دیکھو ان کا مقالہ ''السیر الحثیث فی تاریخ تدوین الحدیث'' جو موتمر دائرۃ المعارف حیدر آبا میں پڑھا گیا اور روئداد موتمر میں ۱۳۵۸ھ میں شائع ہوا۔ وہاں یہ بحث ص ۴۳ تا ۵۵ میں آئی ہے)

زیر اشاعت رسالے کے مخطوطہ دمشق کی سند یہ ہے: محمد بن عبد الرحمٰن پنجدہی، از محمد بن احمد اصفہانی، از عبد الوہاب بن محمد ابن مندہ، از والد خود محمد بن اسحاق ابن مندہ، از محمد بن الحسین القطان، از احمد بن یوسف السلمی، از عبد الرزاق بن ہمام بن نافع، از معمر، از ہمام بن منبہ، از ابو ہریرہؓ، از رسول اللہ ﷺ ----- یہ سب پونے چھ سو سال کی سرگزشت ہے۔

لیکن انسان خطا و نسیان سے مرکب ہوتا ہے، چنانچہ بہ ظاہر سہو کاتب سے ایک درمیانی نام چھوٹ گیا ہے۔ کیونکہ ان گیارہ نسلوں سے چوتھی کڑی پر بیان ہوا ہے کہ محمد بن اسحاق ابن مندہ نے اسے محمد بن الحسین القطان سے سنا، قصہ یہ ہے کہ ابن مندہ کی ولادت ۳۱۰ھ میں ہوئی جبکہ ان کے مبینہ استاد القطان کی دس سے آٹھ سال پہلے ۳۰۲ھ میں وفات ہو چکی تھی[1]۔ ظاہر ہے کہ استاد شاگرد کا تعلق ناممکن ہے۔ ابن مندہ اور القطان کے درمیان کی ایک کڑی گم ہے۔

معلوم ایسا ہوتا ہے کہ یہ ایک سہو کتابت ہے اور ایک پوری سطر چھوٹ گئی ہے اور اس سہو کے محسوس نہ ہونے کا باعث یہ ہے کہ اس سطر میں صرف ایک نام، یعنی

---

(۱) کتاب الانساب للسمعانی تحت مادہ ''قطان''

سلسلہ اسناد کی صرف ایک کڑی تھی اور اتفاق سے اس کا اور اس کے بعد کی سطر کا آغاز یکساں الفاظ سے ہو رہا ہے اس لئے نقل کنندہ کاتب کی نظر چوک گئی۔

اس مفروضے کی وجہ یہ ہے کہ جس طرح عبد الوھاب ابن مندہ نے اپنے باپ سے تعلیم حاصل پائی اور اس رسالے کی روایت کی، اسی طرح محمد بن الحسین القطان سے بھی ان کے بیٹے نے تعلیم پائی اور حدیثوں کی روایت کی ہے جیسا کہ سمعانی نے (کتاب الانساب، تحت مادہ قطان) صراحت سے بیان کیا ہے۔ اس طرح یہ کہا جاسکتا ہے کہ اسناد کی اصل عبارت یوں ہو گی کہ:

اخبر نا والدی الامام ابو عبداللہ محمد بن اسحاق، قال: اخبرنا (ابو اسحاق ابراھیم بن محمد بن الحسین القطّان قال: اخبرنا والدی الامام[1]) ابوبکر محمد بن الحسین.....الخ

ہمیں خبر دی میرے والد امام ابو عبد اللہ محمد بن اسحاق نے، کہا ہمیں خبر دی (ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن الحسین القطان نے کہا: ہمیں خبر دی میرے والد امام[1]) ابو بکر محمد بن الحسین..... نے، الخ۔

جیسا کہ نظر آئے گا، "محمد بن اسحاق" کے بعد ہی "ابو اسحاق" کا لفظ آیا اور پھر "اخبرنا والدی الامام" کے الفاظ پے در پے دو سطروں میں دہرائے گئے بے چارے کاتب کی نظر چوک گئی اور بعد میں کسی نے اسے محسوس نہ کیا تو اسے معذور رکھا جاسکتا ہے۔ یہ یوں بھی سلسلہ کی رسمی چیز کے ایک دو نہیں بارہ ناموں میں ایک کا اتفاقاً چھوٹ جانا ہے۔ اس سے کتاب کے اصل متن یعنی حدیثوں پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔

---

(۱) بریکٹوں [ ] کے مابین کی عبارت ہماری رائے میں کاتب کی سہو سے چھوٹ گئی ہے۔

یہ سہو کب ہوا؟ اس سوال کا جواب بھی دینا ممکن نظر آتا ہے یہ سہو نہ صرف دمشق کے مخطوطے میں ہے، بلکہ برلین کے مخطوطے میں بھی اور دونوں کے اسنادات عبد الوهاب بن محمد ابن منده پر آکر ملتی اور پھر مشترک ہو جاتی ہیں، جیسا کہ اوپر شجرہ دے کر بتایا گیا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ ان کے لئے جو نسخہ، تیار ہوا، اسی میں یہ سہو ہوا تھا۔

یہ امر کہ یہ محض سہو ہے اور یہ کہ اس سے اصل متن پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ اس بات سے بھی ثابت ہے اس سہو کے تقریباً دو سو سال پہلے اس کتاب کے پورے متن کو ایک اور مؤلف، امام ابن حنبل اپنی جگہ محفوظ کر چکے تھے اور آج ان دونوں ماخذوں (مسند ابن حنبل اور مخطوطہ صحیفہ ابن ہمام) کا باہمی مقابلہ کرنے پر دونوں بالکل یکساں پائے جاتے ہیں۔ اور صاف نظر آتا ہے کہ سہو کاتب سے اصل کتاب پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ جہاں مسند ابن حنبل سے ثابت ہوتا ہے کہ ان کے بعد کی صدیوں کے محدثوں نے صحیفہ ہمام کے دیانت دارانہ تحفظ میں کوئی کوتاہی نہ کی تو ساتھ ہی صحیفہ ہمام کے نو دستیاب شدہ مخطوطوں سے خود اس کا بھی یقین ہو جاتا ہے کہ امام ابن حنبلؒ نے پوری علمی دیانت داری سے صحیفہ ہمام کے متعلق اپنی معلومات محفوظ کئے ہیں۔ انہیں کیا خبر تھی کہ ان کی وفات کے بعد ساڑھے گیارہ سو سال بعد ان کی علمی دیانت داری کی جانچ ہوگی۔ اگر انہوں نے صحیفہ ہمام کی حد تک جعل سازی نہیں کی تو اپنی مسند کے باقی اجزاء میں بھی عمداً کوئی ایسی بد دیانتی نہیں کی ہوگی۔

ہمام بن منبہ کی وفات ۱۰۱ھ میں ہوئی۔ انہوں نے ابو ہریرہؓ سے احادیث کا یہ مجموعہ ۵۸ھ سے (جبکہ حضرت ابو ہریرہؓ کا انتقال ہوا) پہلے ہی حاصل کیا ہوگا۔ اس پر اب (۱۳۷۱ھ میں) سوا تیرہ سو سال میں اسی مجموعے کی عبارت نہیں بدلی، بلکہ بجنسہ

باقی رہی تو رسول اکرم ﷺ سے سننے اور ابو ہریرہؓ کے اس کو لکھ لینے کی مختصر مدت میں اس میں تبدیل و تحریف کا امکان نہ ہونا چاہئے، خاص کر اس لئے کہ یہی حدیثیں حضرت ابو ہریرہؓ کے علاوہ دوسرے صحابہ سے بھی مروی ہیں اور ان میں سے ہر ایک کا سلسلہ اسناد مختلف رہا ہے۔ بعض حدیثوں کی تو کئی کئی صحابہ نے روایت کی ہے۔ اگر آج کی صحبت میں بے ضرورت تطویل اور تھکا دینے والے اطناب کا خوف نہ ہوتا تو اس رسالے کی ہر ہر حدیث کے متعلق تلاش کر کے یہ بتلایا جاتا کہ کس کس حدیث کو ابو ہریرہؓ کے سوا مزید کس کس صحابی نے روایت کیا ہے اور وہ کن کن وسائل سے محفوظ ہوتی ہوئی ہم تک آئی ہے۔ اور کس طرح وہ باہم ایک دوسرے کی توثیق کرتی ہیں۔ اسی طرح حضرت ابو ہریرہؓ کی جانب کسی خفیف سے خفیف جعل سازی یا علمی بد دیانتی کا گمان تک نہیں رہتا۔ یہ حدیثیں بخاری، مسلم اور صحاح ستہ کے دیگر مؤلفوں نے تیسری اور چوتھی صدی ہجری میں اپنے دل سے نہیں گھڑیں بلکہ عصر اول سے بحفاظت چلی آنے والی چیزوں ہی کو اپنی تالیفوں میں داخل کیا۔

یہ صورت حال کتاب حدیث پر ہمارا اعتماد مستحکم کئے بغیر نہیں رہ سکتی۔

مخطوطوں کی کیفیت:

اوپر بیان ہوا ہے کہ صحیفہ ہمام بن منبہ کے ہمیں اب تک صرف دو مخطوطوں کا پتہ ہے۔ اور ان دونوں کا حرف بہ حرف مقابلہ کر کے یہ ایڈیشن تیار کیا گیا ہے۔ ان کی مختصر کیفیت بے محل نہ ہو گی۔

مخطوطہ برلین کا نمبر وہاں کی فہرست مخطوطات عربی میں (1797, 1384, WE) ہے۔ یہ ذخیرہ دوسری جنگ عظیم سے پہلے تک برلین کے سرکاری کتب خانے میں

تھا۔ دوران جنگ میں حفاظت کیلئے یہ شہر ٹیوبنگن بھیجا گیا اور آج تک (۱۳۷۳ھ، ۱۹۵۴ء) وہ وہیں ہے۔ وہاں صحیفۂ ہمام ایک مجموعہ رسائل میں ہے۔ جن میں وہ ورق نمبر (۵۴) سے شروع ہو کر نمبر (۶۱) تک یعنی آٹھ ورقوں میں ہے۔ بیچ میں دو جگہ ایک ایک ورق گم ہو گیا ہے۔ اس کا حجم (۵ء۱۷×۵ء۱۲) سینٹی میٹر ہے۔ اور ہر صفحے میں (۱۹) سطریں آئی ہیں۔ اور اس میں ہر حدیث ''وقال'' (اور انہوں نے کہا) کے الفاظ سرخ روشنائی سے لکھے گئے ہیں اپنے سفر برلین کے وقت میں نے اپنے ہاتھ سے اس کی نقل کے آخر میں، میں نے یہ عبارت درج کی تھی: ''نَقَلَهُ لَفْظًا مِنَ الأَصْلِ الْمَحْفُوْظِ فِيْ خِزَانَةِ الْحُكُوْمَةِ الْبَرُوْسَاوِيَّةِ فِيْ بَرْلَيْنَ يَوْمَ عَرَفَةَ وَيَوْمًا قَبْلَهُ ۱۳۵۱ مِنَ الْهِجْرَةِ وَقَابَلَهُ مَنَ الأَصْلِ الْمَنْقُوْلِ عَنْهُ بِحَسْبِ الاَسْتِطَاعَة، محمد حَمِيْدُ الله''

(محمد حمید اللہ نے اصل نسخے سے جو حکومت پروشیا کے کتب خانہ واقع برلین میں محفوظ ہے، ۱۳۵۱ھ میں اس کو لفظ بہ لفظ بروز عرفہ اور اس سے ایک دن پہلے نقل کیا، اور جس اصل سے یہ نقل حاصل کی گئی اس سے حسب استطاعت مقابلہ کیا)

یہ نسخہ بارھویں صدی ہجری کے ابتدائی زمانے کا ہے۔ جب ہم نے بروکلمان[1] کی طرف رجوع کیا تو افسوس ہوا کہ اس نے فاش غلطیاں کی ہیں۔

---

(۱) اس نے جرمن زبان میں ساری دنیا کی عربی کتابوں کی ایک فہرست چھاپی ہے اور ہر کتاب کے متعلق بتایا گیا ہے کہ اس کا مؤلف کون تھا (مع مختصر سوانح عمری)، کتاب کے کتنے مخطوطے دنیا کے کس کس کتب خانے میں (بحوالہ نمبر فہرست) پائے جاتے ہیں، ساتھ ہی اگر وہ چھپ بھی گئی ہے تو کب کب اور کہاں چھپی ہے۔ یہ سات جلدوں میں تقریباً پانچ ہزار باریک ٹائپ کے صفحوں میں جرمن زبان میں چھپی ہے۔ ان کا نام ہے ''تاریخ ادبیات عربی''۔

Geschichte Der Arabischen Litteretur

چونکہ اس کتاب میں حروف تہجی پر اشاریہ بھی ہے اس لئے یہاں صفحوں کا حوالہ نہیں دیا گیا ہے۔

بروکلمان اس صحیفہ کو ہمام بن منبہ کے نام کے تحت نہیں بیان کرتا۔ جب ہم نے تلاش کو طول دیا تو اس کا پتہ محض اتفاقاً چلا۔ وہ اس صحیفے کو "عبد الوهاب بن محمد بن اسحاق بن منده اَلْمُتَوَفّٰی ۴۷۵ھ مطابق ۱۰۸۲ء" کی طرف منسوب کرتا ہے۔ پھر کہتا ہے: "آپ کی تالیفوں میں صحیفۂ همام بن منده (نام یوں ہی ہے) المتوفی ۱۵۱/۷۶۸ (سن اسی طرح ہے) جو ابو ہریرہ متوفی ۵۸/۶۷۸ سے مروی ہے" یہ غلطی طبع اول ہی میں نہیں بلکہ ضمیمہ کتاب اور جلد اول کے ضمیمے میں بھی ہے۔ اس نے "همام بن منده" لکھا ہے حالانکہ مراد "همام بن منبه" کے سوائے اور کچھ نہیں۔ اسی طرح اس سے ان کی تاریخ وفات میں بھی سہو ہوا ہے (صحیح تاریخ ۱۰۱ھ ہے نہ کہ ۱۵۱ء) اسی طرح اس نے عبد الوهاب ابن منده کی طرف منسوب کرنے میں فاش غلطی کی ہے۔ وہ تو کسی ایک زمانہ میں صرف روای تھے۔

مخطوطہ دمشق:

دمشق کا مخطوطہ اپنے ہمشیر مخطوطے پر ایسی ہی فوقیت رکھتا ہے جیسے کہ سورج کا نور چاند کی مستعار روشنی پر، اور وہ وہاں کتب خانہ ظاہریہ میں محفوظ ہے۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد زبیر صدیقی (کلکتہ یونیورسٹی) نے مجھے اس کا پتہ دیا اور دمشق کے ڈاکٹر صلاح الدین منجد کی مہربانی سے مجھے اس کتاب کے فوٹو فراہم ہوئے۔ یہ دونوں میرے اور ان تمام لوگوں کے شکریہ کے مستحق ہیں جو اس کتاب کے پڑھنے سے مستفید ہوں گے۔

دمشق کا یہ مخطوطہ بھی کئی رسالوں کے مجموعے کے ضمن میں ہے لیکن یہ امتیاز رکھتا ہے کہ مکمل ہے اور کتابت کی تاریخ کے لحاظ سے بھی برلین کے مخطوطے سے بھی زیادہ قدیم ہے چنانچہ چھٹی صدی ہجری کا لکھا ہوا ہے۔ اسی طرح یہی وہ اصل

نسخہ بھی ہے جو درس اور سماعت میں استعمال ہوتا رہا اور متعدد مرتبہ اس پر اجازت ثبت ہوئی ہے۔ابن عساکر مصنف ''تاریخ دمشق'' ان لوگوں میں ہیں جنہوں نے اسی مخطوطے پر درس دیا ہے، وہ خوش خط ہے البتہ لکھنے والے نے اکثر جگہ حرفوں پر نقطے نہیں دیئے ہیں۔ ہر صفحہ میں ۲۱ یا ۲۲ یا ۲۳ سطریں ہیں۔ میرے پیش نظر فوٹو کا حجم جرمنی کی کتاب کے حجم کے برابر ہی ہے۔ یہ نسخہ صلیبی جنگوں کے زمانہ میں دمیاط (مصر) کے ایک نسخہ سے نقل کیا گیا ہے۔ ان لڑائیوں اور فتنوں کے زمانہ میں محدثین کے پاس اسلامی درس کے جو عادات اور آداب تھے، ہم ان کو اس کی سماعتوں میں دیکھتے ہیں یہاں ان کی تفصیل کی حاجت نہیں۔

دونوں مخطوطوں میں کاتب نے روایت کے بعض اختلافات کو حاشیہ پر یوں لکھا ہے۔ ''أُوْخِرُ'' یا ''أُدْخِرُ'' اسیطرح ''تَرَكْتُكُمْ'' ''تُرِكْتُمْ''، ''يُحَيُّونَكَ''، ''يُحِبُّونَكَ'' ''فَزَادُوا'' ''فَزَاوَوْهُ'' ''بِطَعَامِكُمْ'' ''بِطَعَامِيهِ'' ''حِيْنَ'' ''حِيْنَئِذٍ'' ان اختلافات سے حدیث کا مفہوم بالکل نہیں بدلتا۔ مسند ابن حنبل میں بھی ہم ایسے چند اختلافات حاشیے پر درج دیکھتے ہیں ممکن ہے کہ مسند کے نئے اور بہتر ایڈیشن میں یہ سارے اختلافات بھی مل جائیں کہ پہلا ایڈیشن کسی قدر ناقص چھپا ہے۔ شاید یہ اختلافات معمر کے زمانے سے چلے آرہے ہیں کیونکہ انہوں نے ہمام سے صحیفہ پورے کا پورا نہیں سنا تھا، جیسا کہ ہم نے اس سے پہلے ابن حجر سے نقل کیا ہے کہ شروع میں ہمام ہی سناتے رہے۔ جب وہ اپنی شدید پیرانہ سالی کی وجہ سے تھک گئے تو ان کے شاگرد معمر نے اپنے نقل کردہ نسخے سے باقی عبارت پڑھ کر سنائی اور تھکے ہوئے استاد توجہ نہ کر سکے۔ پرانے عربی خط کی خامیوں کو قراءت سماعت کے ذریعہ سے کنٹرول کیا جاتا تھا جو یہاں پوری طرح نہ ہو سکا۔

حدیث نبوی اصل میں دو ستونوں پر قائم ہے: کتابت اور قرأت سماعت اور وہ آپس میں ایک دوسرے کی مدد کرتی ہیں۔ اگر کوئی شخص حدیث نبوی کے تحفظ اور صحت میں جو حزم احتیاط برتی جاتی رہی ہے اس کا مقابلہ اسلام سے پہلے دوسرے پیغمبروں کی حدیثوں کے ساتھ جو معاملہ ہوا اس سے، اور اسی طرح ہمارے اس موجودہ زمانے کی "تاریخ" سے کرتا ہے جو اخبارات وجرائد کے عمداً جھوٹ اور سرکاری دستاویزوں کے مکارانہ بیانات اور تدریسات پر مبنی ہوتی ہے اور فکر سلیم سے کام لے تو اس پر حدیث کی فضیلت وفوقیت واضح ہو جائے گی اور یہ بھی واضح ہو جائے گا کہ محدثین کے کارنامے، عہد صحابہ سے لے کر آج تک، جو زمانے کی دستبرد سے محفوظ رہ سکے ہیں کتنی۔ فوقیت رکھتے ہیں! مسلمانوں کی حدیث اور غیروں کی حدیث میں وہی فرق ہے جو زمین وآسمان میں، اور ان دونوں کے فرق کا کیا ٹھکانہ ہے۔ حدیث اسلامی کی خوبیوں پر نہ دشمن کا معاندانہ طعن وطنز پردہ ڈال سکتا ہے اور نہ دوستوں کی ناواقفیت، آئندہ اوراق میں صحیفہ ہمام پیش ہے، سہولت کی خاطر ان حدیثوں پر ہم نے نمبر سلسلہ بڑھا دیا ہے۔

(أقدم تأليف فى الحديث النبوى)

صحيفة همّام بن منبّه

المولود سنة ١٥ (؟) والمتوفى سنة ١٠١ أو ١٠٢ للهجرة تلميذ سيدنا ابى هريرة رضى الله عنه (المتوفى سنة ٥٨ من الهجرة)

مخطوطہ دمشق کتاب خانہ ظاہریہ کے آخری صفحہ کا فوٹو

اس صفحہ کی ابتداء میں حدیث نمبر ۱۳۳ کا بقیہ حصہ درج ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ
عَوْنَكَ اللّٰهُمَّ
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ. وَالصَّلَاةُ عَلٰى رَسُوْلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ أَجْمَعِيْنَ.

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
(اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے)
یا اللہ تیری مدد

الحمدللہ رب العالمین، والصلوۃ علیٰ رسولہ محمد و آلہ اجمعین۔
(سب تعریف اللہ کے لئے سزاوار ہے جو تمام عالموں کا پروردگار ہے اور اس کے رسول محمد ﷺ اور اس کی تمام آل پر رحمت ہو)

[حَدَّثَنَا الشَّيْخُ الْأَجَلُّ الْأَوْحَدُ الْحَافِظُ تَاجُ الدِّيْنِ بَهَاءُ الْإِسْلَامِ بَدِيْعُ الزَّمَانِ] (۱) أَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ مَسْعُوْدِ الْمَسْعُوْدِى الْبَنْدِهِيُّ (۲) وَفَّقَهُ اللّٰهُ وَبَصَّرَهُ بِعُيُوْبِ نَفْسِهٖ بِقِرَائَتِهٖ عَلَيْنَا مِنْ أَصْلِ سِمَاعِهِ الْمَنْقُوْلِ مِنْهُ فِي الْمَدْرَسَةِ النَّاصِرِيَّةِ الصَّلَاحِيَّةِ خَلَّدَ اللّٰهُ مُلْكَ وَاقِفِهَا فِي السَّادِسِ وَالْعِشْرِيْنَ مِنْ ذِى الْقَعْدَةِ سَنَةَ سَبْعٍ وَّسَبْعِيْنَ وَخَمْسِمِائَةٍ قَالَ:

أَخْبَرَنَا الشَّيْخُ الثِّقَةُ الصَّالِحُ أَبُو الْخَيْرِ مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عُمَرَ الْمُقَدَّرِ الْاِصْبَهَانِىُّ قِرَائَةً عَلَيْهِ وَأَنَا أَسْمَعُ قَالَ:

---

(۱) لعل هذا من زيادة بعض المتأخرين فانه لا يطابق ما يلي أى "بصره بعيوب نفسه"

(۲) البندهى، غير معجم فى الأصل والنسبة الى پنج ده، قرية بخراسان۔

أَخْبَرَنَا [۱] الشَّيْخُ أَبُوْ عَمْرٍو عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ أَبِي عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدِ ابْنِ إِسْحَاقَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ مَنْدَهْ الإِصْبَهَانِيُّ، قَالَ:

أَخْبَرَنَا وَالِدِيْ الإِمَامُ أَبُوْ عَبْدِ اللهِ مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ، قَالَ:

أَخْبَرَنَا [...] أَبُوْ بَكْرٍ مُحَمَّدُ بْنُ الْحُسَيْنِ بْنِ الْحَسَنِ بْنِ الْخَلِيْلِ الْقَطَّانُ، قَالَ:

حَدَّثَنَا أَبُو الْحَسَنِ أَحْمَدُ بْنُ يُوْسُفَ السُّلَمِيُّ، قَالَ:

حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ بْنُ هَمَّامِ بْنِ نَافِعٍ الْحِمْيَرِيُّ:

عَنْ مَعْمَرٍ:

عَنْ هَمَّامِ بْنِ مُنَبِّهٍ، قَالَ:

هٰذَا مَا حَدَّثَنَا أَبُوْ هُرَيْرَةَ،

عَنْ مُحَمَّدٍ رَسُوْلِ اللهِ ﷺ، قَالَ:

(شیخ امام اجل اوحد حافظ تاج الدین بہاء الاسلام بدیع الزماں) [۲] ابو عبد اللہ محمد بن عبد الرحمٰن بن محمد بن مسعود مسعودی البندھی [۳] نے اللہ ان کو توفیق دے اور ان کو ان کے نفس کے عیب دکھائے ہم سے بیان کیا:

انہوں نے مدرسہ ناصریہ کے (اللہ اس کے وقف کرنے والے [۴] کے ملک کو

---

(۱) من هنا يبدأ سند النسخة البرلينية بعد البسملة،

(۲) غالباً یہ عبارت متاخرین نے بڑھائی ہے کیونکہ بعد میں آنے والی عبارت "(اللہ......ان کو ان کے نفس کے عیب دکھائے)" اس کے ساتھ پیوست نہیں ہوتی ہے۔

(۳) بندھی اصل نسخے میں بے نقط ہے اور یہ اسم نسبت "پنج دہ" سے ماخوذ ہے، پنج دہ، خراسان میں ایک گاؤں تھا۔

(۴) یعنی سلطان صلاح الدین (ولادت ۵۳۲ھ، ۱۱۳۸ء وفات ۵۸۹ھ، ۱۱۹۳ء) یہ مدرسہ دمیاط یعنی مصر میں تھا جیسا کہ آئندہ اجازت میں وضاحت ہے۔

ہمیشہ قائم رکھے) اصل نسخہ کو جس طرح سنا اور جس اصل ہی سے یہ نسخہ نقل کیا گیا ہے، ہم کو بتاریخ ۲۶ ذی قعدہ ۷۵۵ھ پڑھ کر سنایا انہوں نے کہا:

شیخ ثقہ صالح شیخ ابوالخیر محمد بن احمد بن محمد بن عمر المقدر اصفہانی نے خبر دی اس طرح کہ جب ان پر پڑھ کر سنایا جارہا تھا اور میں سن رہا تھا، انہوں نے کہا:

ہم کو خبر دی [1] شیخ ابو عمرو عبدالوہاب بن ابی عبداللہ محمد ابن اسحاق بن محمد بن یحییٰ بن مندہ اصفہانی نے، انہوں نے کہا:

میرے والد امام ابو عبداللہ محمد بن اسحاق نے ہم کو خبر دی، انہوں نے کہا:

ہم کو خبر دی تو ابو اسحاق ابراہیم بن محمد بن الحسین القطان نے، انہوں نے کہا: ہم کو میرے والد امام [2] ابو بکر محمد بن حسین بن حسن بن خلیل القطان نے خبر دی، انہوں نے کہا:

ابوالحسن احمد بن یوسف سلمی نے ہم سے بیان کیا، انہوں نے کہا:

عبدالرزاق بن ہمام بن نافع حمیری نے ہم سے بیان کیا:

وہ معمر سے (روایت کرتے ہیں):

وہ ہمام بن منبہ سے، انہوں نے کہا:

یہ وہ (حدیثیں) ہیں جن کو ابو ہریرہؓ نے ہم سے بیان کیا:

وہ محمد رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا:

---

(۱) برلین (جرمنی) کا نسخہ بسم اللہ کے بعد اسی سند سے شروع ہوتا ہے۔

(۲) وجوہ مندرجہ مقدمہ کے تحت اتنی عبارت بڑھانی پڑتی ہے، بہ ظاہر سہو کتابت سے اصل میں یہ سطر چھوٹ گئی ہے۔

۱ــ نَحْنُ الآخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بَيْدَ أَنَّهُمْ أُوْتُوا الْكِتَابَ مِنْ قَبْلِنَا، وَأُوْتِيْنَاهُ مِنْ بَعْدِهِمْ، فَهٰذَا يَوْمُهُمُ الَّذِىْ فَرَضَ عَلَيْهِمْ، فَاخْتَلَفُوْا فِيْهِ. فَهَدَانَا اللّٰهُ لَهُ. فَهُمْ لَنَا فِيْهِ تَبَعٌ، فَالْيَهُوْدُ غَدًا، وَالنَّصَارٰى بَعْدَ غَدٍ.

(۱) ہم (دنیا میں) آخری لوگ ہیں (لیکن) قیامت کے دن (سب امتوں سے) آگے ہوں گے، اگرچہ ان کو (اللہ کی) کتاب ہم سے پہلے دی گئی اور ہم کو ان کے بعد، پس یہ ان کا وہ دن ہے جس کو (اللہ نے) ان پر فرض کیا۔ پھر انہوں نے اس میں اختلاف کیا لیکن اللہ نے اس بارے میں ہمیں ہدایت دی۔ پس وہ اس بارے میں ہمارے پیرو ہیں، یہودی کل اور نصاریٰ پرسوں (یعنی عبادت کا دن مسلمانوں کے لئے جمعہ ہے، اس کے بعد یہودیوں کے لئے ہفتہ اور اس کے بعد عیسائیوں کے لئے اتوار)

۲ــ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مِثْلِىْ وَمِثْلُ الأَنْبِيَاءِ مِنْ قَبْلِىْ كَمِثْلِ رَجُلٍ اِبْتَنٰى بُيُوْتًا فَأَحْسَنَهَا وَأَجْمَلَهَا وَأَكْمَلَهَا إِلَّا مَوْضِعَ لَبِنَةٍ مِنْ زَاوِيَةٍ مِنْ زَوَايَاهَا. فَجَعَلَ النَّاسُ يَطُوْفُوْنَ وَيُعْجِبُهُمُ الْبُنْيَانُ. فَيَقُوْلُوْنَ: أَلا

۱ـ يزاد ههنا كما ذكرنا فى المقدمة : [أبو اسحاق إبراهيم بن محمد بن الحسين القطان، قال: أخبرنا والدى الامام]

(۱) مسلم ج(۱) ص ۲۸۲ کتاب الجمعہ (مطبوعہ ہند اصح المطابع دہلی ۱۳۴۹ھ)، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال اخبرنا معمر عن همام بن منبه، اخى وهب بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريره عن محمد رسول اللهﷺ...... (پوری حدیث من و عن) بخاری ج۲۷ كتاب الايمان، حدثنى اسحاق بن ابراهيم، اخبرنا عبدالرزاق اخبرنا مَعْمرٌ عَنْ همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن النبى ﷺ قال: نحنُ الآخرون السابقون يوم القيامة فقال رسول الله واللهِ لان يلج احدكم بيمينه ...... (دیکھئے صحیفہ ہمام کی حدیث نمبر ۹۵)

۲ـ "بيوتاً" فى مسلم بنى "داراً" رقم۔

وُضِعَتْ هٰهُنَا لَبِنَةٌ فَتَمَّ بِنَاؤُهُ فَقَالَ مُحَمَّدٌ ﷺ: فَأَنَا اللَّبِنَةُ.

(۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میری مثال اور مجھ سے پہلے پیغمبروں کی مثال اس شخص کے مانند ہے جو جرے تعمیر کرے ان کو عمدہ اور خوبصورت اور کامل بنائے مگر مکان کے کسی ایک کونے کی ایک اینٹ کی جگہ باقی رہ جائے۔ لوگ پھر پھر کر مکان دیکھتے ہیں اور عمارت کو پسند کرتے ہیں۔ پس وہ کہتے ہیں کیوں نہیں یہاں ایک اینٹ رکھ دی جاتی جس سے عمارت مکمل ہو جائے۔ پھر محمد ﷺ نے فرمایا: وہ اینٹ میں ہی ہوں۔

۳- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: مَثَلُ الْبَخِيْلِ وَالْمُتَصَدِّقِ (۱/۲) كَمَثَلِ رَجُلَيْنِ عَلَيْهِمَا جُبَّتَانِ -أَوْ جُنَّتَانِ- مِنْ حَدِيْدٍ إِلَى ثُدْيَيْهِمَا أَوْ إِلَى تَرَاقِيهِمَا فَجَعَلَ الْمُتَصَدِّقُ كُلَّمَا تَصَدَّقَ بِشَيْءٍ ذَهَبَتْ عَلَى جِلْدِهِ حَتَّى تُجِنَّ بَنَانَهُ وَتَعْفُوَ أَثَرَهُ وَجَعَلَ الْبَخِيْلُ كُلَّمَا أَنْفَقَ شَيْئًا أَوْ حَدَّثَ بِهِ نَفْسَهُ غَضَّتْ كُلُّ حَلْقَةٍ مَكَانَهَا فَيُوَسِّعُهَا وَلَا تَتَّسِعُ.

(۳) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بخیل اور صدقہ دینے والے کی مثال (۱/۲) دو آدمیوں کے مانند ہے جن پر دو لوہے کے جبے ۔۔۔ یا دو زرہ بکتر ۔۔۔ جو ان کے سینوں یا ہنسلی کی ہڈیوں تک ہوں۔ جیسے جیسے صدقہ دینے والا شخص کوئی

---

(۲) مسلم ج ۲ کتاب الفضائل ص ۲۴۸ (باب ذكر كونه صلى الله عليه وسلم خاتم النبيين) حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها: وقال ابو القاسم ﷺ مثلي ومثل الانبياء من قبلي......

۳۔ بها مش الدمشقية: سقط من اصل السماع كلمة "بنانه" "عضت" في فتح الباري عن همام "غاصت"،

چیز صدقہ دیتا ہے تو وہ اس کے جسم سے دور ہوتا جاتا ہے اور اس کی انگلیوں کو چھپا دیتا ہے اور اثر مٹ جاتا ہے۔ اور بخیل جب کبھی کوئی چیز خرچ کرتا ہے یا اپنے دل میں اس کا خیال کرتا ہے تو زرہ کا ہر ایک حلقہ اپنی جگہ کاٹنے لگتا ہے، وہ اس کو کشادہ کرنا چاہتا ہے مگر وہ کشادہ نہیں ہوتا۔

٤ـ وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَثَلِي كَمَثَلِ رَجُلٍ اِسْتَوْقَدَ نَارًا فَلَمَّا أَضَائَتْ مَا حَوْلَهَا جَعَلَ الْفَرَاشُ وَهٰذِهِ الدَّوَابُّ الَّتِيْ يَقَعْنَ فِي النَّارِ يَقَعْنَ فِيْهَا وَجَعَلَ يَحْجُزُهُنَّ وَيَغْلِبْنَهُ فَيَتَقَحَّمْنَ فِيْهَا فَذَاكَ مَثَلِي وَمَثَلُكُمْ أَنَا آخِذٌ بِحُجَزِكُمْ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ هَلُمَّ عَنِ النَّارِ فَتَغْلِبُوْنِي تَقَحَّمُوْنَ فِيْهَا.

(۴) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: میری مثال اس شخص کے مانند ہے جس نے آگ سلگائی ہو جب اطراف کی چیزیں روشن ہو جاتی ہیں تو پروانے اور زمین پر رینگنے والے وہ (کیڑے مکوڑے) جو آگ میں گرا کرتے ہیں۔ اس میں گرنے لگتے ہیں اور وہ شخص ان کو (اس میں گرنے سے) روکنے لگتا ہے لیکن وہ اس پر غالب ہو جاتے ہیں اور اس میں گھس جاتے ہیں۔ بس یہی میری اور تمہاری مثال ہے، میں تم کو آگ سے بچانے کی کوشش کرتا ہوں (اور چلاتا ہوں) کہ آگ سے ہٹو، آگ سے ہٹو (مگر تم سنتے ہی نہیں) لیکن تم مجھ پر غالب آجاتے ہو اور آگ میں گھس جاتے ہو۔

---

(۴) مسلم ج ۲ کتاب الفضائل ص ۲٤۸ـ حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم فذكر أحاديث منها وقال رسول الله صلی اللہ علیہ وسلم ......

۵- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: فِی الْجَنَّةِ شَجَرَةٌ يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِیْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لا يَقْطَعُهَا.

(۵) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جنت میں ایک (اتنا بڑا) درخت ہے کہ اگر سوار اس کے سایہ میں سو برس تک چلتا رہے تو بھی اس کو ختم نہ کرے گا۔

۶- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ إِيَّاكُمْ وَالظَّنَّ فَإِنَّ الظَّنَّ أَكْذَبُ الْحَدِيْثِ وَلا تَنَاجَشُوْا وَلا تَحَاسَدُوْا وَلا تَنَافَسُوْا وَلا تَبَاغَضُوْا وَلا تَدَابَرُوْا وَكُوْنُوْا عِبَادَ اللهِ إِخْوَانًا.

(۶) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم (بد) گمانی سے بچو، تم بدگمانی سے بچو کیونکہ (بد) گمانی سب سے زیادہ جھوٹی بات ہے، اور تم آپس میں خرید و فروخت میں دھوکا بازی نہ کرو اور آپس میں حسد نہ کرو اور نہ نفسانیت سے آپس میں مقابلہ کرو اور نہ آپس میں بغض رکھو، اور نہ قطع تعلق کرو، اور اے اللہ کے بندو! تم آپس میں بھائی، بھائی بن جاؤ۔

۷- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ صلی اللہ علیہ وسلم: فِی الْجُمُعَةِ سَاعَةٌ لا يُوَافِقُهَا مُسْلِمٌ وَهُوَ يُصَلِّیْ يَسْأَلُ رَبَّهُ شَيْئًا إِلا آتَاهُ إِيَّاهُ.

(۷) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جمعہ میں ایک گھڑی ایسی ہوتی ہے کہ اس گھڑی کوئی مسلمان نماز پڑھتے ہوئے اللہ سے کسی چیز کا سوال کرتا ہے تو اللہ ضرور

۵۔ لا يذكر هذا الحديث فی رواية ابن حنبل،

(۶) بخاری ج ۲۵ کتاب الادب، حدثنا بشر بن محمد اخبرنا عبداللہ اخبرنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرةؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال:......

(۷) مسلم ج۱ ص ۲۵۱ کتاب الجمعة، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال: اخبرنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرةؓ عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم قال:......

اس چیز کو عطا کرتا ہے۔

۸- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمَلَائِكَةُ يَتَعَاقَبُوْنَ فِيكُمْ: مَلَائِكَةٌ بِاللَّيْلِ وَمَلَائِكَةٌ بِالنَّهَارِ وَيَجْتَمِعُوْنَ فِي صَلَاةِ الْفَجْرِ وَصَلَاةِ الْعَصْرِ ثُمَّ يَعْرُجُ إِلَيْهِ الَّذِيْنَ بَاتُوا فِيكُمْ فَيَسْأَلُهُمْ وَهُوَ أَعْلَمُ بِهِمْ كَيْفَ تَرَكْتُمْ عِبَادِي قَالُوْا تَرَكْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ وَآتَيْنَاهُمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ.

(۸) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رات کے فرشتے اور دن کے فرشتے نوبت بہ نوبت تمہارے پاس آیا کرتے ہیں، اور صبح کی نماز اور عصر کی نماز میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔ پھر وہ فرشتے جنہوں نے تمہارے ساتھ رات گزاری (پروردگار) کے پاس اوپر جاتے ہیں اور وہ ان سے پوچھتا ہے۔۔۔ حالانکہ وہ ان سے زیادہ جاننے والا ہے۔۔۔ تم نے میرے بندوں کو کس حال میں چھوڑا؟ وہ کہتے ہیں: ہم نے ان کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے، اور ہم اس حال میں ان کے پاس گئے کہ وہ نماز پڑھ رہے تھے۔

۹- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اَلْمَلَائِكَةُ تُصَلِّيْ عَلٰى أَحَدِكُمْ مَا دَامَ فِيْ مُصَلَّاهُ الَّذِيْ صَلّٰى فِيْهِ وَتَقُوْلُ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ اَللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ مَا لَمْ يُحْدِثْ.

(۹) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: فرشتے تم میں سے ہر شخص پر اس وقت تک رحمت بھیجتے ہیں جب تک کہ وہ اپنی نماز پڑھنے کی جگہ پر جہاں اس نے نماز پڑھی تھی (بیٹھا) رہے، اور وہ کہتے ہیں: "یا اللہ! تو اس کی مغفرت کر، یا اللہ تو

---

(۸) مسلم ج ۱ ص ۲۲۷ کتاب المساجد حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال......

اس پر رحم کر"۔ جب تک کہ اس شخص کا وضو نہ ٹوٹ جائے۔

۱۰- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا قَالَ أَحَدُكُمْ آمِيْنَ وَالْمَلَائِكَةُ فِى السَّمَاءِ فَوَافَقَ إِحْدَاهُمَا الأُخْرَى غُفِرَ لَه مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِه.

(۱۰) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص "آمین" (قبول کر) کہے اور فرشتے بھی آسمان پر "آمین" کہیں ان دونوں میں سے ہر ایک دوسرے کا ساتھ دینا موافق ہو تو اس کے تمام پچھلے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں۔

۱۱- وَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَسُوْقُ بَدَنَةً مُقَلَّدَةً فَقَالَ لَه رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: اِرْكَبْهَا فَقَالَ: إِنَّهَا بَدَنَةٌ يَا رَسُوْلَ اللهِ! فَقَالَ: وَيْلَكَ اِرْكَبْهَا وَيْلَكَ اِرْكَبْهَا.

(۱۱) اور ابو ہریرہؓ نے کہا: ایک مرتبہ ایک شخص قربانی کے جانور کو اس کے گلے میں پٹہ ڈالے پیدل ہانکے چلا جا رہا تھا تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے فرمایا: اس پر سوار ہو جا۔ اس نے کہا: یا رسول اللہ! یہ تو قربانی کا جانور ہے، آپ نے فرمایا: تجھ پر افسوس ہے اس پر سوار ہو جا، تجھ پر افسوس ہے اس پر سوار ہو جا۔

۱۲- (۲/ب) وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: نَارُكُمْ هٰذِهِ مَا يُوْقِدُ بَنُوْ آدَمَ جُزْءٌ مِّنْ سَبْعِيْنَ جُزْءً مِّنْ حَرِّ جَهَنَّمَ فَقَالُوْا: وَاللهِ إِنْ كَانَتْ لَكَافِيَتَنَا يَا رَسُوْلَ اللهِ! قَالَ فَإِنَّهَا فُضِّلَتْ عَلَيْهَا بِتِسْعَةٍ وَّسِتِّيْنَ جُزْءً كُلُّهُنَّ مِثْلُ

---

(۱۰) مسلم ج ۱ ص ۱۷۶ کتاب الصلوة حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هریره عن النبی ﷺ بمثله۔

(۱۱) مسلم ج ۱ ص ۴۲۵ کتاب الحج، حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبدالرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال هذا ما حدثنا ابو هریره عن النبی ﷺ فذکر أحادیث منها وقال......

۱۲۔ فی المخطوطتین: " بنوا آدم"۔

حَرِّهَا.

(۱۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمہاری یہ آگ جس کو تم بنی آدم سلگاتے ہو حرارت میں دوزخ کی آگ سے ستر حصوں میں سے ایک حصہ ہے۔ لوگوں نے کہا: اللہ کی قسم یا رسول اللہ! اگر اتنی بھی ہوتی تو ہم کو کافی تھی۔ آپ نے فرمایا: دوزخ کی آگ اس سے انہتر درجے زیادہ ہے اور ان میں سے ہر ہر درجہ حرارت میں اتنا ہی ہے۔

١٣- وَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: لَمَّا قَضَى اللهُ الْخَلْقَ كَتَبَ كِتَابًا فَهُوَ عِنْدَهُ فَوْقَ الْعَرْشِ: إِنَّ رَحْمَتِي غَلَبَتْ غَضَبِي.

(۱۳) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ نے خلقت کو پیدا کیا تو یہ عبارت لکھ دی اور یہ اس کے پاس عرش کے اوپر (موجود) ہے کہ "یقیناً میری رحمت میرے غضب پر غالب ہے"۔

١٤- وَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا أَعْلَمُ لَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا وَلَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا.

(۱۴) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی

---

(۱۲) مسلم ج ۲ ص ۳۸۱ كتاب الجنة باب جهنم، حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبد الرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة عن النبی ﷺ بمثل حديث ابی الزناد غيرانه قال: "كلهن مثل حرها"۔

١٣ـ وهو عند ابن حنبل بين ١٤ و ١٥۔

١٤ـ زاد ابن حنبل ههنا حديثا لا يوجد فی المخطوطتين وهو: "وقال رسول الله ﷺ: اذا قاتل أحدكم فليجتنب الوجه"۔

(۱۴) بخاری ج۲۷ كتاب الايمان، حدثنی ابراهيم بن موسیٰ اخبرنا هشام هو ابن يوسف عن معمر عن همام عن ابی هريرة قال ابو القاسم ﷺ......

جان ہے، میں جو کچھ جانتا ہوں اگر تم بھی جانتے ہوتے تو یقیناً روتے زیادہ اور ہنستے کم[1]۔

۱۵- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: اَلصِّيَامُ جُنَّةٌ فَإِذَا كَانَ أَحَدُكُمْ يَوْمًا صَائِمًا فَلَا يَجْهَلْ وَلَا يَرْفُثْ فَإِنْ امْرُؤٌ قَاتَلَه أَوْ شَاتَمَه فَلْيَقُلْ: إِنِّيْ صَائِمٌ إِنِّيْ صَائِمٌ.

(۱۵) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: روزہ ایک ڈھال ہے اگر تم میں سے کوئی شخص کسی دن روزہ رکھے تو اس کو نہ تو جہالت سے پیش آنا چاہیے اور نہ فحش کلامی کرنی چاہیے۔ اگر کوئی شخص اس سے لڑائی کرے یا اس کو گالی دے تو یہ کہنا چاہیے کہ میں روزہ دار ہوں، میں روزہ دار ہوں۔

۱۶- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَخُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ أَطْيَبُ عِنْدَاللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ يَذَرُشَهْوَتَه وَطَعَامَه وَشَرَابَه مِنْ أَجْلِيْ فَالصِّيَامُ لِيْ وَأَنَا أَجْزِيْ بِهِ.

(۱۶) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے۔ یقیناً روزہ دار کے منہ کی بو اللہ کے پاس مشک کی بو سے زیادہ اچھی ہے (اللہ کہے گا) کہ وہ اپنی خواہش، اپنا کھانا اور اپنا پینا میری خاطر چھوڑ دیتا ہے، پس روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزاء دونگا۔

---

(۱) یہاں مسند احمد بن حنبل میں ایک حدیث زائد ہے جو صحیفہ ہمام کے دونوں مخطوطوں میں نہیں ہے:

"اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی لڑائی کرے تو چہرے سے بچے" (یعنی مسلمانوں کے منہ پر گھونسہ نہ لگائے کہ نازک جگہ ہے) بخاری ج ۱ کتاب العتق میں بھی ہمام بن منبہ سے یہ روایت موجود ہے: حدثنا عبداللہ بن محمد حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هریرة عن النبی ﷺ قال: اذا قاتل احدکم فلیجتنب الوجه"

۱۷- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: نَزَلَ نَبِيٌّ مِّنَ الأَنْبِيَاءِ تَحْتَ شَجَرَةٍ فَلَدَغَتْهُ نَمْلَةٌ فَأَمَرَ بِجِهَازِهِ فَأُخْرِجَ مِنْ تَحْتِهَا وَأَمَرَ بِهَا فَأُحْرِقَتْ فِي النَّارِ فَأَوْحَى [اللهُ] إِلَيْهِ فَهَلَّا نَمْلَةً وَاحِدَةً؟

(۱۷) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نبیوں میں سے ایک نبی ایک درخت کے نیچے اترے تو ایک چیونٹی نے انہیں کاٹا، اس پر انہوں نے اپنا سامان وہاں سے نکلوایا اسے آگ لگوا کر جلاڈالا اس پر (اللہ نے) ان کی طرف وحی کی کہ کیا (قصور) صرف ایک چیونٹی کا نہ تھا؟

۱۸- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَالَّذِيْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْلَا أَنْ أَشُقَّ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ مَا قَعَدْتُ خَلْفَ سَرِيَّةٍ تَغْزُوْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ وَلٰكِنْ لَا أَجِدُ سَعَةً فَأَحْمِلُهُمْ وَلَا يَجِدُوْنَ سَعَةً فَيَتَّبِعُوْنِيْ وَلَا تَطِيْبُ أَنْفُسُهُمْ أَنْ يَقْعُدُوْا بَعْدِيْ.

(۱۸) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے۔ اگر مومنوں پر دشواری کا احتمال نہ ہوتا تو میں اللہ کی راہ میں لڑنے والی کسی جماعت کے پیچھے نہ بیٹھتا لیکن میں اتنی گنجائش نہیں پاتا کہ ان سب کیلئے سواری کا انتظام کروں، اور وہ بھی اتنی گنجائش نہیں پائے کہ میرے ساتھ ساتھ آئیں، اور ان کا جی خوش نہیں ہوتا کہ میرے پیچھے بیٹھے رہیں۔

---

(۱۷) مسلم ج ۲ ص ۲۳۶ کتاب قتل الحیات وغیرھا، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال اخبرنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا به ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال......

(۱۸) مسلم ج ۲ ص ۱۳۳ کتاب الامارة، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ماحدثنا ابوهريرة عن رسول الله ﷺ......

۱۹ — وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ تُسْتَجَابُ لَهُ فَأُرِيْدُ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ أَنْ أُؤَخِّرَ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِأُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ.

(۱۹) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر ایک نبی کی ایک منہ مانگی دعا ضرور قبول کی جاتی ہے (اوروں نے اس کو اس دنیا ہی میں پورا کرالیا) انشاء اللہ تعالیٰ میرا ارادہ ہے کہ اسے امت کی شفاعت کے لئے قیامت کے دن تک ملتوی کروں۔

۲۰ — وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: مَنْ أَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ أَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ وَمَنْ لَمْ يُحِبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ لَمْ يُحِبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ.

(۲۰) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص اللہ سے ملاقات کرنی پسند کرتا ہے تو اللہ بھی اس سے ملاقات کرنی پسند کرتا ہے اور جو شخص اللہ سے ملاقات کرنی پسند نہیں کرتا تو اللہ بھی اس سے ملاقات کرنی پسند نہیں کرتا۔

۲۱ — وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: (۳/أ) مَنْ أَطَاعَنِي فَقَدْ أَطَاعَ اللّٰهَ وَمَنْ يَعْصِنِي فَقَدْ عَصَى اللّٰهَ وَمَنْ يُطِعِ الْأَمِيْرَ فَقَدْ أَطَاعَنِي وَمَنْ يَعْصِ الْأَمِيْرَ فَقَدْ عَصَانِي.

(۲۱) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (۱/۳) جس شخص نے میری اطاعت کی گویا اس نے اللہ ہی کی اطاعت کی اور جس شخص نے میری نافرمانی کی تو گویا اس نے اللہ ہی کی نافرمانی کی، اور جس شخص نے (میرے مقرر کردہ) امیر کی اطاعت کی گویا اس نے میری ہی اطاعت کی اور جس نے (میرے) امیر کی نافرمانی کی تو گویا اس نے میری ہی نافرمانی کی۔

۱۹۔ بهامش الدمشقية: "خ أدخر"، وفي البرلينية :"ادخر" في المتن، و"أوخر" بالهامش.

۲۲- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَكْثُرَ فِيْكُمُ الْمَالُ فَيُفِيْضُ حَتّٰى يُهِمَّ رَبَّ الْمَالِ مَنْ يَّتَقَبَّلُ مِنْهُ صَدَقَتَهُ قَالَ وَيُقْبَضُ الْعِلْمُ وَيَقْتَرِبُ الزَّمَانُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ وَيَكْثُرُ الْهَرَجُ. [قَالُوْا: اَلْهَرَجُ] اَىٌّ هُوَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: اَلْقَتْلُ اَلْقَتْلُ.

(۲۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہ آئے گی جب تک کہ تم میں مال کی کثرت نہ ہو جائے، وہ بہا بہا پھرے گا یہاں تک کہ مالدار کو اس بات کی فکر ہو گی کہ اس سے اس کا صدقہ (زکوٰۃ) کون قبول کرے گا، اور آپ نے فرمایا اور علم اٹھالیا جائے گا، اور زمانہ (قیامت سے) قریب تر ہو جائے گا اور فتنے ظاہر ہونگے اور ہرج کثرت سے ہوگا (لوگوں نے کہا) یارسول اللہ! ہرج کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: قتل، خونریزی۔

۲۳- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَقْتَتِلَ فِئَتَانِ عَظِيْمَتَانِ تَكُوْنُ بَيْنَهُمَا مَقْتَلَةٌ عَظِيْمَةٌ وَدَعْوَاهُمَا وَاحِدَةٌ.

(۲۳) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہ آئے گی جب تک دو بڑی جماعتیں آپس میں جنگ نہ کریں، ان دونوں کے درمیان بڑی جنگ ہو گی اور ان دونوں کا دعویٰ ایک ہی ہو گا۔

---

(۲۲) قال ابو موسٰی: "الهرج القتل بلسين الحبشة، عن ابی موسیؓ وعن ابی هریرةؓ، (بخاری ج ۲۹ کتاب الفتن) ابوموسیٰؓ کہتے ہیں کہ ہرج حبشہ کی زبان میں قتل کو کہتے ہیں۔

(۲۳) بخاری ج ۱٤ کتاب المناقب حدثنی عبد اللّٰہ بن محمد حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هریرة عن النبی ﷺ...... مسلم ج ۲ ص ۳۹۰ کتاب الفتن، حدثنا محمد بن رافع حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هریرة عن رسول اللّٰه ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول اللّٰه ﷺ......

۲٤- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَنْبَعِثَ دَجَّالُوْنَ كَذَّابُوْنَ قَرِيْبٌ مِّنْ ثَلاثِيْنَ كُلُّهُمْ يَزْعَمُ أَنَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ.

(۲۴) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہ آئے گی جب تک کہ تقریباً تیس (۳۰) جھوٹے دجال نہ نکلیں، ان میں سے ہر ایک دعویٰ کرے گا کہ وہ اللہ کا رسول ہے۔

۲۵- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى تَطْلُعَ الشَّمْسُ مِنْ مَّغْرِبِهَا فَإِذَا طَلَعَتْ وَرَأهَا النَّاسُ آمَنُوْا أَجْمَعُوْنَ وَذٰلِكَ حِيْنَ لا يَنْفَعُ نَفْسًا إِيْمَانُهَا لَمْ تَكُنْ آمَنَتْ مِنْ قَبْلُ أَوْ كَسَبَتْ فِيْ إِيْمَانِهَا خَيْرًا.

(۲۵) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قیامت اس وقت تک نہ آئے گی جب تک آفتاب اپنے مغرب سے نہ نکلے۔ (پھر اس کے بعد) جب آفتاب طلوع ہوگا اور لوگ اس کو دیکھیں گے تو سب کے سب ایمان لائیں گے۔ لیکن یہ اس وقت ہوگا جب کہ کسی شخص کو اس کا ایمان لانا فائدہ نہ پہنچائے گا کہ اس سے پہلے نہ تو وہ ایمان لایا تھا اور نہ ہی اپنے ایمان ہی سے کوئی بھلائی حاصل کی تھی۔

۲٦- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِذَا نُوْدِيَ بِالصَّلاةِ أَدْبَرَ الشَّيْطَانُ لَه ضُرَاطٌ حَتّٰى لا يَسْمَعَ التَّأْذِيْنَ فَإِذَا قُضِيَ التَّأْذِيْنُ أَقْبَلَ حَتّٰى إِذَا ثُوِّبَ بِهَا أَدْبَرَ حَتّٰى إِذَا قُضِيَ التَّثْوِيْبُ أَقْبَلَ يَخْطُرُ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِه وَيَقُوْلُ لَه: اُذْكُرْ كَذَا اُذْكُرْ كَذَا لِمَا لَمْ يَكُنْ يَذْكُرُ مِنْ قَبْلُ، حَتّٰى يَظَلَّ الرَّجُلُ إِنْ

(۲۴) بخاری ج ١٤ كتاب المناقب حدثني عبد الله بن محمد حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هريرة عن النبی ﷺ......

(۲۵) مسلم ج ١ ص ٨٨ كتاب الايمان، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا قال حدثنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة عن النبی ﷺ......

يَدْرِیْ كَمْ صَلّٰى.

(۲۶) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب نماز کیلئے اذان دی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ پھیر کر پاد تا ہوا چلا جاتا ہے تاکہ اذان سنائی نہ دے۔ جب اذان ختم ہو جاتی ہے تو وہ پھر آ جاتا ہے یہاں تک کہ جب نماز کے لئے اقامت کہی جاتی ہے تو پیٹھ پھیر کر چلا جاتا ہے پھر جب اقامت ختم ہو جاتی ہے تو آدمی اور اس کے نفس کے درمیان خطرہ ڈالنے کے لئے چلا آتا ہے اور اس سے کہتا ہے کہ "فلاں بات یاد کر، فلاں بات یاد کر" جو اس سے پہلے یاد نہیں آتی تھی۔ یہاں تک کہ آدمی یہ جاننے کے قابل نہیں رہتا کہ اس نے کتنی نماز پڑھی۔

۲۷۔ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: يَمِيْنُ اللّٰهِ مَلْأٰى لَا يَغِيْضُهَا نَفَقَةٌ سَحَّاءَ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ أَرَأَيْتُمْ مَا أَنْفَقَ مُنْذُ خَلْقِ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ فَإِنَّهُ لَمْ يَنْقُصْ مِمَّا فِيْ يَمِيْنِهِ قَالَ: وَعَرْشُهُ عَلَى الْمَاءِ وَبِيَدِهِ الْأُخْرٰى الْقَبْضُ يَرْفَعُ وَيَخْفِضُ.

(۲۷) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا سیدھا ہاتھ بھرا ہوا ہے، دن رات کے مسلسل خرچ کرنے سے بھی وہ خالی نہیں ہوتا۔ دیکھو تو کہ جب سے کہ اس نے آسمان اور زمین پیدا کئے کیا کچھ نہیں خرچ کیا؟ مگر اس کے سیدھے ہاتھ

---

(۲۶) مسلم ج ۱ ص ۱۶۸ کتاب الصلوۃ باب الاذان، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه عن ابی ہریرۃؓ عن النبی ﷺ......

(۲۷) بخاری ج ۳۰ کتاب التوحید، حدثنا علی بن عبدا لله حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام حدثنا ابو هريرة عن النبی ﷺ......، مسلم ج ۱ ص۳۲۲ کتاب الزکوۃ، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق بن همام قا ل حدثنا معمر بن راشد عن همام بن منبه اخی وهب بن منبه قال هذا ما حدثنا ابو هريرة عن النبی ﷺ فذكر أحاديث منها وقال قال رسول الله ﷺ ......

میں جو کچھ ہے وہ کم نہیں ہوتا۔ آپ نے فرمایا: اور اس کا عرش (تخت) پانی پر ہے اور اس کے دوسرے ہاتھ میں روک لینے کی قابلیت ہے، وہی بلند کرتا ہے اور وہی پست کرتا ہے۔

۲۸- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: وَالَّذِیْ نَفْسِیْ بِیَدِہٖ لَیَأْتِیَنَّ عَلٰی أَحَدِکُمْ یَوْمٌ لَا یَرَانِی ثُمَّ لَأَنْ یَرَانِیْ أَحَبُّ إِلَیْهِ مِنْ مِثْلِ أَهْلِهٖ وَمَالِهٖ مَعَهُمْ.

(۲۸) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، تم میں سے کسی پر ایک دن ایسا آئے گا کہ وہ مجھے نہ دیکھے گا، اس وقت مجھ کو دیکھنا اسے اس سے زیادہ پسند ہوگا جتنا اپنے اہل و عیال اور مال و منال کو دیکھنا۔

۲۹- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: یَهْلِكُ كِسْرٰی ثُمَّ لَا كِسْرٰی بَعْدَہٗ وَقَیْصَرُ لَیَهْلِكَنَّ ثُمَّ لَا یَكُوْنُ قَیْصَرُ بَعْدَہٗ وَلَتُنْفِقَنَّ كُنُوْزَهُمَا فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَسَمَّی الْحَرْبَ خِدْعَةً.

(۲۹) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسریٰ (ایران کا بادشاہ) ہلاک ہو جائے گا پھر

---

(۲۸) مسلم ج۲ ص ۲٦٤ کتاب الفضائل، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال اخبرنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

(۲۹) بخاری ج ۱۲ کتاب الجهاد والسير، حدثنا عبد الله بن محمد حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال مسلم ج۲ ص ۸۳ کتاب الجهاد والسيرمسلم ج ۲ ص ۳۹٦ کتاب الفتن حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبد الرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكرأحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

اس کے بعد کوئی کسریٰ نہ ہوگا، اور قیصر (روم کا بادشاہ) بھی ہلاک ہو جائے گا پھر اس کے بعد کوئی قیصر نہ ہوگا، اور تم ان دونوں کے خزانے اللہ کی راہ میں خرچ کروگے، اور (آں حضرت نے) جنگ کو ایک ''دھوکہ'' فرمایا۔

۳۰- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: إِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: أَعْدَدْتُ (۳/ب) لِعِبَادِیَ الصَّالِحِیْنَ مَا لَا عَیْنٌ رَأَتْ وَلَا أُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ.

(۳۰) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے فرمایا: میں نے اپنے صالح بندوں کے لئے ایسی چیزیں تیار کر رکھی ہیں (۳/ب) جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا اور نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی آدمی کے دل میں ان کا خطرہ گزرا۔

۳۱- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: ذَرُوْنِیْ مَا تَرَکْتُکُمْ فَإِنَّمَا ھَلَكَ الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِکُمْ بِسُؤَالِھِمْ وَاخْتِلَافِھِمْ عَلٰی أَنْبِیَائِھِمْ فَإِذَا نَھَیْتُکُمْ عَنْ شَیْءٍ فَاجْتَنِبُوْہُ وَإِذَا أَمَرْتُکُمْ بِأَمْرٍ فَأْتُوْا مِنْہُ مَا اسْتَطَعْتُمْ.

(۳۱) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مجھے اس وقت تک چھوڑے رکھو جب تک کہ میں تمہیں چھوڑے رکھوں کیونکہ جو لوگ تم سے پہلے گزرے وہ اپنے پیغمبروں سے سوال کرکے اور پھر ان کو نہ ماننے کے باعث ہلاک ہوگئے۔ پھر جب میں تمہیں کسی چیز سے منع کروں تو اس چیز سے بچو، اور جب میں تمہیں کسی بات کا حکم دوں تو تم سے جتنا ہو سکے اس پر عمل کرو۔

---

(۳۰) بخاری ج ۳۰ کتاب التوحید، حدثنا معاذ بن أسد اخبرنا عبداللہ اخبرنا معمر عن ھمام بن منبہ عن ابی ھریرۃ عن النبی ﷺ۔

۳۱۔ فی المخطوطتین بالھامش: "خ ترکتم (أی بدل : ترکتکم)، وفی الدمشقیۃ بالھامش: "خ فائتمروا" (ای بدل :فأتوا، ورسمہ عندہ : فابتوا)،

٣٢- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: إِذَا نُوْدِیَ لِلصَّلَاةِ صَلَاةِ الصُّبْحِ وَأَحَدُکُمْ جُنُبٌ فَلَا یَصُوْمُ یَوْمَئِذٍ.

(٣٢) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب صبح کی نماز کے لئے اذان دی جائے اور تم میں سے کوئی شخص جنابت کی حالت میں ہو تو اس دن روزہ نہ رکھے [١]۔

٣٣- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: لِلّٰہِ تِسْعَةٌ وَتِسْعُوْنَ اِسْمًا مِائَةٌ إِلَّا وَاحِدَةٌ مَنْ أَحْصَاهَا دَخَلَ الْجَنَّةَ إِنَّهُ وِتْرٌ یُحِبُّ الْوِتْرَ.

(٣٣) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے ننانوے نام ہیں: ایک کم سو، جو شخص ان کو یاد رکھے گا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ اللہ طاق ہے، طاق (عدد عبادت) کو پسند کرتا ہے۔

٣٤- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صلی اللہ علیہ وسلم: إِذَا نَظَرَ أَحَدُکُمْ إِلٰی مَنْ هُوَ فُضِّلَ عَلَیْهِ فِی الْمَالِ وَالْخُلُقِ فَلْیَنْظُرْ إِلٰی مَنْ هُوَ أَسْفَلُ مِنْهُ مِمَّنْ فُضِّلَ عَلَیْهِ.

(٣٤) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص ایسے شخص کو دیکھے جس کو اس سے مال اور اخلاق میں فضیلت دی گئی ہو تو اس کو چاہئے کہ ایسے آدمی کو دیکھو جو اپنے سے کم ہو نہ کہ ایسے شخص کو جو بالاتر ہو۔ تاکہ حسد کی

٣٢۔ "فلا یصوم" کذا ولعله "فلا یصم"،

(١) یا تو یہ ابتدائی زمانے کی منسوخ شدہ حدیث ہے یا منشا اصل میں یہ کہنا ہے کہ طلوع فجر کے بعد بیوی کے پاس جائیں تو پھر اس دن روزہ نہیں رکھ سکتے۔

٣٣۔ "واحدة" کذا فی المخطوطتین، بدل "واحدا"،

(٣٣) مسلم ج٢ ص ٣٤٢ کتاب الذکر والدعاء حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن ایوب عن ابی سیرین عن ابی هریرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم وعن همام بن منبه عن ابی هریرة عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم...... وزاد همام بن منبه عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم "انه وتر یحب الوتر"

جگہ اللہ کا شکر کر سکے)

۳۵- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: طُهُوْرُ إِنَاءِ أَحَدِكُمْ إِذَا وَلَغَ الْكَلْبُ فِيْهِ فَلْيَغْسِلْهُ سَبْعَ مَرَّاتٍ.

(۳۵) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کے برتن میں جب کتا منہ ڈالے تو اس کو چاہیے کہ پاک کرنے کے لئے سات مرتبہ دھولے۔

۳۶- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَقَدْ هَمَمْتُ أَنْ آمُرَ فِتْيَانِیْ أَنْ يَسْتَعِدُّوْا لِیْ بِحُزَمٍ مِّنْ حَطَبٍ ثُمَّ آمُرُ رَجُلًا يُصَلِّیْ بِالنَّاسِ ثُمَّ أُحْرِقَ بُيُوْتًا عَلٰى مَنْ فِيْهَا.

(۳۶) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے، میرا جی چاہتا ہے کہ اپنے نوکروں کو حکم دوں کہ میرے لئے لکڑی کے گٹھے لائیں پھر میں ایک شخص کو حکم دوں کہ لوگوں کو نماز پڑھائے اور میں لوگوں کو (جو نماز کو نہیں آتے) ان کے گھروں سمیت آگ لگا کر جلا ڈالوں۔

۳۵۔ بهامش البرلينية: "خ طهر" (اى بدل: طهور)، "فليغسله" وفى الجامع الصغير ج ۱ طبع بمصر "أن يغسله"،

(۳۵) مسلم ج ۱ ص ۱۳۷ کتاب الطهارة حدثنا محمدبن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن محمد رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ...... مسلم میں بھی "فلیغلسہ" کے بجائے "ان یغسلہ" نیز "طہور" کے ساتھ ساتھ مسلم مطبوعہ ہند کے حاشیہ پر بھی "طہر" درج ہے۔

۳۶۔ "ثم احرق بيوتا" وفى مسلم عن همام "ثم تحرق بيوت"،

(۳۶) مسلم ج ۱ ص ۲۳۲ کتاب المساجد وموضع الصلوة، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

۳۷- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: نُصِرْتُ بِالرُّعْبِ وَاُوْتِيْتُ جَوَامِعَ الْكَلِمِ.

(۳۷) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رعب کے ذریعہ سے میری مدد کی گئی اور مجھے جامع کلمے دیئے گئے ہیں۔

۳۸- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِذَا انْقَطَعَ شِسْعُ نَعْلِ أَحَدِكُمْ أَوْ شِرَاكُه فَلَا يَمْشِ فِيْ إِحْدَاهُمَا بِنَعْلٍ وَاحِدٍ وَالأُخْرٰى حَافِيَةٌ لِيُحْفِيْهِمَا جَمِيْعًا أَوْ لِيُنْعِلْهُمَا جَمِيْعًا.

(۳۸) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم سے کسی کی چپل کا تسمہ یا پٹہ ٹوٹ جائے تو دونوں پاؤں میں سے صرف ایک پاؤں میں چپل پہن کر نہ چلے اور دوسرا (پاؤں) ننگا رہے، یا تو دونوں پاؤں ننگے رکھے یا دونوں پاؤں میں چپل پہن لے۔

۳۹- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَا يَأْتِيْ ابْنَ آدَمَ النَّذْرُ بِشَيْءٍ لَمْ أَكُنْ قَدْ قَدَّرْتُه وَلٰكِنْ يُلْقِهِ النَّذْرُ وَقَدْ قَدَّرْتُه لَه اِسْتَخْرِجُ بِهِ مِنَ الْبَخِيْلِ وَيُؤْتِيْنِيْ عَلَيْهِ مَا لَمْ يَكُنْ آتَانِيْ مِنْ قَبْلُ.

(۳۹) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) نذر ماننے سے انسان کو

۳۷۔ بهامش الدمشقية: "خ الكلام" (اى بدل: الكلم)

(۳۷) مسلم ج۱ ص ۲۰۰ كتاب المساجد ومواضع الصلوة، حدثنامحمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا معمرعن همام بن منبه قال: هذا ماحدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

۳۸۔ "بنعل واحدة" فى البخارى ج ۲٤ كتاب اللباس "بنعل واحدة" "ليحفيهما" فى البخارى ايضا" ليحفهما".

(۳۹) بخارى ج ۲۷ كتاب القدر، حدثنا بشر بن محمد اخبرنا عبد الله اخبرنا معمر عن همام بن منبه عن ابى هريرة عن النبى ﷺ قال......

کوئی ایسی چیز نہیں مل جاتی جو میں نے اس کی قسمت میں مقدر نہ کی ہو بلکہ نذر ماننے سے وہ شخص صرف ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو میں نے اس کے لئے پہلے ہی سے مقدر کر رکھی ہے۔ البتہ نذر کی خاطر بخیل سے (کچھ خیرات) نکل آتی ہے اور وہ مجھے اس کی خاطر ایسی چیز دیتا ہے جو اس سے پہلے نہیں دیتا تھا۔

۴۰ - وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: إِنَّ اللّٰہَ قَالَ: أَنْفِقْ أُنْفِقْ عَلَيْكَ وَسَمَّى الْحَرْبَ خِدْعَةً.

(۴۰) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "خیرات کر میں تجھے اور دونگا" اور آپ نے جنگ کو ایک "دھوکہ" فرمایا۔

۴۱ - وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: رَأَى عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ رَجُلًا يَسْرُقُ فَقَالَ لَهُ عِيْسَى: [سَرَقْتَ؟ فَقَالَ: كَلَّا وَالَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَقَالَ عِيْسَى: آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَكَذَّبْتُ عَيْنِيْ.

(۴۱) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: عیسیٰ بن مریمؑ نے ایک شخص کو چوری کرتے ہوئے دیکھا۔ اس پر عیسیٰؑ نے اس سے کہا: [1] کیا تو نے چوری کی؟ اس نے

(۴۰) مسلم ج ۱ ص ۳۲۲ کتاب الزکوٰۃ، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق بن همام قال حدثنا معمر عن راشد عن همام بن منبه اخی وهب بن منبه قال هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

۴۱ ۔ ضاعت ورقة من البرلينية ، و " [" علامة ابتداء السقطة ،

(۴۱) بخاری ج ۱۳ کتاب "بدء الخلق، حدثنا عبدالله بن محمد حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال...... مسلم ج ۲ ص ۲۶۵ کتاب الفضائل باب فضائل عيسىٰ عليه السلام، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

(۱) یہاں سے حدیث نمبر ۵۵ تک مخطوطہ برلین میں نہیں ہے اور وہ حصہ ضائع ہو گیا ہے۔

کہا، ہر گز نہیں، قسم ہے اس ذات کی جس کے سوا کوئی معبود نہیں عیسیٰؑ نے کہا: میں اللہ پر ایمان لاتا ہوں اور اپنی آنکھ کو جھٹلاتا ہوں۔

۴۲۔ وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: مَا أُوْتِيكُمْ مِنْ شَيْءٍ وَلَا أَمْنَعُكُمُوْهُ إِنْ أَنَا إِلَّا خَازِنٌ أَضَعُ حَيْثُ أُمِرْتُ.

(۴۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں نہ تو کوئی چیز تمہیں دیتا ہوں اور نہ کوئی چیز تم سے روک لیتا ہوں، میں تو صرف ایک خازن ہوں، مجھے جہاں رکھنے کا حکم دیا جاتا ہے وہاں رکھتا ہوں۔

۴۳۔ وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: (۴/أ) إِنَّمَا الإِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهِ فَلَا تَخْتَلِفُوْا عَلَيْهِ، فَإِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَإِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَإِذَا قَالَ: سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَه فَقُوْلُوْا: اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ فَإِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا وَإِذَا صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا أَجْمَعِيْنَ.

(۴۳) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (۱/۴) امام اس لئے ہے کہ اس کی اقتداء کی جائے، اس لئے تم امام سے اختلاف نہ کرو، جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو، اور جب وہ "سَمِعَ اللهُ لِمَنْ حَمِدَهُ" (جو شخص اللہ کی حمد کرتا ہے اللہ اس کو سنتا ہے) کہے تو تم اللهم ربنا لك الحمدُ (یا اللہ! اے ہمارے رب تیرے

۴۳۔ "انما الامام" والمشهور"انما جعل الإمام" "اجمعين" قال فى المصباح المنير المطبوع بمصر(جمع) هو تصحيف من المحدثينَ والوجه"اجمعون"۔

(۴۳) بخاری ج ۳ کتاب الاذان، حدثنا عبد الله بن محمد قال حدثنا عبدالرزاق قال اخبرنامعمر عن همام عن ابى هريرة عن النبى ﷺ قال: انما جُعِلَ الامامُ......

مسلم ج۱ص ۱۷۷ كتاب الصلوة، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه عن ابى هريرة عن النبى ﷺ......

لئے ہی حمد ہے) کہو پھر جب وہ سجدہ کرے تو تم بھی سجدہ کرو اور جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم سب بھی بیٹھ کر نماز پڑھو۔

٤٤- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: أَقِيمُوا الصَّفَّ فِي الصَّلاةِ فَإِنَّ إِقَامَةَ الصَّفِّ مِنْ حُسْنِ الصَّلاةِ.

(۴۴) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز میں صف باندھ لیا کرو کیونکہ صف باندھنا نماز کا حسن (خوشنمائی) ہے۔

٤٥- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: تَحَاجَّ آدَمُ وَمُوْسى فَقَالَ لَه مُوْسى: أَنْتَ آدَمُ الَّذِيْ أَغْوَيْتَ النَّاسَ فَأَخْرَجْتَهُمْ مِنَ الْجَنَّةِ إِلَى الأَرْضِ فَقَالَ لَه آدَمُ: أَنْتَ مُوْسى الَّذِيْ أَعْطَاهُ اللهُ عِلْمَ كُلِّ شَيْءٍ وَاصْطَفَاهُ عَلَى النَّاسِ بِرِسَالَتِه قَالَ: نَعَمْ قَالَ: أَتَلُوْمُنِيْ عَلى أَمْرٍ قَدْ كَانَ كَتَبَ عَلَيَّ أَنْ أَفْعَلَ مِنْ قَبْلِ أَنْ أُخْلَقَ؟ فَحَجَّ آدَمُ مُوْسى.

(۴۵) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آدمؑ اور موسیٰؑ نے (ایک بار) آپس میں حجت کی چنانچہ موسیٰؑ نے ان سے کہا: کیا تم ہی وہ آدم ہو جنہوں نے لوگوں کو گمراہ کیا اور ان کو جنت سے زمین پر نکالا؟ اس پر آدم نے ان سے کہا: کیا تم ہی وہ

(۴۴) بخاری ج ۳ کتاب الاذان حدثنا عبد اللہ بن محمد حدثنا عبدالرزاق قال اخبرنا معمر عن ھمام بن منبه عن ابی ھریرة عن النبی ﷺ......

مسلم ج۱ ص ۱۸۲ کتاب الصلوة، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا معمر عن ھمام بن منبه قال ھذا ما حدثنا ابوھریرة عن رسول اللہ ﷺ فذکر أحادیث منھا وقال رسول اللہ ﷺ......

(۴۵) مسلم ج ۲ ص ۳۳۵ کتاب القدر، حدثنا ابن رافع حدثنا عبدالرزاق حدثنا معمر عن ھمام بن منبه عن ابی ھریرة عن النبی ﷺ......

موسیٰ ہو جن کو اللہ نے ہر چیز کا علم دیا اور اپنا رسول بنا کر دوسرے لوگوں سے برگزیدہ بنایا؟ انہوں نے کہا: ہاں۔ (آدمؑ نے) کہا: کیا تم مجھے ایسی بات کے متعلق ملامت کرتے ہو جو میری پیدائش سے پہلے ہی لکھ دی گئی تھی کہ میں ایسا کروں گا؟ اس طرح آدمؑ نے موسیٰؑ کو لاجواب کر دیا۔

٤٦- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: بَيْنَمَا أَيُّوْبُ يَغْتَسِلُ عُرْيَانًا خَرَّ عَلَيْهِ رِجْلُ جَرَادٍ مِّنْ ذَهَبٍ فَجَعَلَ أَيُّوْبُ يَحْثِي فِي ثَوْبِهِ قَالَ: فَنَادَاهُ رَبُّهُ يَا أَيُّوْبُ! أَلَمْ أَكُنْ أَغْنَيْتُكَ عَمَّا تَرَى؟ قَالَ: بَلٰى يَا رَبِّ! وَلٰكِنْ لَا غِنَى لِيْ عَنْ بَرَكَتِكَ.

(٤٦) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک مرتبہ جب کہ ایوبؑ ننگے غسل خانے میں نہا رہے تھے ان پر سونے کی ٹڈیوں کا ایک دل گرنے لگا اور ایوب ان کو اپنے کپڑوں میں سمیٹنے لگے کہا: پھر ان کے رب نے ان کو آواز دی، اے ایوب! تم نے جو چیز دیکھی ہے کیا میں نے تم کو اس سے بے نیاز نہیں بنایا ہے؟ انہوں نے کہا: کیوں نہیں؟ اے میرے پروردگار! لیکن میں تیری برکت سے بے نیاز کہاں ہوں۔

٤٧- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: خُفِّفَ عَلٰى دَاوُدَ الْقُرْآنُ فَكَانَ يَأْمُرُ بِدَوَابِّهِ فَتُسْرَجُ فَكَانَ يَقْرَأُ الْقُرْآنَ مِنْ قَبْلِ أَنْ تُسْرَجَ دَابَّتُه وَكَانَ لَا يَأْكُلُ إِلَّا مِنْ عَمَلِ يَدَيْهِ.

(٤٦) بخاری ج ٢ کتاب الغسل بخاری ج١٩ کتاب التفسير بخاری ج ٣٠ کتاب التوحيد، حدثنا عبد الله بن محمد حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال......

٤٧ ـ "دابته" فی البخاری ج ١٣ کتاب بدء الخلق عن همام بن منبه "دو آبه"۔

(۴۷) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: داؤدؑ کو قرآن [1] پڑھنا آسان کر دیا گیا تھا۔ وہ اپنے گھوڑے پر زین لگانے کا حکم دیتے تھے اور گھوڑے پر زین لگنے سے پہلے ہی (پورا) قرآن پڑھ لیا کرتے تھے اور وہ سوائے اپنے ہاتھ کی کمائی کے کوئی چیز نہیں کھایا کرتے تھے۔

٤٨- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: رُؤْيَا الرَّجُلِ الصَّالِحِ جُزْءٌ مِّنْ سِتَّةٍ وَّأَرْبَعِيْنَ جُزْءً مِّنَ النُّبُوَّةِ.

(۴۸) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: صالح آدمی کا خواب نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔

٤٩- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يُسَلِّمُ الصَّغِيْرُ عَلَى الْكَبِيْرِ، وَالْمَارُّ عَلَى الْقَاعِدِ، وَالْقَلِيْلُ عَلَى الْكَثِيْرِ.

(۴۹) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: چھوٹے کو بڑے پر، اور گزرنے والے کو بیٹھے ہوئے پر اور قلیل (جماعت) کو کثیر (جماعت) پر سلام کرنا چاہئے۔

٥٠- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لا أَزَالُ أُقَاتِلُ النَّاسَ حَتّٰى يَقُوْلُوْا: لا إِلٰهَ إِلا اللهُ، فَإِذَا قَالُوْا: لا إِلٰهَ إِلا اللهُ، فَقَدْ عَصَمُوْا مِنِّيْ دِمَائَهُمْ وَأَمْوَالَهُمْ

---

(۴۷) بخاری ج ۱۳ کتاب بدء الخلق، بخاری ج ۱۹ کتاب التفسیر حدثنی اسحاق بن نصر حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هريرة عن النبی ﷺ......

(۱) یہاں قرآن سے زبور مراد ہے۔

٤٨- "رؤيا الرحل الصالح" فی الجامع الصغير ج ۱ ص ٤٣١ عن الصحيحين ومسند احمد بن حنبل وابن ماجه "رؤيا المؤمن".

(۴۹) بخاری ج ۲۵ کتاب الاستئذان حدثنا محمد بن مقاتل ابو الحسن اخبرنا عبد الله اخبرنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال......

وَأَنْفُسَهُمْ إِلا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللهِ.

(۵۰) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں لوگوں سے اس وقت تک لڑتا رہوں گا جب تک کہ وہ یہ نہ کہیں کہ لَاإِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ (اللہ کے سوائے کوئی معبود نہیں) جوں ہی وہ لَاإِلٰهَ اِلَّااللّٰهُ کے قائل ہو جائیں تو مجھ سے ان کے خون اور مال اور جانیں محفوظ ہو جائیں گی بجز ان کے حق کے [۱] اور ان کا حساب اللہ پر ہے۔

۵۱- وَقَالَ رَسُولُ اللهِ ﷺ: تَحَاجَّتِ الْجَنَّةُ وَالنَّارُ، فَقَالَتِ النَّارُ: أُوثِرْتُ بِالْمُتَكَبِّرِيْنَ وَالْمُتَجَبِّرِيْنَ، وَقَالَتِ الْجَنَّةُ: فَمَالِيْ لا يَدْخُلُنِيْ إِلا ضُعَفَاءُ النَّاسِ وَسَقَطُهُمْ وَغِرَّتُهُمْ فَقَالَ اللهُ لِلْجَنَّةِ: إِنَّمَا أَنْتِ رَحْمَتِيْ أَرْحَمُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِيْ، وَقَالَ لِلنَّارِ: إِنَّمَا أَنْتِ عَذَابِيْ أُعَذِّبُ بِكِ مَنْ أَشَاءُ مِنْ عِبَادِيْ، وَلِكُلٍّ وَاحِدَةٍ مِنْكُمَا مِلْؤُهَا، فَأَمَّا النَّارُ فَلا تَمْتَلِئُ حَتّٰى يَضَعَ اللهُ تَعَالٰى فِيهَا رِجْلَه، فَتَقُوْلُ: قَطْ قَطْ، فَهُنَالِكَ تَمْتَلِئُ وَيُزْوٰى بَعْضُهَا إِلٰى بَعْضٍ، وَلا يَظْلِمُ اللهُ مِنْ خَلْقِه (۴/ب) أَحَدًا، وَأَمَّا الْجَنَّةُ فَإِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يُنْشِئُ لَهَا خَلْقًا.

(۵۱) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: (ایک مرتبہ) جنت اور آگ (دوزخ) آپس میں حجت کرنے لگے۔ دوزخ نے کہا: مجھے مغرور اور ظالم لوگوں کی قیام گاہ

---

(۱) یعنی کسی اور کا حق دلانے کے لئے سزائے موت یا ہر جانہ دیا جا سکتا ہے۔

(۵۱) بخاری ج ۲۰ کتاب التفسیر (سورۃ ق) حدثنا عبد اللہ بن محمد حدثنا عبدالرزاق اخبرنا معمر عن ہمام عن ابی ہریرۃ قال قال النبی ﷺ......

مسلم ج ۲ ص ۳۸۲ کتاب الجنۃ، باب جہنم، حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبد الرزاق حدثنا معمر عن ہمام بن منبہ قال وھذا ما حدثنا ابو ہریرۃ عن رسول اللہ ﷺ فذکر أحادیث منھا وقال رسول اللہ ﷺ......

بننے کے لئے مجھے ترجیح دی گئی ہے اور جنت نے کہا: کیا بات ہے کہ مجھ میں ضعیفوں اور پست اور بھولے لوگوں کے سوائے اور کوئی داخل نہ ہوگا اس پر اللہ نے جنت سے کہا: تو میری رحمت ہے میں تیرے ذریعہ سے اپنے بندوں میں سے جس پر چاہوں رحم کروں گا، اور دوزخ سے کہا: تو میرا عذاب ہے، میں تیرے ذریعہ سے اپنے بندوں میں سے جس کو چاہوں عذاب دوں گا اور تم میں سے ہر ایک بھر جائے گی لیکن دوزخ اس وقت تک نہ بھرے گی جب تک کہ اللہ اس میں اپنا پاؤں نہ رکھ دے پھر (دوزخ) کہے گی: بس، بس وہ اس وقت بھر جائے گی اور اس کا ایک حصہ دوسرے سے مل جائے گا اور اللہ اپنی مخلوق میں سے (۴/ب) کسی پر ظلم نہیں کرتا، رہی جنت تو اس کے لئے اللہ عزوجل ایک مخلوق پیدا کرے گا۔

۵۲- **وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِذَا اسْتَجْمَرَ أَحَدُكُمْ فَلْيُوتِرْ.**

(۵۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص ڈھیلہ لے تو طاق (تعداد میں) لے۔

۵۳- **وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: قَالَ اللّٰهُ تَعَالَى: إِذَا تَحَدَّثَ عَبْدِيْ بِأَنْ يَّعْمَلَ حَسَنَةً فَأَنَا أَكْتُبُهَا لَهُ حَسَنَةً مَا لَمْ يَعْمَلْهَا، فَإِذَا عَمِلَهَا فَأَنَا أَكْتُبُهَا لَهُ بِعَشْرِ أَمْثَالِهَا، وَإِذَا تَحَدَّثَ بِأَنْ يَّعْمَلَ سَيِّئَةً فَأَنَا أَغْفِرُهَا لَهُ مَا لَمْ يَعْمَلْهَا فَإِذَا عَمِلَهَا فَأَنَا أَكْتُبُهَا لَهُ بِمِثْلِهَا.**

(۵۳) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب میرا بندہ دل میں یہ کہے کہ نیک کام

---

(۵۳) مسلم ج ۱ ص ۷۸ کتاب الایمان، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال اخبرنا معمر عن همام بن منبه قال وهذا ما حدثنا ابوهريرة عن محمد رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

کرے گا تو میں اس کے لئے ایک نیکی لکھ لیتا ہوں جب تک کہ وہ اس کو نہ کرے پھر جب وہ اس کو کرتا ہے تو میں اس کے لئے اس جیسی دس (نیکیاں) لکھ لیتا ہوں، اور جب یہ کہے کہ وہ برا کام کرے گا تو میں اس کو معاف کر دیتا ہوں جب تک کہ وہ برا کام نہ کرے، پھر جب وہ برا کام کرتا ہے تو میں اس کے لئے صرف ایک برائی لکھ لیتا ہوں۔

۵۴- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَاللهِ لَقِيْدِ سَوْطِ أَحَدِكُمْ مِنَ الْجَنَّةِ خَيْرٌ لَه مِمَّا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ.

(۵۴) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں ایک شخص ہے [۱] جسکے کوڑے کی ڈوری (جو جنت میں ملے گی) آسمان اور زمین کے درمیان جو کچھ ہے اس سے بھی بہتر ہے۔

۵۵- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِنَّ أَدْنٰى مَقْعَدِ أَحَدِكُمْ مِّنَ الْجَنَّةِ إِنْ هُيِئَ لَه أَنْ يُّقَالَ لَه: تَمَنَّ، فَيَتَمَنّٰى وَيَتَمَنّٰى فَيُقَالَ لَهُ هَلْ تَمَنَّيْتَ؟ فَيَقُوْلُ نَعَمْ فَيَقُوْلُ لَهُ فَإِنَّ لَكَ مَا تَمَنَّيْتَ وَمِثْلُه مَعَه.

(۵۵) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنت میں تم میں سے کسی کا ادنیٰ ٹھکانا اگر اس کے لئے تیار کیا جائے تو اس سے کہا جائے گا: آرزو کر، پھر وہ آرزو کرے گا

---

(۱) ایک غریب مگر نکوکار صحابی کی تعریف ہے۔

۵۵- "إن هيئ له" ساقط من المشكاة باب صفة الجنة واهلها ص ۴۹۶ "] " علامة انتهاء السقطة من البرلينية.

(۵۵) مسلم ج ۱ ص ۱۰۱ كتاب الايمان حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال أخبرنا معمر عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

آرزو پر آرزو کرے گا۔ اس پر اس سے کہا جائے گا: کیا تو نے آرزو کر لی؟[1] وہ کہے گا ہاں۔ پھر اس سے کہا جائے گا: تجھ کو تیری آرزو کے موافق دیا جاتا ہے بلکہ اس کے ساتھ اس جیسا اور۔

۵۶- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: لَوْلَا الْهِجْرَةُ لَكُنْتُ امْرَئًا مِّنَ الْأَنْصَارِ، وَلَوْ يَنْدَفِعُ النَّاسُ فِيْ شُعْبَةٍ أَوْفِيْ وَادٍ، وَالْأَنْصَارُ فِيْ شُعْبَةٍ لَانْدَفَعْتُ مَعَ الْأَنْصَارِ فِيْ شُعَبِهِمْ.

(۵۶) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر ہجرت نہ ہوتی تو میں انصار ہی کا ایک آدمی ہوتا، اگر لوگ ایک گھاٹی یا ایک وادی میں جاتے اور انصار ایک دوسری گھاٹی میں تو میں انصار کے ساتھ ان کی گھاٹی میں جاتا۔

۵۷- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: لَوْلَا بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ لَمْ يَخْبُثِ الطَّعَامُ وَلَمْ يَخْنَزِ اللَّحْمُ، وَلَوْلَا حَوَاءُ لَمْ تَخُنْ أُنْثٰى زَوْجَهَا الدَّهْرَ.

(۵۷) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر بنی اسرائیل[2] نہ ہوتے تو کھانا خراب نہ ہوتا اور گوشت سڑ نہ جاتا اور اگر حواء[3] نہ ہوتیں تو کوئی عورت کبھی اپنے

---

(۱) مخطوطہ برلین کے گم شدہ ورق کی عبارت یہاں ختم ہوتی ہے۔

۵۶۔ "فی شعبة" فی الجامع الصغیر ج ۱ ص ۳۸۹ "فی شعب" كذا رواه احمد والشيخان واظن هذا هو الصحيح لان آخر الحديث"في شعبهم"۔

۵۷۔ فی المخطوطین: "بنو اسرائيل"۔

(۵۷) بخاری ج ۱۳، كتاب بدء الخلق، حدثنی عبدالله بن محمد الجعفی حدثنا عبدالرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هريرة قال، قال رسول الله ﷺ......

(۲) جب تک آدمی اللہ پر توکل کرتا رہا اور روز کی غذا روز خرچ کرتا رہا، چیزیں سڑتی گلتی نہ رہیں، آنے والے دنوں کے لئے اٹھا کر رکھنے کا آغاز بنی اسرائیل سے ہوا۔

(۳) جنت کا شجر ممنوعہ کھانے کا مشورہ دینا مراد معلوم ہوتا ہے۔

شوہر سے خیانت نہ کرتی۔

۵۸- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: خَلَقَ اللّٰہُ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ وَطُوْلُهٗ سِتُّوْنَ ذِرَاعًا، فَلَمَّا خَلَقَهٗ، قَالَ: اِذْهَبْ فَسَلِّمْ عَلٰی اُولٰئِكَ النَّفَرِ -وَهُمْ نَفَرٌ مِّنَ الْمَلَائِكَةِ جُلُوْسٌ- فَاسْتَمِعْ مَا يُحَيُّوْنَكَ فَاِنَّهَا تَحِيَّتُكَ وَتَحِيَّةُ ذُرِّيَّتِكَ قَالَ: فَذَهَبَ فَقَالَ: اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ فَقَالُوْا: [اَلسَّلَامُ] عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰہِ فَزَادُوْا وَرَحْمَةَ اللّٰہِ قَالَ: فَكُلُّ مَنْ يُّدْخُلُ الْجَنَّةَ عَلٰی صُوْرَةِ آدَمَ طُوْلُهٗ سَبْعُوْنَ ذِرَاعًا فَلَمْ يَزَلِ الْحَقُّ يَنْقُصُ بَعْدُ حَتَّی الْآنَ.

(۵۸) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ نے آدم کو اپنی شکل پر بنایا[۱] ان کی لمبائی ساٹھ ہاتھ تھی پھر جب ان کو پیدا کیا تو ان سے کہا: "جاؤ اور اس جماعت کو سلام کرو"۔۔۔۔۔ یہ فرشتوں کی ایک بیٹھی ہوئی جماعت تھی۔ "اور سنو کہ وہ تم کو سلام کا کیا جواب دیتے ہیں؟ وہی تمہارا اور تمہاری ...... اولاد کا سلام ہوگا۔" کہا: پھر وہ گئے اور کہا: السلام علیکم (تم پر سلامتی ہو) انہوں نے کہا: (السلام علیک) ورحمۃ اللہ (اور تجھ پر سلام اور اللہ کی رحمت ہو) انہوں نے

۵۸ـ بهامش البرلينية: "خ معا: يحييونك" (اى بدل: يحيونك)، وفيه أيضاً "خ معا: فزادوه" (اى بدل: فزادوا)،

(۵۸) بخاری ج ۱۳ کتاب بدء الخلق، حدثنی عبد الله بن محمد حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هريره قال قال رسول الله ﷺ...... مسلم ج ۲ ص ۳۸۰ کتاب الجنة حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبدالرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابوهريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

(۱) اللہ سنتا، دیکھتا، بولتا، ارادہ کرتا، پیدا کرتا، جانتا، ایجاد کرتا ہے اور دیگر صفتیں رکھتا ہے، آفتاب کی پرچھائیوں کی طرح انسان میں بھی چھوٹے پیمانے پر یہ صفتیں ہیں جو دوسرے جانوروں میں نہیں۔

"ورحمتہ اللہ" زیادہ کیا۔ کہا: ہر وہ شخص جو جنت میں داخل ہوگا آدم کی صورت کا ہوگا، اس کی لانبائی ساٹھ ہاتھ ہوگی۔ پھر اس کے بعد مخلوق (قدمیں) اب تک گھٹتی ہی گئی ہے۔

۵۹- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: جَاءَ مَلَكُ الْمَوْتِ إِلَى مُوْسَى، فَقَالَ لَه: أَجِبْ رَبَّكَ، قَالَ: فَلَطَمَ مُوْسَى عَيْنَ مَلَكِ الْمَوْتِ، فَفَقَأَهَا، قَالَ: فَرَجَعَ الْمَلَكُ إِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ، فَقَالَ: إِنَّكَ أَرْسَلْتَنِيْ إِلَى عَبْدٍ لَكَ لَا يُرِيْدُ الْمَوْتَ، وَقَدْ فَقَأَ عَيْنِي، قَالَ: (۵/آ) فَرَدَّ اللهُ إِلَيْهِ عَيْنَه، قَالَ: إِرْجِعْ إِلَى عَبْدِيْ، فَقُلْ لَه: اَلْحَيَاةَ تُرِيْدُ؟ فَإِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ الْحَيَاةَ، فَضَعْ يَدَكَ عَلَى مَتْنِ ثَوْرٍ، فَمَا وَارَتْ يَدُكَ مِنْ شَعْرَةٍ فَإِنَّكَ تَعِيْشُ بِهَا سَنَةً، قَالَ: ثُمَّ مَهْ؟ قَالَ: ثُمَّ تَمُوْتُ، قَالَ: فَالْآنَ مِنْ قَرِيْبٍ، قَالَ: رَبِّ أَدْنِنِيْ مِنَ الْأَرْضِ الْمُقَدَّسَةِ رَمْيَةً بِحَجَرٍ، وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَوْ أَنِّيْ عِنْدَه لَأَرَيْتُكُمْ قَبْرَه إِلَى جَانِبِ الطَّرِيْقِ عِنْدَ الْكَثِيْبِ الْأَحْمَرِ.

(۵۹) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: موت کا فرشتہ موسیٰؑ کے پاس آیا اور ان سے کہا: تمہارے پروردگار کے پاس چلو۔ کہا: اس پر موسیٰؑ نے موت کے فرشتہ کی آنکھ پر طمانچہ مارا اور آنکھ پھوڑ ڈالی، کہا: پھر فرشتہ اللہ کے پاس واپس گیا اور

---

(۵۹) بخاری ج ۶ کتاب الجنائز، بخاری ج ۱۳ کتاب بدء الخلق باب وفاة موسیٰ، حدثنا یحییٰ بن موسیٰ حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام حدثنا ابو هريرة عن النبی ﷺ قال......

مسلم ج ۲ ص ۲۶۷ کتاب الفضائل باب فضائل موسیٰ علیه السلام، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال اخبرنا معمر عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

کہا: تو نے مجھے اپنے ایسے بندے کے پاس بھیجا جو مرنا نہیں چاہتا اور میری آنکھ پھوڑ ڈالی، کہا: (۱/۵) اس پر اللہ نے اس کو اس کی آنکھ واپس کر دی، فرمایا: میرے بندے کے پاس جا اور اس سے کہہ: کیا تو زندہ رہنا چاہتا ہے اگر تو زندہ رہنا چاہتا ہے تو اپنا ہاتھ ایک بیل کی پیٹھ پر رکھ۔ تیرا ہاتھ جتنے بال ڈھانک لے گا تو اتنے سال زندہ رہے گا۔ (موسیٰ ؑ نے) کہا: پھر کیا ہو گا؟ کہا: پھر تم مر جاؤ گے، کہا: پھر تو اب جلدی ہی بہتر ہے۔ کہا: اے میرے رب! مجھے ارض مقدس سے اتنا ہی قریب کر دے جتنا کہ ایک پتھر پھینکنے کا فاصلہ ہوتا ہے اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اگر میں ان کے پاس ہوتا تو تم کو راستے کے کنارے سرخ ٹیلے کے قریب ان کی قبر بتلاتا۔

۶۰- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: كَانَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ يَغْتَسِلُوْنَ عُرَاةً يَنْظُرُ بَعْضُهُمْ إِلَى سَوْأَةِ بَعْضٍ، وَكَانَ مُوْسَى يَغْتَسِلُ وَحْدَهُ، فَقَالُوْا: وَ اللّٰهِ! مَا يَمْنَعُ مُوْسَى أَنْ يَغْتَسِلَ مَعَنَا إِلا أَنَّهُ آدَرُ، قَالَ: فَذَهَبَ مَرَّةً يَغْتَسِلُ فَوَضَعَ ثَوْبَهُ عَلَى حَجَرٍ، فَفَرَّ الْحَجَرُ بِثَوْبِهِ، قَالَ: فَجَمَحَ مُوْسَى فِي أَثَرِهِ، يَقُوْلُ: ثَوْبِيْ حَجَرُ، ثَوْبِيْ حَجَرُ، حَتَّى نَظَرَتْ بَنُوْ إِسْرَائِيْلَ إِلَى سَوْأَةِ مُوْسَى، فَقَالُوْا: وَاللّٰهِ! مَا بِمُوْسَى مِنْ بَأْسٍ، قَالَ: فَقَامَ الْحَجَرُ بَعْدَ مَا نُظِرَ إِلَيْهِ، فَأَخَذَ ثَوْبَهُ، وَطَفِقَ بِالْحَجَرِ ضَرْبًا، فَقَالَ أَبُوْ هُرَيْرَةَ: وَاللّٰهِ! إِنَّهُ نَدَبٌ بِالْحَجَرِ سِتَّةٌ أَوْ سَبْعَةٌ ضَرْبَ مُوْسَى بِالْحَجَرِ.

۶۰ـ فی المخطوطتین: "بنو اسرائیل"، "والله! ان بالحجر لندبا من اثر ضربه ثلاثاً او اربعاً او خمساً" کذا فی البخاری ج ۱۳ کتاب بدء الخلق.

(۶۰) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بنی اسرائیل ننگے نہایا کرتے تھے اور ایک دوسرے کی شرم گاہ دیکھتے تھے، اور موسیٰ تنہا نہایا کرتے تھے۔ بنی اسرائیل نے کہا: اللہ کی قسم! موسیٰ کو ہمارے ساتھ نہانے سے کوئی چیز نہیں روکتی مگر یہ کہ وہ خصیوں کی بیماری میں مبتلا ہوں گے، کہا: ایک مرتبہ وہ نہانے کے لئے گئے، اور اپنا کپڑا ایک پتھر پر رکھا، پتھر ان کے کپڑے لے بھاگا، کہا: پھر موسیٰ اس کے پیچھے یہ کہتے ہوئے بھاگے کہ "میرا کپڑا پتھر، میرا کپڑا پتھر!، پھر تو بنی اسرائیل نے موسیٰ کی شرم گاہ کو دیکھ لیا اور انہوں نے کہا: اللہ کی قسم! موسیٰ میں کوئی خرابی نہیں ہے۔ کہا: ان کی شرم گاہ پر نظر پڑ جانے کے بعد پتھر ٹھیر گیا، انہوں نے اپنا کپڑا لے لیا اور پتھر کو مارنے لگے، پھر ابو ہریرہ نے کہا: اللہ کی قسم! پتھر پر نشان ہیں جو چھ یا سات بار موسیٰ نے مارے تھے۔

۶۱- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لَيْسَ الْغِنَىٰ مِنْ كَثْرَةِ الْعَرَضِ، وَلٰكِنَّ الْغِنَىٰ غِنَى النَّفْسِ.

(۶۱) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کثیر مال سے تونگری نہیں ہے بلکہ تونگری نفس کی تونگری ہے۔

۶۲- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِنَّ مِنَ الظُّلْمِ مَطْلُ الْغَنِيِّ، وَإِنْ اتُّبِعَ أَحَدُكُمْ عَلَىٰ مَلِيْءٍ فَلْيَتَّبِعْ.

---

(۶۰) بخاری ج۲ كتاب الغسل، حدثنا اسحاق بن نصر قال حدثنا عبدالرزاق عن معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة عن النبی ﷺ۔

مسلم ج۱ ص ۱۵٤ نیز مسلم ج ۲ ص ۲٦٦ كتاب الفضائل، باب فضائل موسیٰ عليه السلام، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ۔

(۶۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مالدار کا وعدہ کو ٹالتے رہنا بھی ایک ظلم ہے تم میں سے کس کا کسی پیٹ بھرے سے پالا پڑے تو چاہئے کہ اس کا پیچھا کرے۔

٦٣- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أَغْيَظُ رَجُلٍ عَلَى اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَخْبَثُه وَأَغْيَظُه عَلَيْهِ رَجُلٌ كَانَ يُسَمَّى مَلِكَ الأَمْلاَكِ لاَ مَلِكَ إِلاَّ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ.

(۶۳) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کو سب سے زیادہ غصہ میں لانے والا اور سب سے زیادہ خبیث اور اللہ کا سب سے زیادہ غصہ اٹھانے والا وہ شخص ہوگا جس کو شاہ شاہان (بادشاہوں کا بادشاہ) کہتے ہوں، اللہ عزوجل کے سوائے کوئی بادشاہ نہیں ہے۔

٦٤- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: بَيْنَمَا رَجُلٌ يَتَبَخْتَرُ فِيْ بُرْدَيْنِ وَقَدْ أَعْجَبَتْه نَفْسُه خُسِفَ بِهِ الأَرْضُ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيْهَا إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

(۶۴) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک شخص تھا دو چادروں میں اکڑتے ہوئے چل رہا تھا اور اس کو اپنے نفس پر غرور تھا اتنے میں وہ زمین میں دھنس گیا[1]

---

(۶۲) مسلم ج ۲ ص ۱۸ کتاب البیوع، حدثنا محمد بن رافع قال اخبرنا عبدالرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه عن النبی ﷺ......

(۶۳) مسلم ج ۲ ص ۳۰۸ کتاب الادب، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال اخبرنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ماحدثنا، ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ ۔

(۶۴) مسلم ج ۲ ص ۱۹۵ کتاب اللباس حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال اخبرنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

(۱) غالباً قارون مراد ہے۔

اور وہ قیامت کے دن تک دھنستا رہے گا۔

۶۵- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ: أَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِیْ بِیْ.

(۶۵) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے فرمایا: میں اپنے بندے کے گمان کے ساتھ ہوں جیسا گمان کہ وہ میرے ساتھ رکھتا ہے۔

۶۶- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: مَنْ یُوْلَدُ یُوْلَدُ عَلٰی هٰذِهِ الْفِطْرَةِ فَأَبَوَاهُ یُهَوِّدَانِهِ وَیُنَصِّرَانِهِ كَمَا تُنْتِجُوْنَ الْبَهِیْمَةَ هَلْ تَجِدُوْنَ فِیْهَا مِنْ جَدْعَاءَ حَتّٰی تَكُوْنُوْا أَنْتُمْ تَجْدَعُوْنَهَا؟ قَالُوْا: یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! (۵/ب) أَفَرَأَیْتَ مَنْ یَمُوْتُ وَهُوَ صَغِیْرٌ؟ قَالَ: اللّٰهُ أَعْلَمُ بِمَا كَانُوْا عَامِلِیْنَ.

(۶۶) اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص پیدا ہوتا ہے وہ اس فطرت پر پیدا ہوتا ہے، پس اس کے ماں باپ اس کو یہودی بنادیتے ہیں اور اس کو نصرانی بنادیتے ہیں جس طرح تم جانور سے بچے پیدا کرتے ہو تو کیا تم ان میں ناک کان کٹا پاتے ہو؟ یہاں تک کہ تم خود نہ کاٹو (یعنی بچے کو تم یہودی یا نصرانی بناتے ہو وہ خود بخود نہیں بنتا)، لوگوں نے کہا: یارسول اللہ! (۵/ب) (کافروں کا جو شخص بچپن میں مرجاتا ہے اس کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟ فرمایا: وہ بچے جو کچھ کرنے والے تھے اللہ ان کو سب سے زیادہ جانتا ہے۔

۶۷- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صلی اللہ علیہ وسلم: إِنَّ فِی الْإِنْسَانِ عَظْمًا لَا تَأْكُلُهُ الْأَرْضُ أَبَدًا فِیْهِ یُرَكَّبُ یَوْمَ الْقِیَامَةِ قَالُوْا: أَیُّ عَظْمٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عَجْمٌ

---

(۶۶) بخاری ج ۲۷ کتاب القدر، حدثنی اسحاق اخبرنا عبدالرزاق اخبرنا معمر عن همام عن ابی هریرة قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔ مسلم ج ۲ ص ۳۳۶ کتاب القدر، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فذكر أحاديث منها وقال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم۔

لِذَنَبٍ، وَقَالَ أَبُو الْحَسَنِ: إِنَّمَا هُوَ عَجَبٌ، وَلٰكِنَّهُ قَالَ: بِالْمِيمِ.

(٦٧) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: انسان میں ایک ہڈی ہوتی ہے، اس کو زمین کبھی نہیں کھاتی، اسی سے وہ قیامت کے دن مرکب ہوگا۔ لوگوں نے کہا: یا رسول اللہ! کونسی ہڈی؟ آپ نے فرمایا "عجم لذنب" (ریڑھ کی ہڈی) اور ابوالحسن نے کہا: وہ "عجب" ہے لیکن "میم" سے (عجم) فرمایا۔

٦٨- وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: إِيَّاكُمْ وَالْوِصَالَ، إِيَّاكُمْ وَالْوِصَالَ. قَالُوا: فَإِنَّكَ تُوَاصِلُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ! إِنِّي لَسْتُ فِي ذٰلِكُمْ مِثْلَكُمْ إِنِّي أَبِيتُ يُطْعِمُنِي رَبِّي وَيَسْقِينِي فَاكْلَفُوا مِنَ الْعَمَلِ مَا لَكُمْ بِهِ طَاقَةٌ.

(٦٨) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم (صوم) وصال (نفل روزے پے در پے) نہ رکھا کرو، لوگوں نے کہا: مگر آپ خود (صوم) وصال رکھتے ہیں۔ آپ نے فرمایا: میں اس بارے میں تمہارے جیسا نہیں ہوں: میں رات گزارتا ہوں تو میرا پروردگار مجھے کھلاتا ہے اور پلاتا ہے، پس تم ایسے ہی عمل کی تکلیف اٹھاؤ جس کی تمہیں طاقت ہو۔[1]

٦٩- وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ: إِذَا اسْتَيْقَظَ أَحَدُكُمْ فَلَا يَضَعْ يَدَهُ فِي الْوُضُوءِ حَتّٰى يَغْسِلَهَا إِنَّهُ لَا يَدْرِي أَحَدُكُمْ أَيْنَ بَاتَتْ يَدُهُ.

---

(٦٧) مسلم ج ٢ ص ٤٠٧ كتاب الفتن، حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبدالرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

(۱) جو لوگ سال بھر نفل روزے ریاضت کے طور پر ساری عمر رکھنا چاہتے ہیں؟ اس کی ممانعت ہے۔

٦٩- "يضع" في البخاري ج ١ كتاب الوضوء "يدخل" و"إنه" فيه ايضا "فانه".

(۶۹) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص سو کر اٹھے تو اس کو چاہئے کہ اپنا ہاتھ دھوئے بغیر وضو کے پانی میں نہ ڈالے، تم میں سے کوئی شخص نہیں جانتا کہ اس کا ہاتھ رات کہاں رہا ہے۔

۷۰- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: كُلُّ سُلَامَى مِنَ النَّاسِ عَلَيْهِ صَدَقَةٌ كُلَّ يَوْمٍ تَطْلُعُ عَلَيْهِ الشَّمْسُ قَالَ: تَعْدِلُ بَيْنَ الاثْنَيْنِ صَدَقَةٌ وَتُعِيْنُ الرَّجُلَ فِي دَابَّتِهِ وَتَحْمِلُهُ عَلَيْهَا، أَوْ تَرْفَعُ لَهُ عَلَيْهَا مَتَاعَهُ صَدَقَةٌ وَالْكَلِمَةُ الطَّيِّبَةُ صَدَقَةٌ وَكُلُّ خُطْوَةٍ تَمْشِيْهَا إِلَى الصَّلَاةِ صَدَقَةٌ وَتُمِيْطُ الأَذَى عَنِ الطَّرِيْقِ صَدَقَةٌ.

(۷۰) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگوں کا چھوٹی سی ہڈی (کسی کو دینا) بھی اس وقت تک کے لئے نیکی ہے جب تک کہ آفتاب طلوع ہوتا رہے۔ آپ نے فرمایا: دو آدمیوں کے درمیان انصاف کرنا بھی نیکی ہے، اور کسی آدمی کو سوار ہونے میں مدد دینا اور اس کو یا اس کے اسباب کو سوار کرانا بھی نیکی ہے اور میٹھی اچھی بات کرنا بھی نیکی ہے اور ہر قدم جو نماز کی طرف چل کر جائے وہ بھی نیکی ہے اور راستہ سے ایذا دور کرنا بھی نیکی ہے۔

---

(۶۹) مسلم ج ۱ ص ۱۳۶ کتاب الطھارت، ما حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن ھمام بن منبہ عن ابی ھریرۃ قال رسول اللہ ﷺ۔

(۷۰) بخاری ج ۱۲ کتاب الجھاد والسیر(۷۰) بخاری ج ۱۲ کتاب الجھاد والسیر، حدثنی اسحاق اخبرنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن ھمام عن ابی ھریرۃ قال قال رسول اللہ ﷺ......

مسلم ج ۱ ص ۳۲۵ کتاب الزکوۃ، حدثنامحمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق بن ھمام قال حدثنا معمرعن ھمام بن منبہ قال ھٰذا ما حدثنا ابو ھریرۃ عن النبی ﷺ فذکر احادیث منھا وقال رسول اللہ ﷺ......

۷۱- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إذا ما ربُّ النِّعَمِ لَمْ يُعْطِ حقَّها تسلَّطَ عَلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَخْبَطُ وَجْهَه بِأخفافِهَا.

(۷۱) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب جانوروں کا مالک جانوروں کا حق (یعنی زکوۃ) ادا نہیں کرتا، تو قیامت کے دن اس کے وہی جانور (بطور عذاب) اس پر مسلط کردیے جائیں گے جو اپنی لاتیں اس کے منہ پر مارتے رہیں گے۔

۷۲- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: يَكُوْنُ كَنْزُ أحدِكُمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا أقْرَعَ يَفِرُّ مِنْهُ صَاحِبُه وَيَطْلُبُه وَيَقُوْلُ: أنَا كَنْزُكَ قَالَ: وَاللهِ! لَنْ يَزَالَ يَطْلُبُه حَتّٰى يَبْسُطَ يَدَه، فَيُلْقِمُهَا فَاهُ.

(۷۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کسی ایک کا خزانہ قیامت کے دن گنجا یعنی نہایت زہریلا سانپ بن جائے گا، صاحب خزانہ اس سے بھاگنا چاہے گا لیکن وہ اس کا پیچھا کرے گا اور کہے گا: میں تیرا خزانہ ہوں۔ فرمایا: اللہ کی قسم! وہ پیچھا کرتا ہی رہے گا یہاں تک کہ (اس زکوۃ نہ دینے والے) شخص کو اپنے قبضے میں لاکر اپنا نوالہ بنالے گا۔

۷۳- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لا يُبَالُ فِي الْمَاءِ الدَّائِمِ الَّذِيْ لا يَجْرِيْ ثُمَّ يَغْتَسِلُ بِه.

(۷۳) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو پانی ٹھہرا ہوا ہے اور بہتا نہیں ہے اس میں

---

(۷۱) بخاری ج ۲۸ کتاب الحیل، حدثنی اسحاق حدثنا عبد الرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ......

(۷۲) بخاری ج ۲۸ کتاب الحیل، حدثنی اسحاق حدثنا عبد الرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة قال قال رسول الله ﷺ......

(۷۳) مسلم ج ۱ ص ۱۳۸ کتاب الطهارة، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا

پیشاب کر کے پھر اسی سے غسل نہ کرنا چاہئے۔

۷۴- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لَيْسَ الْمِسْكِيْنُ هٰذَا الطَّوَّافُ الَّذِىْ يَطُوْفُ عَلَى النَّاسِ تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ إِنَّمَا الْمِسْكِيْنُ الَّذِىْ لا يَجِدُ غِنًى يُغْنِيْهِ وَيَسْتَحْيِىْ أَنْ يَّسْأَلَ النَّاسَ وَلا يُفْطَنُ لَه فَيُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ.

(۷۴) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: یہ چکر لگانے والا جو (بھیک مانگنے کے لئے) لوگوں کے پاس چکر لگایا کرتا ہے اور ایک لقمہ یا دو لقمے یا ایک کھجور یا دو کھجور پاتا ہے تو وہ مسکین نہیں ہے، اصل میں مسکین وہ ہے جس کے پاس مال نہ ہو اور لوگوں سے مانگنے میں شرم کرے اور لوگ اس کی حالت نہیں جانتے کہ اس کو کچھ خیرات دے سکتے۔

۷۵- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لا تَصُوْمُ الْمَرْأَةُ وَبَعْلُهَا شَاهِدٌ إِلا بِإِذْنِه (۶/۱) وَلا تَأْذَنُ فِىْ بَيْتِه وَهُوَ شَاهِدٌ إِلا بِإِذْنِه، وَمَا أَنْفَقَتْ مِنْ كَسْبِه عَنْ غَيْرِ أَمْرِه فَإِنَّ نِصْفَ أَجْرِه لَه.

(۷۵) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کسی عورت کا شوہر گھر پر موجود ہو تو اس

عبدالرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

۷۵- "لا تصوم" في مسلم ج ۱ ص ۳۳۰ "لا تصم" عن همام بن منبه.

(۷۵) بخاری ج ۲۱ كتاب النكاح، حدثنا محمد بن مقاتل اخبرنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة عن النبی ﷺ......

مسلم ج۱ ص ۳۳۰ كتاب الزكوة، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمرعن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن محمد رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......لا تصوم المراة...... گو مسلم میں "لاتصم" ہے لیکن صحیفہ ہمام

کواس کی اجازت کے بغیر روزہ نہ رکھنا چاہیے (1/6) اور اس کے گھر میں اس کی اجازت کے بغیر کسی کو آنے کی اجازت نہ دینی چاہیے۔ اور اس کی آمدنی سے اس کے حکم کے بغیر جو کچھ خیرات کرے تو اس کا آدھا ثواب شوہر کو ملے گا (یعنی علاوہ مال کے ثواب کے، نفس فعل خیرات دہی کا بھی پورا ثواب عورت کو نہ ملے گا۔)

۷۶- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لا يَتَمَنّٰى اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ وَلا يَدْعُوْ بِهٖ مِنْ قَبْلِ اَنْ يَّأْتِيَهٗ اِنَّه اِذَا مَاتَ اَحَدُكُمْ اِنْقَطَعَ عَمَلُه -اَوْ قَالَ: اَجَلُه- اِنَّه لا يَزِيْدُ الْمُؤْمِنُ مِنْ عُمْرِهٖ اِلا خَيْرًا.

(۷۶) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص موت کی خواہش نہ کرے، اور اس کے آنے سے پہلے اس کی دعا نہ کرے، جب تم میں سے کوئی شخص مر جاتا ہے تو اس کا "عمل" منقطع ہو جاتا ہے۔۔۔ یا آپ نے فرمایا: اس کی "زندگی" ختم ہو جاتی ہے۔۔۔ مومن کی عمر زیادہ ہونے سے اس کی بھلائی میں اضافہ ہی ہوتا ہے۔

۷۷- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: لا يَقُلْ اَحَدُكُمْ لِلْعِنَبِ [اَلْكَرْمِ] اِنَّمَا الْكَرْمُ الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ.

کی طرح بخاری میں "لا تصوم" ہے۔

۷۶۔ "لا يتمنى...... ولا يدعو به" في شرح الجامع الصغير للعزيزي ج ٤ ص ٤٣٠ "وفي رواية همام لا يتمن احدكم الموت ولا يدع به".

(۷۶) مسلم ج ٢ كتاب الذكر والدعاء، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

(۷۷) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص عنب (انگور) کو "کرم" نہ کہے، کرم تو مرد مسلمان کرتا ہے۔

۷۸- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ ﷺ: اِشْتَرٰی رَجُلٌ مِّنْ رَجُلٍ عِقَارًا' فَوَجَدَ الرَّجُلُ الَّذِیْ اشْتَرَی الْعِقَارَ فِیْ عِقَارِہٖ جَرَّۃً فِیْھَا ذَھَبٌ' فَقَالَ لَہُ الَّذِی اشْتَرَی الْعِقَارَ: خُذْ ذَھَبَکَ مِنِّیْ' إِنَّمَا اشْتَرَیْتُ مِنْکَ الْأَرْضَ' وَلَمْ أَبْتَعْ مِنْکَ الذَّھَبَ' فَقَالَ الَّذِیْ شَرَی الْأَرْضَ: إِنَّمَا بِعْتُکَ الْأَرْضَ وَمَا فِیْھَا' فَتَحَاکَمَا إِلٰی رَجُلٍ. فَقَالَ الَّذِیْ تَحَاکَمَا إِلَیْہِ' أَلَکُمَا وَلَدٌ؟ فَقَالَ أَحَدُھُمَا: لِیْ غُلَامٌ' وَقَالَ الْآخَرُ: لِیْ جَارِیَۃٌ فَقَالَ: أَنْکِحِ الْغُلَامَ الْجَارِیَۃَ' وَأَنْفِقُوْا عَلٰی أَنْفُسِکُمَا مِنْہُ' وَتَصَدَّقَا.

(۷۸) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک شخص تھا جس نے کسی سے ایک زمین خریدی، پھر جس شخص نے زمین خرید کی تھی اس نے اپنی زمین میں ایک گھڑا پایا جس میں سونا تھا، زمین کے خریدار نے (بائع سے) کہا: مجھ سے تمہارا سونا

(۷۷) مسلم ج ۲ ص ۲۳۸ کتاب الفاظ من الادب وغیر ھا، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال هذا ما حدثنا، ابوهريرة عن رسول اللهﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول اللهﷺ :"لا يقولن احدكم للعنب الكرم انما الكرم الرجل المسلم۔

۷۸۔ "انكح" وفى البخارى باب ما ذكر عن بنى اسرائيل ص ۴۹۲ "انكحوا" "على انفسكما" فيه ايضا "انفسهما"۔

(۷۸) بخارى ج ۲ ۱ كتاب بدء الخلق حدثنا اسحاق بن نظير اخبرنا عبدالرزاق، عن معمر عن همام عن ابى هريرة قال، قال رسول الله ﷺ......مسلم ج ۲ ص ۷۷ كتاب الاقضية، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبدالرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال :هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول اللهﷺ......

لے لو، میں نے تو تم سے زمین خریدی تھی، سونا نہیں خریدا تھا، مگر جس شخص نے زمین فروخت کی تھی اس نے کہا: میں نے تو زمین اور جو کچھ اس میں ہے تمہیں بیچ ڈالا تھا۔ اس پر ان دونوں نے ایک کو حَکَمْ (پنچ) بنایا۔ حَکَمْ نے کہا: کیا تمہاری اولاد ہے؟ ان میں سے ایک نے کہا: میرا ایک لڑکا ہے اور دوسرے نے کہا: میری ایک لڑکی ہے۔ اس نے کہا: لڑکے سے لڑکی کی شادی کردو اور سونا اپنے ہی پر خرچ کرو اور صدقہ دو[1]"۔

۷۹- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: أَيَفْرَحُ أَحَدُكُمْ بِرَاحِلَتِهِ إِذَا ضَلَّتْ مِنْهُ ثُمَّ وَجَدَهَا؟ قَالُوْا: نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! قَالَ: وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَلّٰهُ أَشَدُّ فَرَحًا بِتَوْبَةِ عَبْدِهٖ إِذَا تَابَ مِنْ أَحَدِكُمْ بِرَاحِلَتِهٖ إِذَا وَجَدَهَا.

(۷۹) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے اگر کسی کی سواری کا جانور گم ہو جائے پھر مل جائے تو کیا اس کو خوشی ہو گی کہ نہیں؟ لوگوں نے کہا: ہاں، یا رسول اللہ! آپ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے جب بندہ توبہ کرتا ہے تو اللہ کو بندہ کی توبہ سے اس سے زیادہ خوشی ہوتی ہے جتنی کہ کسی شخص کو (گم شدہ) سواری کے پھر مل جانے سے (خوشی ہوتی ہے)

۸۰- وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ: إِذَا تَلَقَّانِیْ عَبْدِیْ بِشِبْرٍ تَلَقَّيْتُهٗ بِذِرَاعٍ وَإِذَا تَلَقَّانِیْ بِذِرَاعٍ تَلَقَّيْتُهٗ بِبَاعٍ وَإِذَا تَلَقَّانِیْ بِبَاعٍ جِئْتُهٗ- أَوْ قَالَ: أَتَيْتُهٗ- بِأَسْرَعَ.

---

(۱) اپنے بچوں کو یہ رقم دے دینا گویا اپنے آپ پر خرچ کرنا ہے اور ساتھ ہی یہ ایک نیکی بھی ہے۔

(۷۹) مسلم ج ۲ ص ۳۵٤ كتاب التوبة، حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبدالرزاق اخبرنا معمر عن همام بن منبه عن ابی هريرة عن النبی ﷺ قال......

(۸۰) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے فرمایا: جب میرا بندہ مجھ سے ایک بالشت آگے بڑھ کر ملتا ہے تو میں اس سے ایک ہاتھ بڑھ کر ملتا ہوں، اور جب میرا بندہ مجھ سے ایک ہاتھ بڑھ کر ملتا ہے تو میں اس سے دو ہاتھ بڑھ کر ملتا ہوں، اور جب مجھ سے دو ہاتھ بڑھ کر ملتا ہے تو میں اس کے پاس اس سے زیادہ تیز جاتا ہوں، یا یہ فرمایا کہ "آتا ہوں" (راوی کو الفاظ میں شک ہے)

۸۱- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا تَوَضَّأَ أَحَدُكُمْ فَلْيَسْتَنْشِقْ بِمُنْخَرَيْهِ مِنْ مَاءٍ ثُمَّ لِيَنْتَثِرْ.

(۸۱) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی شخص وضو کرے تو اس کو چاہئے کہ دونوں نتھنوں میں پانی ڈالے پھر چھڑک دے۔

۸۲- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِہٖ لَوْ أَنَّ عِنْدِیْ أُحُدًا ذَهَبًا لَأَحْبَبْتُ أَنْ لَا يَأْتِيَ عَلَيَّ ثَلَاثُ لَيَالٍ وَعِنْدِيْ مِنْهُ دِيْنَارٌ أَجِدُ مَنْ يَتَقَبَّلُهُ مِنِّيْ لَيْسَ شَيْءٌ أَرْصُدُهُ فِيْ دَيْنٍ عَلَيَّ.

(۸۲) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: قسم ہے اس ذات کی جس کے ہاتھ میں محمد کی جان ہے اگر میرے پاس اُحد (ایک پہاڑ کا نام) کے برابر بھی سونا ہوتا تو میں

---

(۸۰) مسلم ج ۲ ص ۳٤۱ کتاب الذکر والدعاء، حدثنا محمد بن رافع حدثنا عبد الرزاق حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

(۸۱) مسلم ج ۱ ص ۱۲٤ کتاب الطهارت، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق بن همام قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هذا ما حدثنا به ابوهريرة عن محمد رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ۔

(۸۲) بخاری ج ۲۹ کتاب التمني، حدثنا اسحاق بن نصر حدثنا عبدالرزاق عن معمر عن همام سمع ابا هريرة عن النبي ﷺ قال......

اس بات کو پسند کرتا کہ تین رات گزرنے سے پہلے اگر کوئی اس کو لینے والا ہوتا تو ایک دینار بھی باقی نہ رکھوں، میں کوئی چیز باقی رکھ کر اپنے کو (اللہ کے سامنے) مقروض نہیں بنانا چاہتا۔

۸۳- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: إِذَا جَائَكُمُ الصَّانِعُ بِطَعَامِكُمْ قَدْ أَغْنٰى عَنْكُمْ حَرَّه وَدُخَانَه فَادْعُوْهُ فَلْيَأْكُلْ مَعَكُمْ وَإِلا فَالْقِمُوْهُ فِيْ يَدِهِ (أَوْ: لِيُنَاوِلَه فِيْ يَدِهِ) (٦/ب).

(۸۳) جب تمہارا کھانا پکانے والا تمہارے پاس تمہارا کھانا لائے، جس نے تمہیں گرمی اور دھوئیں سے بچایا تو اس کو بھی اپنے ساتھ کھانے کے لئے بلالو ورنہ اس کے ہاتھ میں لقمہ ہی دے دو (یا: "اس کے ہاتھ میں ہاتھ دو") (۶/ب) فرمایا (یہ فرمایا وہ راوی کو شک ہے)۔

۸٤- وَقَالَ رَسُوْلُ اللهِ ﷺ: لا يَقُلْ أَحَدُكُمْ: اِسْقِ رَبَّكَ، وَأَطْعِمْ رَبَّكَ، وَضِئْ رَبَّكَ، وَلا يَقُلْ أَحَدُكُمْ: رَبِّىْ، وَلِيَقُلْ: سَيِّدِىْ مَوْلاىَ، وَلايَقُلْ أَحَدُكُمْ: عَبْدِىْ، أَمَتِىْ، وَلِيَقُلْ: فَتَاىَ، فَتَاتِىْ، غُلامِى.

(۸۴) اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے کوئی شخص یہ نہ کہے: "تمہارے رب کو پانی پلاؤ" یا "تمہارے رب کو کھانا کھلاؤ" اور "تمہارے رب کے لئے (چراغ) روشن کرو" اور تم میں سے کوئی شخص کسی کو یہ نہ کہے: "میرا رب"

۸۳- بهامش البرلينية: "خ معا: بطعام" (أى بدل بطعامكم)،

(۸۴) بخاری ج ۱۰ کتاب الرهن، حدثنا عبد الرزاق اخبرنا معمر عن همام بن منبه انّهٗ سَمِعَ اباهريرة يحدث عن النبى ﷺ انه قال،..... مسلم ج ۲ص۲۳۸ کتاب الفاظ من الادب وغيرها، حدثنا محمد بن رافع قال حدثنا عبد الرزاق قال حدثنا معمر عن همام بن منبه قال: هٰذا ما حدثنا ابو هريرة عن رسول الله ﷺ فذكر أحاديث منها وقال رسول الله ﷺ......

بلکہ یہ کہے "میرا سردار"، "میرا مولا" اور تم میں سے کوئی شخص "میرا بندہ"، "میری بندی" نہ کہے بلکہ "میرا بچہ"، "میری بچی"، "میرا لڑکا" کہے۔

۸۵. ح : فیهاولا یتفلون ولا یتمخطون.أمشاطهم الذهب. مجامرهم الألوة. مخ ساقیهما.

۸۶. ح : لن تخلفنیة. له صلاة.

۸۷. ح : لمن قبلنا.

۸۸. ح : دخلت النار امرأة. لها ربطتها. ترمم من خشاش.

۸۹. ح : وهو مؤمن حین یسرق. وهو مؤمن حین یزنی ولا یشرب الشارب وهو مؤمن حین یشرب یعنی الخمر. ولا ینتهب مؤمن فإیاکم.

۹۲. ح : یکلمه المسلم فی سبیل الله ثم یکون. تنفجر دماً. المسك قال: أی یعنی العرف الریح.

۹۳. رقمه عندح بعد ۹٤ . ح : الله عزّوجل.

۹٤. رقمه عندح بعد۹۲. ح : تكون صدقة فألقيها ولا آكلها.

۹٥. ح : والله لأن يلج.

۹٦. ح : واستحياهما فليستهما عليها، "فاستحياهما، كذا بالأصل الدمشقي، لعلها" فاستحياها"أي فاستحيا اليمين.

۹۷. ح : شاة مصراة. إما يرضى.

۹۸. ح : الشيخ على حب.

۹۹. ح : لا يمشين أحدكم . لعل الشيطان ينزع في يده.

۱۰۱. ح : رسول الله ﷺ في سبيل.

۱۰۲. ح : كتب على ابن آدم. أدرك لا محالة فالعين. النظر ويصدقها. زنيته النطق والتمنى. يصدق ما ثمّ ويكذب.

۱۰٤. ح : إذا ما قام أحدكم.

۱۰٥. ح : الملائكة رب.

۱۰٦. ح : له ذلك وشتمنى ولم يكن له ذلك تكذيبه إياى أن يقول. فلن يعيدنا. الصمد الذى.

۱۰۷. ح : من الحر.

۱۰۸. ح : لا يقبل الله صلاة.

۱۰۹. ح : تمشون عليكم . فصلوا وما فاتكم فاقضوا.

۱۱۰. ح : قالوا: كيف.

۱۱۱. ح : لا يخطب احدكم على.

١١٢. ح : زاد في آخر الحديث بعد كلمة "واحد" ما يأتي: "حدثنا عبدالله قال سمعت ابى(اى ابن حنبل) يقول: قلت لعبدالرزاق: يا ابابكر، افضل! يعني هذا الحديث كأنه اعجبه حسن هذا الحديث وجودته. قال: نعم.".

١١٣. ح : لم يسم خضراً إلا أنه جلس. خضراء والفروة الحشيش الأبيض وما يشبهه قال عبدالله: هذا التفسير من عبدالرزاق.

١١٤. ح : حذف كلمة "يعني ازاره" وحذف د كلمة "يعني".

١١٥. ح : حبة في شعرة.

١١٧. ح : قال لا يقل. إني انا الدهر.

١١٨. ح : للمملوك ان يتوفى يحسن عبادة الله وصحابة سيده. كلمة "نعماله" مرة واحدة.

١١٩. ح : من الصلاة. مناج لله.

١٢٠. ح : ألغيت على نفسك. وحذف كلمة "يعني يوم الجمعة".

١٢١. ح : فايكم ما ترك. فأنا وليه. فليرث ماله عصبته.

١٢٢. ح : وارحمني. وارزقني ليعزم.

١٢٣. ح : بهاولم يبن ولا أحدقد بنى بنياناً. ولا أحد قد اشترى. ينتظر اولادها. من القربة حين صلاة. ان تطعم فقال. قبيلتك فبا يعته قبيلته قال: فلصق بيد رجلين. فأكلته قال. ذلك لأن الله عزّوجل، ب، ح: يد رجل بيده قال. ثلاثة بيده قال.

١٢٤. ح : الناس قال: فأتاني. يدى ليرفه حتى نزع ذنوباً او ذنوبين وفي

نزعه ضعف قال : فأتاني ابن الخطاب والله يغفر له فأخذها فلم ينزع
رجل حتى تولى الناس، ب، ح : ابوبكر الصديق.

۱۲۵. ح :خوز وكرمان، ب : حمر الوجه فطس الأنف.

۱۲۶. رقمه في ح بعد ۱۲۷.

۱۲۷. رقمه في ح بعد ۱۲۵. ح : اقواماً نعالهم.

۱۲۸. ح : الشان مسلمهم.(هو حذف كلمة ''أراه يعني الامارة'')
ب : كافر تبع لكافرهم.

۱۳۱. ح : ما كانت الصلاة وهي تحبسه لا يمنعه إلا انتظارها.

۱۳۳. ب، ح : أنا اولى بعيسى.

۱۳۴. ح : إذا أوتيت بخزائن.

۱۳۵. ح : ليس واحد بمنجيه.

۱۳۶. ح : وقال نهى عن بيعتين. ونهى عن اللمس والنجش.

۱۳۷. ح : وقال العجماء. والمعدن جبار وفي الركاز الخمس.

۱۳۸. رقمه في ح بعد ۱۰۲ وقبل ۱۰۳. ح : فأقمتم فيها فسهمكم
فيهاوأيما قرية.

مخطوطۂ دمشق اور مخطوطۂ برلین
کی
سماعتیں

سماعات فی مخطوطة دمشق

(۱) کتب علی لوح الکتاب ما یلی(والخط الفاصل یدل علی السطر: فی الأصل):

أ. "صحیفة همام بن منبه رحمه الله روایة معمر عنه ،/ روایة عبد الرزاق عنه، روایة أحمد بن یوسف/ السلمی عنه، روایة ابی بکر القطان عنه، روایة/ الامام أبی عبد الله بن منده عنه، روایة ابنه/ عبدالوهاب عنه، روایة الشیخ أبی الخیر محمد بن / أحمد المقدر عنه، روایة الشیخ الإمام الأجل/ الأوحدالحافظ تاج الدین بهاء الاسلام بدیع الزمان/ ابی عبد الله محمد بن عبد الرحمن بن محمد المسعودی عنه/ أصلحه الله ورضی عنهم أجمعین وسلم تسلیماً کثیراً، إلی یوم الدین".

ب.وتحته : "سماع مالکه عبد الرحیم بن حمدان بن برکات ولله الحمد والمنة".

ج.وتحته : "وقف نجم الدین أبو الحسن بن هلال أثابه الله،/ لله علی جمیع المسلمین بشرط أن لا یعارلأحد منهم إلا ...... قیمته".

مخطوطۂ دمشق کی سماعتیں

(۱) کتاب کے سرورق پر لکھا ہے:

(نوٹ: ذیل میں جو خط فاصل ہیں وہ اصل کتاب کی سطریں ظاہر کرتے ہیں)

الف۔ ''صحیفۂ ہمام بن منبہ رحمہ اللہ، معمر ان سے روایت کرتے ہیں / ان سے عبدالرزاق روایت کرتے ہیں، ان سے احمد بن یوسف / سلمی روایت کرتے ہیں، ان سے ابو بکر بن قطان روایت کرتے ہیں / ان سے امام ابو عبداللہ بن مندہ روایت کرتے ہیں، ان کے بیٹے / عبدالوہاب ان سے روایت کرتے ہیں، ان سے شیخ ابوالخیر محمد بن / احمد مقدر روایت کرتے ہیں، ان سے شیخ اجل اور یکتا امام حافظ تاج الدین بہاء الاسلام بدیع الزماں / ابو عبد اللہ محمد بن عبدالرحمن بن محمد مسعودی روایت کرتے ہیں / اللہ ان کو اچھا رکھے اور ان تمام سے راضی رہے اور قیامت کے دن تک بے حساب سلامتی بھیجے۔''

ب۔ اس عبارت کے نیچے لکھا ہے:

''اس کتاب کے مالک عبدالرحیم بن حمدان بن برکات نے سماعت کی، اللہ ہی کے لئے منت اور تعریف ہے''

ج۔ اور اس کے نیچے یہ لکھا ہے:

''نجم الدین ابوالحسن بن ہلال نے، اللہ اس کو ثواب عطا کرے / تمام مسلمانوں پر (اس کتاب کو) اس شرط سے وقف کیا کہ کسی کو عاریت نہ دی جائے

مگر......اس کی قیمت۔"

(۲) وفی آخر الکتاب، علی هامش الورقة؟/ ب، سماع من أبی القاسم ابن عساکر، صاحب "تاریخ دمشق" وهو فی ثلاثة أسطر طوال وخمسة عشر قصار، بخط مغربی فنقطة الفاء تحت الحرف والقاف لها نقطة واحدة فوق الحرف، وقد کتب اسم "القاسم" و"خالد" بدون ألف. وهذا نصه: "[سمـ]عها من الحافظ أبی القاسم علی بن الحسن بن هبة الله، ومن الشیخ أبی علی الحسین بن علی بن الحسن بن عمر بن علی/ البطلیوسی، کلیهما عن زاهر، عن أبی بکر محمد بن القسم الصفار، وأحمد بن علی بن عبدالله بن خلد، وأبی الحسن/ علی بن احمد بن محمد المامعی (؟الغافقی). وزاد الحافظ أبو القاسم : وأنا أیضا أبو الفضل محمد بن إسمعیل بن الفضیل الفضیلی/ عن أبی سهل/ عبدالرحمن بن محمد/ المالینی، کلهم/ عن ابی طاهر محمد/ بن محمد بن کثیر/عن أبی بکر محمد/بن الحسین القطان/ بسنده محمد بن / هبة الله الشیرازی/ وابو البرکات/ الحسن، وأخوه/ أحمد ابنا محمد/بن الحسن وآخرون/ فی شوال سنة تسع وخمسین وخمسمائة".

(۲) کتاب کے آخر میں، ورق۹ /ب کے حاشیہ پر، ابو القاسم ابن عساکر، مؤلف "تاریخ دمشق" کی سماعت ہے، اور وہ تین طویل سطروں میں اور پندرہ چھوٹی سطروں میں ہے، یہ مغربی رسم الخط میں لکھا گیا ہے چنانچہ ف کا نقطہ حرف کے نیچے دیا گیا ہے اور ق کو صرف ایک نقطہ حرف کے اوپر دیا گیا ہے،

اور ''قاسم'' اور ''خالد'' کا نام بغیر الف کے لکھا گیا ہے اور یہ اس کی عبارت ہے:

''(میں نے) اس کو/حافظ ابوالقسم علی بن الحسن بن ہبۃ اللہ اور شیخ ابو علی حسین بن علی بن حسن بن عمر بن علی / بطلیوسی سے سنا، ان دونوں نے زاہر سے، انہوں نے ابو بکر محمد بن القسم الصفار، اور احمد بن علی بن عبد اللہ بن خلد، اور ابوالحسن / علی بن احمد بن محمد المامعی (؟الغافقی) سے سنا۔'' حافظ ابوالقسم نے اس قدر عبارت کا اضافہ کیا ہے:

''اور میں نے بھی ابوالفضل محمد بن اسمٰعیل بن فضیل فضیلی / سے انہوں نے ابو سہل / عبدالرحمٰن بن محمد / مالینی سے سنا اور ان تمام نے ابو طاہر محمد / بن محمد بن کثیر / سے انہوں نے ابو بکر محمد / بن حسین قطان سے سنا / اور ان کی سند سے محمد بن / ہبۃ اللہ شیرازی / اور ابوالبرکات / حسن، اور ان کے بھائی / احمد بن محمد / بن حسن اور دوسرے لوگوں نے سنا / شوال ۵۵۹ھ میں۔''

(۳) وفی أواخر عین الورقة سماع فی ثلاثة أسطر وقد انمحی بعض الکلمات. وهذا نصه :''سمعها من أبی عبد الله محمدبن عبد الرحمن المسعودی بقراء ته جماعة، أبو محمد بن أبی بکر بن احمد البلخی، وذلك یوم الإثنین/ السادس من ربیع الآخر. سنة خمس وسبعین وخمسمائة، وابو الفرج نصر(؟) والمظفر بن أبی الفنون العتابی، وابو الطاهر/ إسمعیل بن ظافر بن عبدالله العقیلی، ونبأ بن مکارم بن حجاج الحنفی، وابو محمد بن عبد المحسن بن ابراهیم الزجاج''.

(۳) اسی ورق کے آخر میں تین سطروں میں ایک اور سماعت ہے اور بعض کلمے مٹ گئے ہیں اور یہ اس کی عبارت ہے:

"ابو عبداللہ محمد بن عبدالرحمٰن مسعودی کی قرأت سے جو ایک جماعت کے سامنے ہوئی ابو محمد بن ابی بکر بن احمد بلخی نے اس کو سنا، اور یہ (جماعت) دو شنبہ کے دن/۶ ربیع الآخر ۵۷۵ھ کو (ہوئی) اور ابو الفرج نصر؟ اور مظفر بن ابی الفنون عتابی اور ابو طاہر/اسمٰعیل بن ظافر بن عبداللہ عقیلی، اور نباء بن مکارم بن حجاج حنفی، اور ابو محمد بن عبدالمحسن بن ابراہیم زجاج (نے بھی اس کو سنا)"

(٤) وفي الورقة ۹/ألف سماع يحتوى على الصفحة بتمامها فى (٢٤) سطرا، ما نصه: "بلغ السماع لجميع هذه الصحيفة وهى صحيفة همام بن منبه على الشيخ الفقيه الامام العالم تاج الدين بهاء المسلمين بد[يع الزمان]/أبى عبد الله محمد بن عبد الرحمن بن محمد بن أبى الحسن المسعودى البندهى الخراسانى أحسن الله عاقبة أمره بقراء ته علينا من أصل [......]/ المنقول منه فى المدرسة الناصرية الصلاحية خلدالله ملك واقفها بثغر دمياط حماه الله تعالى، الأمراء والسادة الفقه[اء]/ عمادالدين أبو الطاهر إسمعيل بن الأمير ظهير الدين ابو(كذا) اسحق بن الأمير ناصر الدولة متولى حرب الثغر المذكور يومئذ وا [......]/الأمير جمال الدين أبو الفضل موسى والفقيه الأجل الامام العالم فخر الدين أبوبكر بن موصلى بن مام بن حرب المارابى ا[......]/مدرس المدرسة الذكورة بالثغر

والقاضی الأعز ابو محمد عبد السلم بن جماعة بن عثمان التنيسي، والمعتمد [......]/عبدالغنى بن اسمعيل بن ابراهيم، وولده ابو المنتصر عبد العزيز، والفلس(؟) ابو على الحسن بن القاضى جلال الدولة أبى البركات عب[يد:......]/ بن أحمد، وولده أبو الفضل محمد، وأخوه المختص ابو محمد عبد العزيز، والفقيه ابو محمد عبد الباقى بن جعفر التنيسى وأبو[......]/ ناصر بن صمصام بن سباع المؤذب، وأبو الحسن على بن معالى بن على الدماطى [؟ الدمياطى]، والفقيه الخطيب ابو القاسم عبد الرحمن بن [......]/ ابن عبدالرحمن الدمياطى، وأمير الملك ابو البركات عبد الرحمن محمد بن طلحة الدمياطى، والعفيف أبو الفضل محمد بن القاضى ا[......]/ ابو البركات محمد بن سليم، وعبد الواحد بن اسمعيل بن ظافر الدمياطى، وعبدالله بن ابى الحسن بن على بن أبى الرجا، وال[قاضى] ابو على الحسن بن القسم بن عتيق(؟) التنيسى، وعبد الرحمن بن احمد بن عبد الوهاب الدمياطى، وصفى الدين ابو الفتح نص[ربن]/ مظفر بن الجلال الرجى، وفتح الدين عمر بن تميم بن احمد التميمى، وولداه محمد وعبد الرحمن، وابو الفتح محمدابن عبد ا[......]/بن أحمد والحلص ابو محمد عبد الله بن القاضى ضياء الدين ابى القسم هبة الله بن احمد، وعبدالوهاب بن محمد بن عبدا[......]/ وابو الفضل طلحة بن القاضى النفيس ابى المعالى محمد بن حذيفة الدمياطى، والرضى ابو الفضل رضوان بن

سلمة المصرى و[......]/بن عبد الله الناصر، وأبو المحرم مكى بن أبى نصر فتح بن رافع المصرى، وابو الفضل مرتضا بن ابى الحسين محمد بن على ال[......]/التنيسى المالكى، وعبد الغنى بن عبد الرحمن بن صدقة الحلبى الدمياطى، وابو المنصور وابو الحسين ولدا القاضى [......]/صالح بن أبى كثير، وناصر بن سالم بن ناصر، ونصر بن كريم بن على، ومنصور بن على بن حجاج الدمياطيون وابو الحرم مكى [بن......]بن الحلاوى اسرار المقرى، وابو عمران موسى بن محمد بن محمد الدربندى، وابو الحسن على بن احمد طاهر المؤ[ذن]،/و ولداه محمد وعبد الوهاب، وأخو المؤذن المذكور، والفقيه النجيب ابو منصور فتح بن محمد بن على بن خلف الشافعى ا[......]/و ولداه محمد بن عبد الله، ومسعود مملوك الفقيه المدرس المقدم ذكره. وكاتب هذا السماع مالك الجزء العبد الف[قير]/ عبد الرحيم بن حمدان بن بركات الشافعى حامداً لله تعالى. وذلك فى السادس والعشرين من ذى القعدة سنة سب[ع وسبعين]/ وخمسائة. وصحَّ لجميعهم ذلك. والحمدلله وحده وصلواته على محمد وآله وسلامه. فيه ملحق من محمد بن ......(؟)". وتحته خط عارض. وتحت الخط : "صح سماعهم منى. وكتبه محمد بن عبد الرحمن ابن محمد المسعودى ولله الحمد".

(۴) اور ورق ۱۰/الف پر بھی ایک سماعت لکھی ہے جو پورے صفحہ پر حاوی ہے

اور ۲۴ سطر ہیں، یہ عبارت درج ہے:

''اس پورے صفحہ کی سماعت کی گئی اور یہ صحیفہ، صحیفۂ ہمام بن منبہ ہے، شیخ فقیہ امام عالم تاج الدین بہاء المسلمین (بدیع الزماں) /ابو عبد اللہ محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد بن ابوالحسن مسعودی بندھی خراسانی نے، اللہ ان کے ہر کام کا انجام اچھا کرے اس اصل سے [......]/ انہوں نے نقل کر کے ہم کو پڑھ کر سنایا جو مدرسۂ ناصریہ صلاحیہ میں ہے، اللہ اس مدرسہ کے وقف کرنے والے کے ملک کو ہمیشہ باقی رکھے جو دمیاط کی سرحد میں ہے اور اللہ اس کی حفاظت کرے، امراء اور سادات الفقہاء عماد الدین ابو طاہر اسمٰعیل بن امیر ظہیر الدین ابواسحٰق بن امیر ناصر الدولہ مذکورہ سرحدی جنگ کے نگران کار آج کے دن اور [......]/امیر جمال الدین ابوالفضل موسیٰ اور فقیہ اجل امام العالم فخر الدین ابو بکر بن وصلی بن مام بن جرب المارابی [......]/مذکورہ سرحد کے مدرسہ کے مدرس اور بہت زیادہ قابل عزت قاضی ابو محمد عبدالسلم بن جماعہ بن عثمان، اور عثمان تنیسی کے فرزند، اور معتمد [......]/ عبدالغنی بن اسمٰعیل بن ابراہیم، اور ان کے فرزند ابوالمنتصر عبدالعزیز اور فلس (؟) ابو علی حسن بن قاضی جلال الدولہ ابو البرکات عبید [......]/ بن احمد، اور ان کے فرزند ابوالفضل محمد، اور ان کے خاص بھائی ابو محمد عبدالعزیز، اور فقیہ ابو محمد عبدالباقی بن جعفر تنیسی اور ابو [......]/ ناصر بن صمصام بن سباع مودب، اور ابوالحسن علی بن معالی بن علی دماطی ؟ (؟ دمیاطی)، اور فقیہ خطیب ابوالقسم عبدالرحمٰن بن [......]/ بن عبدالرحمٰن دمیاطی، اور امیر الملک ابوالبرکات عبد

الرحمٰن محمد بن طلحہ دمیاطی، اور عفیف ابوالفضل محمد بن قاضی [......] / ابو البرکات محمد بن سلیم، اور عبدالواحد بن اسمٰعیل بن ظافر دمیاطی، اور عبداللہ بن ابی الحسن بن علی بن ابو رجاء اور (القاضی) ابو علی حسن بن قسم بن عتیق (؟) تنیسی، اور عبدالرحمٰن بن احمد بن عبدالوہاب دمیاطی، اور صفی الدین ابوالفتح نصرالدین، مظفر بن جلال الرجی، اور فتح الدین عمر بن تمیم بن احمد تمیمی، اوران کے دو بیٹے محمد وعبدالرحمٰن اور ابوالفتح محمد بن عبدا [......] / بن احمد اور حلص ابو محمد عبداللہ بن قاضی ضیاءالدین ابی القسم ہبۃ اللہ بن احمد، اور عبدالوہاب بن محمد بن عبدا [......] / اور ابوالفضل طلحہ بن قاضی نفیس ابوالمعالی محمد بن حذیفہ دمیاطی اور رضی ابوالفضل رضوان بن سلمہ مصری اور [......] / بن عبداللہ ناصر، اور ابوالحرم مکی بن ابونصر فتح بن رافع مصری، اور ابوالفضل مرتضا بن ابی الحسین محمد بن علی ال [......] تنیسی مالکی، اور عبدالغنی بن عبدالرحمٰن بن صدقہ حلبی دمیاطی، اور ابوالمنصور اور ابوالحسین قاضی [......] کے فرزند / صالح بن ابی کثیر، اور ناصر بن سالم بن ناصر، اور نصر بن کریم بن علی، اور منصور بن علی بن حجاج (دمیاطی اور ابوالحرم مکی [بن......] / بن الحلاوی اسرار المقری، اور ابو عمران موسیٰ بن محمد بن محمد دربندی، اور ابو الحسن علی بن احمد بن طاہر المؤ[ذن] / اور ان کے دو لڑکے محمد اور عبدالوہاب ، اور مؤذن مذکور کے بھائی، اور فقیہ نجیب ابو منصور فتح بن محمد بن علی بن خلف شافعی، [......] / اور ان کے دو لڑکے محمد اور عبداللہ، اور مسعود فقیہہ مدرس مذکورۂ بالا کے مملوک، اس سماعت کا کاتب اور اس جز کا مالک عبد [فقیر] /

عبدالرحیم بن حمدان بن برکات شافعی اللہ تعالیٰ کی حمد کرتا ہے اور یہ ۲۶ ذی قعدہ سنہ سا[ت اور ستر] اور پانچ سو (۵۷۷ھ) میں لکھا گیا، اور ان تمام طلبہ کے لئے یہ قرأت سماعت صحیح ہے۔ والحمدلله وحده وصلوته على محمد وآله وسلامه (تمام تعریف خدائے واحد کے لئے سزاوار ہے اور محمد ﷺ اور آپ کی آل پر اس کی رحمت اور سلامتی ہو) اس میں محمد بن...... (؟) سے الحاق ہے۔"

اور اس کے نیچے ایک لکیر ہے اور لکیر کے نیچے یہ لکھا ہے:

"مجھ سے ان کی سماعت کی صحت ہوئی اور اس کو محمد بن عبدالرحمٰن بن محمد مسعودی نے لکھا۔ ولله الحمد۔"

(۵) وعلى الورقة ۱۰/ ب سماعات. أولها: "سمع جميع هذا الجزء من أوله الى آخره على الشيخة الصالحة الصينة أم الفضل كريمة بنت الشيخ الأمين/ نجم الدين عبدالوهاب بن على بن الخضر القرشية الزبيرية الأسدية صان الله قدرها باجازتها/ من الشيخ الأصيل أبى الخير محمد بن الباعنان (؟) عن الإمام [ا] بن منده بقراءة الإمام العالم الفاضل/ جمال الدين أبى العباس احمد بن ابى الفضائل ابن ابى المجد الدخميسى نفعه الله، عمر بن محمد بن منصور/ الأمينى. وهذا خطه عفا الله عنه. وصح وثبت يوم الثلثاء سابع عشر شهر ربيع الأول سنة/ ثلاث وعشرين وستمائة بمنزلها عمر بطول بقائها من درب المسك بدمشق. والحمد لله حق حمده".

(۵) ورق ۱۰/ب پر بھی سماعتیں درج ہیں سب سے پہلے یہ سماعت ہے:

"یہ پورا جز شروع سے آخر تک شیخہ صالحہ پاک باز خاتون ام الفضل کریمہ بنت شیخ امین/ نجم الدین عبدالوہاب بن علی بن خضر قرشیہ زبیر یہ اسدیہ حمان اللہ قدر ہا پر ان کی اس اجازت سے سنا گیا/ جو شیخ اجل ابوالخیر محمد بن الباعنان (؟) سے ہے وہ امام [ا] بن مندہ سے امام عالم فاضل/ جمال الدین ابوالعباس احمد بن ابوالفضائل بن ابوالمجد دخمیسی نفعہ اللہ، عمر بن منصور/ امینی کے پڑھنے سے روایت کرتے ہیں اور یہ ان کا خط ہے۔ عفا اللہ عنہ، اور بروز سہ شنبہ ۷ ماہ ربیع الاول سنہ ۶۲۳/ھ ام الفضل کریمہ کے گھر میں صحت کی گئی اور اجازت ثبت ہوئی، اللہ ان کے گھر کو جو دمشق میں درب المسک میں ہے ان کے وجود سے بہت دن آباد رکھے والحمدللہ حق حمدہ"۔

(۶) وتحته بخط أندلسي على يدالبرزالى الإشبيلى :"سمع جميع هذه الصحيفة على الشيخ الأجل المقرئ ابى عبد الله محمد بن ابى/ بكر بن محمد البلخى لسماعه فيه صاحبها السيدالأجل العالم النبيه المتقن/ ثقة المحدثين كمال الدين ابو العباس احمد بن ابى الفضائل بن ابى المجد بن الدخميسى وفقه الله واياى/ والفقهاء نجيب الدين أبو الفتح نصرالله بن ابى العز بن ابى طالب الصفار، وابو محمد عبد الواحد / بن عبد السيد بن ابى البركات الصقلى، وإبراهيم بن عبدالله بن [؟ عثمان، غسان] المازوى المغربى، /ومحمد بن يوسف بن محمد البرزالى الإشبيلى بقراء ته وهذا خطه يوم الأربعاء الثالث عشر من/شهر جمادى الآخرة سنة ثلاث

وعشرين وستمائة بزاوية ابن عروة من جامع/ دمشق حماها الله والحمدلله وحده وصلاته على نبيه محمد وسلامه".

(۶) اور اس کے نیچے اندلسی خط میں شیخ برزانی اشبیلی کے ہاتھ سے یہ لکھا ہوا ہے:

"یہ پورا صحیفہ شیخ اجل مقرئی ابو عبداللہ بن ابی / ابکر بن محمد بلخی پر پڑھ کر سنایا گیا۔ اس میں اس کے مالک سید اجل عالم نبیہ متقن / ثقۃ المحد ثین کمال الدین ابو العباس احمد بن ابی الفضائل بن ابی المجد بن دخمیسی، اللہ انہیں اور مجھے توفیق دے، کی / سماعت ہے۔ اور فقہاء نجیب الدین ابو الفتح نصر اللہ بن ابی العز بن ابی طالب الصفار، اور ابو محمد عبدالواحد، / بن عبدالسید بن ابی البرکات صقلی، اور ابراہیم بن عبداللہ بن [؟ عثمان، غسان] مازوی مغربی / اور محمد بن یوسف بن محمد یرزانی اشبیلی کی قرأت ہے اور ان کا یہ خط چہار شنبہ کے دن ۱۳ / ماہ جمادی الآخر ۶۲۳ھ کا ہے جامع / دمشق میں ابن عروہ کے زاویہ میں لکھا گیا ہے، اللہ اس شہر کی حفاظت کرے۔" والحمد للہ وحدہ وصلاتہ علی نبیہ محمد وسلامہ۔" (خدائے واحد کے لئے تمام تعریف سزاوار ہے اور اس کی رحمت اور سلام اس کے نبی محمد پر ہو)

(۷) وتحته سماع نصه: "سمع جميع هذه الصحيفة على الحافظ ابى محمد عبد القادر بن عبد الله الرهاوى نحو(؟ بحق) سماعه/ من أبى الفرج مسعود بن الحسن الصيفى عن عبد الوهاب بن محمد بن يحيى بن منده عن أبيه محمد/بقراءة اسمعيل بن ظفر النابلسي، يحيى بن [أ] بى منصور ابن [أ] بى الفتح الصيرفى فى آخرين/منهم مثبت الأسماء ابو منصور ابن [أ] بى الفضل ابن [أ]

بی محمد البغدادی وذلك فی شهر ربیع الأول سنة تسع وستمائة نقله من خطه مختصراً علی بن محمد بن عمر بن هلال الأزدی(؟) الأزدی(؟)". لعل المراد سنة ۶۲۹ أوبعدها الی ۶۶۹ فان هذا السماع بعد سماع البرزالی من سنة ۶۲۳، فلا یکون من ۶۰۹ کما فی النص. والسماع التالی من ۶۷ من نفس الشیخ الرهاوی.

(۷) اور اس کے نیچے ایک سماعت ہے، اور اس کی عبارت یہ ہے:

"یہ صحیفہ حافظ ابو محمد عبدالقادر بن عبداللہ رہاوی پر پڑھ کر سنایا گیا، ابوالفرج مسعود بن حسن صفی کی سماعت / کے مانند (؟یا کما حقہ سماعت)، وہ عبدالوہاب بن محمد بن یحییٰ بن مندہ سے روایت کرتے ہیں اور وہ اپنے باپ محمد سے / اسمٰعیل بن ظفر نابلسی، یحییٰ بن [اَ]بی منصور بن [اَ]بی الفتح صیرفی کی قرأت سے ان کے آخری لوگوں میں ابو منصور بن [اَ]بی الفضل بن [اَ]بی محمد بغدادی کے نام ہیں۔ اور یہ ماہ ربیع الاول / ۶۰۹ھ میں لکھا گیا۔ اس کو مختصر طور پر اپنے خط سے علی بن محمد بن عمر بن ہلال الازدی (؟) الازدی (؟) نے نقل کیا"۔۔۔۔ شاید ۶۲۹ یا اس کے بعد ۶۶۹ھ تک مراد ہے کیونکہ یہ سماعت ۶۲۳ھ میں برزالی کی سماعت کے بعد ہے بس ۶۰۹ھ نہیں ہو سکتا جیسا کہ اصل عبارت میں ہے اور اس کے بعد جو سماعت ہوئی ہے ۶۷ میں شیخ رہاوی کی ذات سے ہے۔

(۸) وتحته سماع وهو آخر السماعات، مانصه : "قرأت جمیع هذا الجزء علی الشیخ الامام العالم العامل مفتی المسلمین أبی زکریا

يحيى ابن/ ابى منصور بن أبى الفتح الصير فى الجراز، عرضاً بأصل سماعه من ابى محمد الرهاوى بسنده/ فسمعنى صاحبه الصدر الجليل نجم الدين أبو الحسن على بن عماد الدين محمد بن عمربن هلال/ الأزدى، وعمادالدين عبد المحسن بن محمد بن احمد بن هبة الله بن أبى جرادا(؟)، وعبدالرحمن/ ومحمد ابنا عمادالدين محمد بن عبد الغفار بن عبد الخالق الأنصارى، ومحمد بن الشيخ ابراهيم بن/ محمد القرمشك(؟) وجلال الدين ابراهيم بن اسمعيل بن مبارك الحلبى وآخرون على/ الأصل. وصح وثبت عشية يوم الاثنين سادس ذى حجة سنة سبعين وستمائة وكتب/عبدالرحمن بن خميس(؟) بن يحيى بن محمد القرشى عفا الله عنه حامداً لله ومصليا".

وبه تمت المخطوطة

(۸) اور اس کے نیچے ایک سماعت ہے اور وہ آخری سماعت ہے، اس کی عبارت یہ ہے: "میں نے اس تمام جزء کو شیخ امام عالم، عامل مفتی مسلمانان ابوزکریا یحییٰ بن/ابی منصور بن ابی الفتح صیر فی جراز کو ابو محمد رہاوی کی اصل سماعت ان کی سند سے پیش کرتے ہوئے پڑھ کر سنایا/پس مجھ کو ان کے دوست صدر جلیل نجم الدین ابوالحسن علی بن عماد الدین محمد بن عمر بن ہلال/ازدی نے پڑھتے ہوئے سنا، اور عماد الدین عبدالمحسن بن محمد بن احمد بن ہبۃ اللہ بن ابی جراد(؟) اور عبدالرحمٰن/اور محمد جو دونوں عماد الدین محمد بن عبدالغفار بن عبدالخالق انصاری کے بیٹے ہیں، اور محمد بن شیخ ابراہیم بن/محمد قرمشک(؟) اور

جلال الدین ابراہیم بن اسمٰعیل بن مبارک حلبی اور دوسرے لوگوں نے اصل / اسے سنا۔ دوشنبہ کی رات ۶ ذی حجہ ۷۰۶ھ کو تصحیح کی گئی اور ثابت ہو گی، اور / عبدالرحمٰن بن خمیس (؟) بن یحییٰ بن محمد القرشی، اللہ ان کے گناہوں کو معاف کرے، اللہ کی حمد کرتے ہوئے اور درود بھیجتے ہوئے لکھا۔"

اور اس کے ساتھ مخطوطہ ختم ہو جاتا ہے۔

مخطوطة برلين

نقل كاتب نسخة برلين ما وجد في آخر المنقول منه. وهو كمايلي: "صورة السماع:

"الحمدلله قرأت جميع هذه الصحيفة على جدى شيخ الاسلام الخطيبى الجمال ابى محمد عبدالله بن جماعة أدام الله رفعته، واجيز به عن العلامة ابى اسحاق ابراهيم بن احمد بن عبد الواحد الشافعي، إجازة عن القاسم بن محمود ابن مظفر بن عساكر، وابى نصر محمد بن محمد بن محمد ابن هبة الله بن مميل (؟ جهبل) إجازة ، قال : انا ابو الوفا محمود بن ابراهيم ابن منده إجازة إن لم يكن سماعاً، انا أبو الفرج مسعود بن الحسن الثقفى كذلك، انا ابو عمرو عبدالوهاب ابن منده بسنده أول الجزء، فسمعه سيدى والدى الخطيبى الاء مامى العالم ابو اسحق ابراهيم بن المسمع، وأخواه شرف الدين موسى وبدر الدين محمد، والأخوان: العلامة نجم الدين محمد ومحب الدين احمد، والفضلاء: زين الدين عبد الكريم بن ابى الوفا، وشمس الدين محمد بن الجمال يوسف بن الصفى، وزين الدين عبد الرحمن ابن احمد بن غازى، وعلاء الدين على بن خليل بن باقيس، وبرهان الدين ابراهيم بن القاضى تاج الدين عبد الوهاب بن قاضى الصلت، وغرس الدين خليل بن القاضى شهاب الدين احمد بن قطيبا، وعلى بن الحسن بن الوزان. والمسمع اجازهم لا فظاً. وصح

ذلك وثبت نهار الأحد خامس عشر من ربيع الأول من سنة ٨٥٦، قاله وكتبه اسمعيل بن جماعة حامدًا مصلّياً مسلماً محبلاً. وتحته بخط اغلظ منه ما صورته : صحيح ذلك كتبه عبدالله بن جماعة غفر الله له".

مخطوطۂ برلین کی سماعتیں

نسخہ برلین کے آخر میں اس کاتب کی عبارت اس طرح درج ہے:

"سماعت کی صورت:

"الحمد للہ میں نے اس تمام صحیفہ کو میرے دادا شیخ الاسلام خطیبی جمال ابو محمد عبد اللہ بن جماعہ کو پڑھ کر سنایا، اللہ ان کی رفعت کو ہمیشہ قائم رکھے اور علامہ ابو اسحاق ابراہیم بن احمد بن عبد الواحد شافعی سے اس کی اجازت حاصل کی گئی، ان کو قاسم بن محمود بن مظفر بن عساکر اور ابو نصر محمد بن محمد ہبۃ اللہ بن ممیل (؟ جھبل) کی ایک ایک اجازت حاصل ہے، انہوں نے کہا: ہم کو ابو الوفا محمود بن ابراہیم بن مندہ نے اجازت کی خبر دی اگرچہ کہ سماعت نہ ہو، ابو الفرج مسعود بن حسن ثقفی نے اسی طرح ہم کو خبر دی، ابو عمرو عبد الوہاب بن مندہ نے ہم کو ان کی سند سے پہلے جز کی خبر دی، پھر ان سے میرے سردار میرے والد خطیبی امامی عالم ابو اسحاق ابراہیم بن مسمع اور ان کے دو بھائی: شرف الدین موسیٰ و بدر الدین محمد اور دوست: علامہ نجم الدین محمد و مُحب الدین احمد اور فضلاء: زین الدین عبد الکریم بن ابی الوفاء اور شمس الدین محمد بن جمال یوسف بن صفی اور زین الدین عبد الرحمٰن بن احمد بن غازی اور علاء الدین علی بن

خلیل باقیس اور برہان الدین ابراہیم بن قاضی تاج الدین عبدالوہاب بن قاضی صلت اور غرس الدین خلیل بن قاضی شہاب الدین احمد بن قطیب اور علی بن حسن بن وزان نے سنا اور سننے والے نے ان سب کو زبان سے اجازت دی، اس کی صحت اور ثبت، اجازت یکشنبہ کی صبح ۱۵ ربیع الاول ۸۵۶ھ کو ہوئی، اسمٰعیل بن جماعہ نے اس کو [اللہ کی] حمد کرتے ہوئے اور [اس کے رسول پر] درود و سلام بھیجتے ہوئے اور حَسْبُنَا اللّٰہُ نعم الوکیل کہتے ہوئے کہا اور لکھا۔"

اور اس کے نیچے اس سے زیادہ موٹے خط سے لکھا ہوا ہے، جس کی عبارت یہ ہے: "یہ صحیح ہے کہ اس کو عبداللہ بن جماعہ غفر اللہ لہ نے لکھا۔"

باز یاد

بھول چوک سے مبرا ہونا، یا ہر چیز کا ہر وقت علم رکھنا صرف خدائے علیم کو سزاوار ہے، زیادہ نہیں، چند مہینے ہی ہوئے کتاب ہذا مؤلف کے پاس سے مطبع گئی اور اپنی دانست میں یہ سمجھ کر گئی کہ حرف آخر ہے اور کوئی تصحیح یا اضافہ فی الحال ممکن نہیں، مگر ان چند مہینوں ہی میں اتنے کچھ نئے مواد یا مسائل سے آگاہی کا موقع ملا کہ کتاب کا مقدمہ خود مؤلف کو اب طفلانہ معلوم ہو رہا ہے، علماء کی نظروں میں تو اس سے بھی اس کی کم مالیت ہوگی۔

پروف تو مؤلف دیکھ نہ سکا لیکن اسے اطلاع ملی ہے کہ کتاب پوری طرح چھپ چکی ہے، مجبوراً اس باز یاد کے ذریعے سے ناظرین کی خدمت میں چند باتیں عرض کر دی جاتی ہیں:

(الف) کتابت احادیث کا مواد کافی جامعیت کے ساتھ مسند دارمی، خطیب بغدادی کی کتاب تقیید العلم، اور رامہرمزی کی کتاب المحدث الفاصل میں ملتا ہے، میں نے ۱۹۳۲ء میں تقید العلم برلین میں پڑھی تھی۔ اب وہ دمشق میں چھپ گئی ہے اور ناشر نے اس کی حدیثوں کے اسنادات کی عمدہ جانچ پڑتال کی ہے۔ المحدث الفاصل کے مؤلف کی وفات ۳۶۰ھ کے لگ بھگ ہوئی، غالباً یہ ابھی چھپی نہیں ہے۔ میں اس کتاب سے موجودہ (۱۳۷۴ھ، ۱۹۵۴ء) قیام استنبول کے زمانہ میں واقف ہوا ہوں۔

(ب) عہد نبوی ﷺ کی لکھائی کے سلسلے میں حضرت سلمان فارسیؓ قابل ذکر ہیں، بعض ایرانی لوگ مسلمان ہوئے اور فارسی میں نماز پڑھنے کی عارضی اجازت مانگی تو حضرت سلمانؓ نے سورہ فاتحہ کا فارسی ترجمہ کر کے انہیں بھیجا تاکہ عربی عبارت حفظ ہونے تک نماز میں اسے پڑھا کریں[1]۔ اور یہ ترجمہ جناب رسالت مآب ﷺ کی اجازت سے ترجمہ کر کے بھیجا گیا[2]۔

(ج) عہدہ دار جو عہد رسالت میں کتابت کا کام انجام دیتے تھے:

مدینہ (یثرب) میں رسول کریم ﷺ کی آمد کے وقت نراج کی کیفیت تھی، رسالت مآب ﷺ نے وہاں ایک شہری وفاقی مملکت قائم کی ایک تحریری دستور مرتب فرمایا۔ دس سال کے اندر یہ مملکت بڑھتے بڑھتے دس لاکھ مربع میل پر پھیل گئی۔ عہد رسالت میں دفتری تنظیم اور شعبہ واری تقسیم عمل کا جو انتظام تھا اور حکومت کی مشنری جس کارکردگی سے حکومتی کاروبار انجام دیتی تھی اس کی تفصیل کی یہاں گنجائش نہیں صرف اتنا سا اشارہ کافی ہے کہ قرض کے وثیقے اور دستاویزات لکھنے کے لئے الگ عہدہ دار، محاصل زکوٰۃ کی آمدنی لکھنے کے لئے الگ، حجاز کی آمدنی کا تخمینہ (بجٹ، موازنہ) لکھنے کے لئے الگ، خارجہ تعلقات اور بیرونی مملکتوں کے حاکموں سے خط وکتابت، مراسلے، خطوط لکھنے کے الگ، فارسی، رومی، عبرانی، قبطی اور حبشی زبانوں

---

(۱) "روی أن الفرس كتبوا إلى سلمانؓ أن يكتب لهم الفاتحة بالفارسية، فكانوا يقرؤن ذالك فی الصلاة حتى كانت ألسنتهم للعربية" (مبسوط سرخسی جلد اول کتاب الصلاۃ ص ۳۷)

(۲) تفصیل کے لئے دیکھئے فرید وجدی کی تالیف الادلة العلمية على جواز ترجمة معانی القرآن الى اللغات الاجنبية، مطبوعہ مصر صفحہ ۵۸ بحوالہ النہایة والبدایة۔

کے خطوط کا ترجمہ کرنے کے لئے الگ اور پیشی مبارک کا کام انجام دینے کیلئے الگ الگ عہدہ دار (افسر) مقرر کئے گئے تھے، جہاں گرد سیاح اور مورخ مسعودی کی کتاب سے ایک حوالہ بے جانہ ہوگا:

"جو کاتب رسول اللہ ﷺ کے روبرو ہوتا وہی لکھتا بھی تھا۔"

"خالد بن سعید بن العاصؓ پیشی کے کاتب تھے، ہر قسم کے کام جو آں حضرت ﷺ کو پیش آتے سب میں وہی کتابت کرتے تھے۔"

"مغیرہ بن شعبہؓ اور حصین بن نمیرؓ یہ دونوں صاحب، آں حضرت ﷺ کی ضروریات لکھتے تھے۔"

"عبد اللہ بن ارقمؓ اور علاء بن عقبہؓ، یہ دونوں صاحب، قرض کے دستاویزیں، ہر قسم کے شرائط اور معاملات کے کاتب تھے۔"

"زبیر بن العوامؓ اور جُہیم بن الصلتؓ، یہ دونوں صاحب، زکوۃ کی آمدنی اور صدقات کے کاتب تھے۔"

"حذیفہ بن یمانؓ، حجاز کی آمدنی کا تخمینہ (موازنہ) لکھتے تھے۔"

"معیقب بن ابی فاطمہؓ، رسول اللہ ﷺ کے مال غنیمت کی کتابت کرتے تھے اور اسی خدمت پر آں حضرت علیہ السلام کی جانب سے مامور تھے۔"

"حضرت زید بن ثابت انصاریؓ، بادشاہوں کو (من جانب رسول اللہ ﷺ) خط لکھتے تھے اور حضور نبوی میں خطوط کا جواب دیتے تھے، ان کا یہ بھی کام تھا کہ فارسی، رومی و قبطی و حبشی زبانوں کے خطوط کا رسول اللہ ﷺ کے لئے ترجمہ کرتے، ان زبانوں کے جو لوگ اہل زبان تھے زید بن ثابتؓ نے ان ہی سے مدینہ میں یہ سب زبانیں سیکھی تھیں۔"

''حنظلہ بن ربیع ؓ، حضور نبوی میں جب ان کاتبوں میں سے کسی شعبہ کا کوئی کاتب موجود نہ ہوتا تو ان کے خاص فرائض میں یہ ان سب کی نیابت کرتے تھے اور ان کا کام آپ انجام دیتے تھے، یہ حنظلہ کاتب کے نام سے مشہور تھے......''

''شرحبیل بن حسنہ طانجی نے بھی آں حضرت علیہ الصلوٰۃ والسلام کی کتابت کی۔''

''ابان بن سعیدؓ اور علاء بن الحضرمیؓ، ان دونوں صاحبوں نے بھی کبھی کبھی پیشگاہ نبوی میں کتابت کی ہے۔''

''رسول اللہ ﷺ کی رحلت سے چند ماہ پیشتر معاویہؓ نے بھی آں حضرت صلوات اللہ علیہ کی کتابت کی تھی۔''

''رسول اللہ کے کاتبوں میں ہم نے صرف ان ہی صاحبوں کے نام لکھے ہیں جو مستقل طور سے آپ کے پاس کتابت کرتے رہے۔ اس فرض کے ادا کرنے میں مشغول تھے، ایک مدت دراز اس میں بسر کی اور ان کی کتابت کے متعلق صحیح روایتیں بھی وارد ہیں، وہ لوگ جنہوں نے فقط ایک دو تین خطوط لکھے تھے، ان کے نام نظر انداز کر دیئے کیونکہ کہ اتنی سی بات پر وہ کاتب کہلانے کے مستحق نہ تھے اور کاتبان حضرت نبوی کے ذیل میں ان کا شمار ممکن نہ تھا[۱]''۔

مورخ ابن اثیر الجزری نے بیان کیا ہے کہ ''حضرت عثمانؓ اور حضرت علیؓ بھی رسول اللہ ﷺ کی کتابت کیا کرتے تھے اور سب سے پہلے ابی بن کعبؓ نے آپ کی کتابت کا کام انجام دیا تھا[۲]''۔

(۱) مسعودی: التنبیہ والاشراف ص کاتبان حضرت نبوی ﷺ۔

(۲) ابن الاثیر الجزری: تاریخ الکامل ج ۲ ص ۱۵۱ ذکر من کان یکتب لرسول اللہ ﷺ۔

(د) حضرت کعب بن مالکؓ لکھنا پڑھنا جانتے تھے اور شاہ غسان نے انہیں ایک خط بھیجا تھا اور اپنے ہاں مدعو کیا تھا[1]۔

(ہ) مشہور صحابی حضرت حاطب بن ابی بلتعہؓ، جنہوں نے جنگ بدر میں حصہ لیا تھا، لکھنا پڑھنا جانتے تھے فتح مکہ سے کچھ پہلے کا واقعہ ہے کہ ''حضرت علی کرم اللہ وجہہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے، زبیر بن العوامؓ اور ابو مرثدؓ ہم تینوں کو جو گھوڑے سوار تھے بھیجا کہ تم روضہ خاخ نامی مقام (جو مدینہ منورہ سے بارہ میل تھا) پر جاؤ:

> فَاِنَّ فِیْهَا اِمْرَاۃٌ مَعَهَا صَحِیْفَۃٌ مِنْ حَاطَبْ بن ابی بلتعۃَ اِلٰی الْمُشْرِکِیْنَ فاتونی بها...... وَکَانَ کَتَبَ اِلٰی اَهْلِ مکۃَ بِمسیرِ رَسُوْلِ ﷺ۔
>
> وہاں ایک عورت ملے گی اس کے پاس حاطب بن ابی بلتعہ کا ایک خط ہے جو (مکہ کے) مشرکین کے نام ہے تم وہ خط اس سے لے آؤ......
> حاطب نے اہل مکہ کو لکھا تھا کہ رسول اللہ ﷺ (فوج لے کر) آنے والے ہیں۔

پیام رساں عورت گرفتار کی گئی اور خط برآمد ہوا، حاطب بن ابی بلتعہ نے اقرار کرتے ہوئے معقول وجوہ کے ساتھ اپنی برأت پیش کی اور جب حقیقت حال واضح ہو گئی تو رسول اللہ ﷺ نے عفوودرگزر سے کام لیا[2]۔

---

(۱) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو بخاری ج ۱۸ کتاب المغازی باب: حدیث کعب بن مالک نیز بخاری ج ۱۹ کتاب التفسیر، سورۃ توبہ۔

(۲) تفصیل کے لئے ملاحظہ ہو بخاری ج ۲۸ کتاب استابۃ المرتدین۔ نیز سیرۃ ابن ہشام و تاریخ طبری بر موقع۔

(و) عہد صحابہ میں حضرت ابن عمرؓ بھی ان لوگوں میں شامل ہیں جو خطوط کے جواب میں رسول اکرم ﷺ کی حدیثوں کو لکھ کر بھیجا کرتے تھے [۱]۔ اس سلسلے میں ہمارے ہم عصروں کی امام بخاریؒ نے کیا خوب چٹکی لی ہے کہ فرماتے ہیں: عن ابن عباس رضی اللہ عنہُ: انی لأریٰ لجواب الکتاب حقًّا کردِّ السّلام، [۲] خط کا جواب دینا اتنا ہی واجب ہے جتنا کسی کے سلام کا جواب دینا!

(ز) حضرت عمرؓ اور ان کی بہن فاطمہؓ، ان کے شوہر سعید بن زیدؓ اور ان کے دوست خبّاب بن الارتؓ مدنی زندگی ہی میں نہیں بلکہ رسول اللہ ﷺ کی بالکل ابتدائی مکی زندگی میں بھی لکھنا پڑھنا جانتے تھے، حضرت عمرؓ بھی مشرف بہ اسلام نہیں ہوئے تھے، ایک دن اپنی تلوار حمائل کیے ہوئے رسول اللہ ﷺ اور صحابہ کی ایک جماعت کے پاس جانے کے ارادہ سے نکلے، راستہ میں انہیں معلوم ہوا کہ ان کی بہن اور بہنوئی بھی مسلمان ہوگئے ہیں تو ان کی طرف جانے کا ارادہ کر کے لوٹے:

"عِندَ هُمَا خَبَّابُ بْنُ الاَرَتِ مَعَهُ صَحِيْفَةٌ فِيْهَا طٰهٰ يُقْرِءُ هُمَا......

ان دونوں کے پاس خبّاب بن الارت تھے اور ان کے ساتھ ایک کتاب تھی وہ ان دونوں کو پڑھا رہے تھے......

ان لوگوں نے عمرؓ کے آنے کی آہٹ سنی تو حضرت خبّابؓ مکان کے کسی حصہ یا کمرہ کے اندرونی حصے میں چھپ گئے:

وَاَخَذَتْ فَاطِمَةُ بِنْتُ الْخَطَّابِ الصَّحِيْفَة فَجَعَلَتْهَا تَحْتَ فَخْذِهَا،

---

(۱) بخاری: تاریخ کبیر، جلد رابع نمبر ۶۱۔

(۲) بخاری: تاریخ کبیر جلد رابع نمبر ۲۸۔

فاطمہ بنت الخطاب نے اس کتاب کو اپنی ران کے نیچے رکھ لیا،
حالانکہ عمرؓ جب گھر کے نزدیک آئے تھے تو انہوں نے خبابؓ کی قرأت سن لی تھی:

وَقَالَ لأُخْتِهِ: اَعْطِیْنِیْ هٰذِهِ الصَّحِیْفَةَ الَّتِیْ سَمِعْتُكُمْ تَقْرَؤُنَ آنِفاً، اَنْظُرُ مَا هٰذَا الَّذِیْ جَاءَ بِهٖ مُحَمَّدٌ ﷺ وَكَانَ عُمَرُ كَاتِباً......

اور انہوں نے اپنی بہن سے کہا: اچھا مجھے وہ کتاب دو جسے تم لوگ پڑھ رہے تھے اور میں نے ابھی ابھی تمہیں پڑھتے سنا ہے، میں بھی تو دیکھوں کہ وہ کیا چیز ہے جو محمد ﷺ لے آئے ہیں اور عمرؓ پڑھے لکھے تھے......

جب انہیں اسلام کی امید ہوئی تو کہا بھائی جان! آپ تو شرک کی نجاست میں ہیں اور اس کتاب کو پاک شخص کے سوا کوئی دوسرا چھو نہیں سکتا۔

فَقَامَ عُمَرُ فَاغْتَسَلَ فَاَعْطَتْهُ الصَّحِیْفَةَ وَفِیْهَا طٰهٰ، فَقَرَأَهَا، فَلَمَّا قَرَأَ مِنْهَا صَدْرًا قَالَ: مَا اَحْسَنَ هٰذَا الْكَلَامَ وَاَكْرَمَهٗ[1].

عمرؓ اٹھ کھڑے ہوئے اور غسل کیا اور ان کی بہن نے ان کو وہ کتاب دی اور اس میں طٰہٰ کی سورہ تھی، انہوں نے اس کو پڑھا۔ جب اس کا ابتدائی حصہ پڑھا تو کہا: یہ کلام کس قدر اچھا ہے اور کس قدر عظمت والا ہے۔

غرض حضرت عمرؓ بھی مشرف بہ اسلام ہو گئے اور رسول اللہ کے جاں نثاروں

(۱) ابن ہشام: سیرۃ سیدنا محمد رسول اللہ ج ۱ ص ۲۲۶ قصہ اسلام عمر بن الخطابؓ، مطبوعہ گوٹنجن جرمنی ۱۸۵۸ء۔

میں شامل ہوگئے اور شمع رسالت کے نور سے اپنے کو منور کرنے لگے، پھر جب مکہ سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے تو حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ "میں اور میرا انصاری پڑوسی دونوں بنو امیہ بن زید کے گاؤں میں جو مدینہ کے قرب وجوار میں تھا رہتے تھے اور ہم دونوں رسول اللہ کی خدمت میں باری باری سے آیا کرتے تھے:

فَإِذَا اَنْزَلْتُ جِئْتُهُ بِخَبَرِ ذَالِكَ الْيَوْمَ مِنَ الْوَحْىِ وَغَيْرِه، وَإِذَا اَنْزَلَ فَعَلَ مِثْلَ ذَالِكَ[1].

جس دن میں جاتا تو اس دن کی خبریں اور وحی اور دیگر باتیں آ کر اس کو بتلا دیتا اور جس دن کہ وہ جاتا تو وہ بھی ایسا ہی کرتا تھا۔

حضرت ابوبکرؓ کی رحلت کے بعد حضرت عمرؓ خلیفہ منتخب ہوئے تو صدیق اکبرؓ کی طرح فاروق اعظمؓ کو بھی مملکت کے اہم مسائل کے حل میں عہد رسالت کے طرز عمل اور عمل درآمد دریافت کرنے کی جستجو رہتی تھی اور ان ہی کی روشنی میں فیصلے صادر کرتے تھے[2]۔ اپنی خلافت کی ابتداء میں حضرت عمرؓ مجوسیوں سے جزیہ نہیں

---

(۱) بخاری ج ۱ کتاب العلم، باب التناوب فی العلم۔

(۲) اسلامی قانون کا پہلا ماخذ قرآن مجید اور دوسرا ماخذ سنت نبوی، تیسرا ماخذ، اجماع امت اور چوتھا ماخذ رائے یا قیاس (ہم صورت ہم شکل واقعات سے کسی مسئلہ کا استنباط کرنا) ہے۔

اللہ کا جو پیغام رسول کریم ﷺ کو وحی کے ذریعہ سے وصول ہوتا تھا اسے آپ فوراً ایک ترتیب سے لکھوا دیتے تھے اس کے مجموعے نے کتاب اللہ اور قرآن کا نام حاصل کیا،

قرآنی پیغام کی تشریح و توضیح اور اصلاح قوم کے سلسلہ میں ملک کے بہت سے اچھے اور معقول قدیم رواجات کو آپ نے متبعین میں برقرار رہنے دیا یہ بھی اسلامی قانون کا بہت بڑا ماخذ ہے خاص کر اس لئے بھی کہ قرآن مجید نے متعدد جگہ اس کا صراحت سے حکم دیا ہے کہ پیغمبر اسلام کا ہر قول و فعل اور ہر امر و نہی واجب التعمیل اور لائق تقلید ہے۔ یہ ظاہر ہے کہ سنت نبوی میں بھی صرف قانونی احکام ہی نہیں ہیں بلکہ دیگر قسم کے امور بھی ملیں گے، قانونی احکام کچھ تو قرآنی اجمال کی تفصیل و تکمیل پر حاوی تھے تو کچھ ملکی

لیتے تھے یہاں تک کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے اس امر کی شہادت دی کہ رسول اللہ نے ھجر کے مجوسیوں سے جزیہ لیا تھا[1]۔" مورخ بلاذری نے اس واقعہ کو

اچھے رسم و رواج کے مختلف اجزاء کو برقرار رکھنے پر مشتمل تھے، پیش ہونے والے مقدمات کے فیصلے، روزہ مرہ نظم و نسق کا تذکرہ سرکاری حکام اور افسروں کو ہدایتیں، خصوصی خطبات و اعلانات، غرض بیسیوں قسم کی چیزیں سنت میں ملتی ہیں۔

لیکن بڑا اہم سوال آئندہ کی ترقی کا ہے کہ مستقبل میں پیدا ہونے والے نامعلوم اور ان گنت نئے مسائل سے دوچار ہونے پر کیا کیا جائے؟ اس بارے میں امام ترمذیؒ وغیرہ نے پیغمبر اسلام ﷺ کی ایک حدیث متعدد ماخذوں سے روایت کی ہے کہ جب آپ نے حضرت معاذ بن جبلؓ کو سرکاری افسر بنا کر روانہ کیا تو رخصتی باریابی میں حسب ذیل گفتگو فرمائی۔

"اگر کوئی مقدمہ پیش ہو تو کس طرح فیصلہ کرو گے؟"

"جیسا کہ کتاب اللہ میں حکم ہے"

"اگر کتاب اللہ میں صراحت نہ ہو تو؟"

"تو پھر رسول اللہ کی سنت کے مطابق"

"اگر سنت رسول میں بھی نہ ملے تو؟"

"تو پھر اپنی رائے سے اجتہاد کروں گا"

"تعریف اس خدا کو سزاوار ہے جس نے اپنے رسول کے فرستادہ کو اس چیز کی توفیق دی جسے اس کا رسول پسند کرتا ہے"

یہ مکالمہ نہ تو کوئی کاغذی نظریہ بنا رہا اور نہ ہی کوئی انفرادی واقعہ تھا، اہم معاملات میں استصواب، نگرانی اور تصحیح کی ناگزیر ضرورتوں کے ساتھ ساتھ وسیع صوابدید کا حق خود جناب رسالت مآب ﷺ کی طرف سے افسران قانون کے لئے تسلیم کرلیا جانا اور ایک دوسرے موقع پر انتم اعلم بامور دنیاکم (تم لوگ اپنے دنیاوی امور کو زیادہ بہتر جانتے ہو) ارشاد فرما کر اپنے خالص جمالیاتی حکم کو منسوخ کر دینا ایک انقلابی لیکن فیصلہ کن نظیر تھی، جس کے باعث اسلامی قانون کے مستقبل نے اپنے متعلق مکمل اطمینان حاصل کرلیا (تفصیل کے لئے دیکھئے میری کتاب امام ابو حنیفہ کی تدوین قانون اسلامی)

(۱) بخاری ج ۲ کتاب الجہاد نیز مسلم و ترمذی ابواب السیر۔

ذرا تفصیل سے بیان کیا ہے چنانچہ لکھتے ہیں کہ ''مسجد نبوی میں مہاجرین کی ایک مجلس تھی جس میں حضرت عمرؓ ان کے ساتھ بیٹھ کر دنیا بھر کے معاملات پر جو ان کے پاس فیصلے کے لئے آیا کرتے تھے گفتگو کیا کرتے تھے، ایک دن انہوں نے کہا کہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ مجوسیوں کے ساتھ کیا کیا جائے (اور وہ اہل کتاب بھی نہیں)؟ عبدالرحمٰن بن عوفؓ نے کہا میں نے رسول کریم سے سنا فرمایا کہ اسی قانون کے مطابق برتاؤ کرو جو اہل کتاب کے لئے ہے[1]''۔

حضرت عثمانؓ کے عہد خلافت تک تو بے شمار لوگ تعلیم یافتہ ہو گئے اور اسلامی مملکت تین براعظموں پر پھیل گئی اور حضرت عثمانؓ نے قرآن مجید کے نسخوں کو نقل

---

(۱) فتوح البلدان بلاذری ص ۲۶، خود رسول مقبول ﷺ کو قرآن مجید میں ﴿وشاورھم فی الامر﴾ کی ہدایت ہوئی ہے، عہد نبوی میں جملہ انتظامی وسیاسی معاملات میں مشاورت پر جتنا زیادہ زور دیا جاتا تھا اس کے تذکرے سے احادیث کی کتابیں پُر ہیں، پھر قرآن ہی میں صحابہ کرام کی شان میں بیان ہوا ہے کہ ﴿اَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ﴾ (ان کے تمام کام آپس کے مشورہ سے ہوتے ہیں) ابتدائے اسلام میں مسجد نبوی عملاً پارلیمان کا کام دیتی تھی اور مجلس شورائے عام کا اجلاس وہیں منعقد ہوتا تھا۔ بعض وقت اہم معاملات میں تصفیہ کے لئے تمام لوگوں کے بجائے ان کے نمائندوں کو طلب کیا جاتا تھا، عہد رسالت میں ہوازن کے مال اور جنگی قیدیوں کی رہائی کا مسئلہ پیش آیا تو رسالت مآب ﷺ نے جلسہ عام میں لوگوں کی رائے معلوم کرنی چاہی لیکن لوگ بے شمار تھے ہر ایک کی رائے ٹھیک طور پر معلوم نہ ہو سکی:

قَالَ : اِنَّا لَانَدْرِىْ مَنْ اَذِنَ مِنْكُمْ مِمَّنْ لَمْ يَاْذَنْ. فَارْجِعُوْا حَتّٰى يَرْفَعَ اِلَيْنَا عُرَفَاؤُكُمْ اَمْرَكُمْ. فَرَجَعَ النَّاسُ، فَكَلَّمَهُمْ عُرَفَاؤُهُمْ ثُمَّ رَجَعُوْا اِلَى النَّبِيِّ ﷺ فَاَخْبَرُوْهُ اَنَّهُمْ طَيَّبُوْا وَاَذِنُوْا۔

آپ نے فرمایا: ہم کو معلوم نہیں کہ تم میں کون راضی ہے اور کون راضی نہیں۔ تم اب جاؤ اور تمہارے نمائندے (عریف) تمہارا معاملہ ہم سے بیان کریں گے۔ پھر لوگ چلے گئے پھر ان کے نمائندوں نے اپنے لوگوں سے گفتگو کی پھر ان نمائندوں نے رسول اللہ کے پاس آکر عرض کیا کہ وہ لوگ راضی ہیں اور انہوں نے اجازت دی ہے۔

کروا کر اسلامی مملکت کے گوشہ گوشہ میں روانہ کیا، اس سلسلہ میں امام بخاری نے تو ایک دلچسپ باب ہی اپنی صحیح میں قائم کیا ہے کہ "ایک ملک کے عالم دوسرے ملکوں کے عالموں کو علمی باتیں لکھ کر بھیج سکتے ہیں۔" اس سلسلے میں پہلے تو انہوں نے حضرت انسؓ کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ:

نَسَخَ عثمانُ المَصَاحفَ فَبَعَثَ بِهَا اِلَی الآفاق.

حضرت عثمانؓ نے بہت سے مصحف لکھوائے اور ان کو ملکوں میں بھجوایا۔

پھر یہ حدیث بیان کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

كَتَبَ لاَ مِيْرا لِسَرِيَّةٍ كِتَاباً .وَقَالَ: لاَ تَقْرَأْهُ حَتّٰى تَبْلُغَ مَكَانَ كَذَا وَكَذَا.فَلَمَّابَلَغَ ذَالِكَ الْمَكَانَ قَرَأَهُ عَلَى النَّاسِ وَاَخْبَرَهُمْ بِاَمْرِ النَّبِيِّ ﷺ (۱)

ایک فوج کے سردار کو ایک خط لکھا دیا اور فرمایا: اس کو پڑھنا نہیں جب تک کہ تم فلاں مقام پر نہ پہنچ جاؤ۔ پھر جب وہ اس مقام پر پہونچا تو اس نے لوگوں کو وہ خط پڑھ کر سنایا اور رسول اللہ ﷺ کا حکم ان کو بتایا۔

پھر امام بخاریؒ نے مختلف حکمرانوں کو رسول اللہ نے جو نامے مبارک روانہ کیے تھے ان کی تفصیل بیان کی ہے۔

(ح) سب سے اہم قابل ذکر امر شاید یہ ہے کہ معمرؒ کی تالیف بھی اب جامعہ انقرہ (ترکی) کے "شعبہ لسان و تاریخ و جغرافیہ" کے ذخیرہ اسماعیل صائب میں ایک

(۱) بخاری ج ۱ کتاب العلم، باب ما یذکر فی المناولة و کتاب اهل العلم بالعلم الی البلدان۔

مخطوطہ میں دستیاب ہو گئی ہے اور اس طرح راویوں ہی کا نہیں ان کی تالیفوں کا سلسلہ بھی مکمل ہو گیا ہے چنانچہ مثال کے طور پر ہماری یہ حدیثیں امام بخاریؒ کے ہاں ملتی ہیں تو اس کے ماخذ:

امام بخاریؒ: کتاب الجامع الصحیح (مطبوعہ)

از امام احمد حنبلؒ: کتاب المسند (مطبوعہ)

از عبدالرزاق بن ہمام بن نافعؒ: المصنف (مخطوطات مدینہ منورہ، یمن وترکی، ہند، وسندھ)

از معمر بن راشدؒ: صحیفۃ (مخطوطہ انقرہ)

از ہمام بن منبہؒ: صحیفۃ (یعنی کتاب ھذا)

دوسرے الفاظ میں امام بخاریؒ نے کوئی چیز من گھڑت اور جعل سازی کر کے نہیں لکھی بلکہ اسناد میں ماخذ در ماخذ کا جو سلسلہ دیا ہے وہ پورے کا پورا واقعی و حقیقی بھی ہے اور اب بتمامہ ہمارے سامنے آجانے سے ان کی صداقت کی جانچ بھی ممکن ہو گئی ہے اور یہ سب کے سب سچے ثابت ہوئے ہیں اور کس شان کے ساتھ!

اور اسی پر قلم روکتا ہوں کہ رحمھم اللہ تعالیٰ اجمعین۔ فقط

استنبول (۵ ربیع الغوث ۱۳۷۴ھ)

محمد حمید اللہ

This argeement is made the 9th day of May, 1997 between Dr. Muhammad Hamidullah (the " Author" which expression where the context so admits shall also include Centre Culturel Islamique, USA, which is the sole executor or administrator of the Author) and Mr. Rashidullah Yacoob (Publisher).

I, as beneficial owner, authorize Mr. Rashidullah Yacoob to Publish the Urdu Edition of my book titled ***Sahifah Hammam Ibn Munabbih*** (the Work).
The Publisher will be responsible for copy - editing the Work and will give the Author an opportunity to read and correct the edited script prior to type-setting.

I warrant that :
(a) I have the right to give the assignment contained in clause I above and to authorize publication of the Work;
(b) publication of the Work will not give rise to any liability on the part of the publisher.

4. The authorship of the work will be acknowledged on the title page of the publication.

5. This agreement relates to only One thousand (1000) copies of the Urdu edition of the Work and not to my works generally or to works of a particular description.

6. It is certified that the transaction affected by this Assignment does not form part of any larger transactions or a series of transactions.

7. The Publisher shall not be entitled to assign this agreement.

8. The Author shall be entitled to receive without charge twenty five copies of the Work.

9. The Author reserves his right to revoke this agreement if the Publisher fails to publish the work within One year.

10. The Author reserves his right to assign his publication rights to other publishers at all times.

The Author shall receive NO Monetary compensation because the Work will be distributed as a free gift.A new contract must be negotiated if the Publisher decides not to distribute the Work as a free gift.

(Author)

(Rashidullah Yacoob, Publisher)

(Centre Culturel Islamique, USA)